# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Wednesday, the December 11, 2024
(344th Session)
Volume X, No. 01
(Nos.01-05)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

| | |
|---|---|
| Volume X | SP.X (01)/2024 |
| No. 01 | 15 |

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ... 1
2. Panel of Presiding Officers ... 2
3. Questions and Answers ... 2
    - *Senator Danesh Kumar ... 51*
    - *UN-STARRED QUESTION AND ITS REPLY ... 55*
4. Presentation of Report of the Standing Committee on Interior regarding [The National Forensics Agency Bill, 2024] ... 56
5. Presentation of Report of the Standing Committee on Interior, regarding The Payment of Wages (Amendment) Bill, 2024] ... 57
6. Presentation of Report of the Standing Committee on Interior, regarding [The Islamabad Rent Restriction (Amendment) Bill, 2024] ... 57
7. Presentation of Report of the Standing Committee on Interior, regarding [The Provincial Motor Vehicles (Amendment) Bill, 2024] ... 57
8. Presentation of Report of the Standing Committee on Interior, regarding [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024] ... 58
9. Presentation of Report of the Standing Committee on Interior, regarding [The Factories (Amendment) Bill, 2024] ... 58
10. Presentation of report of the Standing Committee on Interior regarding [The Factories (Amendment) bill, 2024] ... 59
11. Presentation of Report of the Standing Committee on Law and Justice regarding [The Legal Aid and Justice Authority (Amendment) Bill, 2024] ... 59
12. Presentation of Report of the Standing Committee on Law and Justice regarding [The Supreme Court (Number of Judges) (Amendment) Bill, 2024] ... 59
13. Presentation of Report of the Standing Committee on Federal Education and Professional Training on a point of public importance raised by Senator Manzoor Ahmed, regarding discontinuation of allowance to the Professors, Teachers and employees of BUITEMS University, Balochistan ... 60
14. Laying of Report on the Annual Reports of the National Economic Council (NEC) for the Financial Years 2021-22 and 2022-2023 ... 60
15. Calling attention notice moved by Senator Zeeshan Khan Zada regarding increasing numbers of incidents of robberies and theft in the Islamabad Capital Territory. ... 61
    - *Senator Azam Nazeer Tarar ... 64*
16. Calling Attention Notice moved by Senator Danesh Kumar regarding absence from duty of the Customs officers posted in Customs Collectorate Gwadar Zone ... 65
17. Discussion on the recent protest by Pakistan Tehreek-i-Insaaf in Islamabad ... 71
    - *Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the Opposition ... 72*
    - *Senator Mohammad Ishaq Dar (Leader of the House) ... 81*

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Wednesday, the December 11, 2024.

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty four minutes past four in the evening with Mr. Chairman (Senator Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ
الْحَقُّ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا
بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَ
ارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

ترجمہ: تو آپ کیا یہ سمجھتے ہو کہ ہم نے آپ کو بے کار بنایا اور آپ کو ہماری طرف لوٹ کر نہیں آنا؟ تو بہت بلندی والا ہے اللہ، سچا بادشاہ، کوئی معبود نہیں سوا اس کے، عزت والے عرش کا مالک۔ اور جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے خدا کی پوجا کرے، جس کی اس کے پاس کوئی سند نہیں، تو اس کا حساب اس کے رب کے ہاں ہے، بے شک کافروں کو کوئی چھٹکارا نہیں ہے۔ اور تم عرض کرو، اے میرے رب، بخش دے اور رحم فرما اور بے شک اللہ سب سے بہترین رحم کرنے والا ہے۔

(سورۃ المومنون آیات نمبر ۱۱۵ تا ۱۱۸)

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

## Panel of Presiding Officers

Mr. Chairman: In pursuance of sub-rule (1) of rule 14 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, I nominate the following members in order of precedence to form a panel of presiding officers for 344th Session of the Senate of Pakistan:

1. Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui.
2. Senator Saleem Mandviwala.
3. Senator Manzoor Ahmed.

Former Senator Ilyas Ahmed Bilour, former MNA Syed Ali Hassan Gillani, sister of Speaker National Assembly Sardar Ayaz Sadiq, the soldiers and officers of law enforcement agencies who embraced Shahadat in various incidents of terrorism throughout the Country. The civilians killed in Parachinar and others. I request Senator Atta-ur-Rehman for fateh.

سینیٹر عطاء الرحمٰن: (عربی)---

(اس موقع پر ایوان میں فاتحہ خوانی کی گئی)

Mr. Chairman: Question hour.

## Questions and Answers

(مداخلت)

جناب چیئرمین: کس کے لیے؟ سب کے لیے دعا ہو گئی ہے۔

سینیٹر عون عباس: جناب چیئرمین! ایک چھوٹی سی چیز صرف point of order پر opposition بات کرنا چاہ رہی ہے سانحہ 26th November کے حوالے سے ہماری گزارش ہے کہ business کو تھوڑی دیر کے لیے روک دیں۔

جناب چیئرمین: اس کے بعد ہمارا business advisory میں decision ہو گیا ہے with the Leader of the Opposition and all Party leaders کہ ہم اس کے فوراً بعد---

(مداخلت)

Senator Aon Abbas: Opposition wants to talk first.

جناب چیئرمین: اس کے بعد ہم وقت دیں گے. that has been decidedاس کے اوپر motionآئے گا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: نہیں نہیں ایسے نہیں جو decisionہو گیا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ ختم کر دی جائے Leader of Opposition, Parliamentary leaderوہاں موجود تھے ابھی ہم نے دعا بھی کر دی ہے۔ جناب چیئرمین! اس طرح تو Houseنہیں چل سکتا ابھی ہم decideکر کے آئے ہیں کہ تھوڑا سا businessہے اس کو لے لیں اس کے بعد کر لیں گے۔

سینیٹر سید علی ظفر: جو سانحہ ہوا ہے اس پر ان سب کے جذبات بہت زیادہ ہیں اور میرا خیال ہے کہ جو فیصلہ ہوا ہے کہ question hourکے بعد directlyاس کو لیں otherwiseیہ سب protest modeمیں چلے جائیں گے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: Business advisoryمیں میرے باقی Parliamentary leadersبیٹھے ہیں اگر میں غلط کہہ رہا ہوں تو مجھے درست کر دیں۔ Decideیہ ہوا تھا کہ دعا کرا دی جائے گی۔ چھوٹا سا agendaہے اس کو لے لیں۔

سینیٹر منظور احمد: اس کے بعد ہم اس کے اوپر debateکر سکتے ہیں۔

Mr. Chairman: Let me repeat.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: آپ business advisoryنہ کیا کریں۔

جناب چیئرمین: میں تھوڑا سا repeatکر دوں آپ تشریف رکھیں۔ آج بہت detail میں discussionہوئی کہ Houseکتنے دن چلے گا، کون کون سے دن چلے گا اور agendaکیا ہو گا۔ آج صرف bills layہوں گے اور اس کے بعد Leader of the Oppositionسے تقریر شروع ہو گی۔

سینیٹر سید علی ظفر: اگر یہ کل تک گیا تو جائے گا۔

جناب چیئرمین: جی بالکل! Thank you.

*Question No. 107 **Senator Aon Abbas:** Will the Minister for Poverty Alleviation and Social Safety be pleased to state the measure taken/ being taken by the Government for poverty reduction in Multan Division considering 56.62% population living in rural areas and deprived of basic facilities?

**Minister for Poverty Alleviation and Social Safety**:

BENAZIR INCOME SUPPORT PROGRAMME BISP)

It is apprised that BISP provides cash assistance to poorest of the poor families across the country to support their monthly income and expenses to some extent. Beneficiaries of the programme are identified/ selected through scientific method of survey using Proxy Means Test (PMT) Methodology PMT cut-off score of 32 is used as eligibility criteria to identify vulnerable families headed by females. However, for, families with disabled persons the PMT cut-off score is relaxed upto 37. Currently, BISP is providing cash assistance to around 721,000 families belonging to Multan Division.

PAKISTAN BAIT-UL-MAL (PBM)

Pakistan Bait-ul-Mal is concerned with the institutional care and rehabilitation of the poor, vulnerable, marginalized and excluded segments of population, including poorest of the poor, infirm, invalid destitute, needy women & children to enhance their capabilities for mainstream socio-economic life and medical financial assistance through government / public hospitals.

Keeping in view, the poverty landscape of Multan Division, Pakistan Bait-ul-Mal has shown its presence in this Division and is taking several measures to eradicate poverty through its various projects/schemes. Detail of beneficiaries of Multan Division under different Pakistan Bait-ul-Mal schemes are as under:

a. **<u>INDIVIDUAL FINANCIAL ASSISTANCE</u>**

Individual Financial Assistance (IFA) is a major social protection scheme of Pakistan Bait-ul-Mal.

| Division | Project | | F.Y | No. of Benefici-aries | Disbursed Amount (Rs.) |
|---|---|---|---|---|---|
| Multan | Individual Financial Assistance (IFA) | IFA-Medical | 2022-23 | 481 | 59,420,009 |
| | | | 2023-24 | 475 | 69,943,988 |
| | | | **Total** | **956** | **129,363,997** |
| | | Cochlear Implant | 2022-23 | 1 | 1,000,000 |
| | | | 2023-24 | 24 | 25,800,000 |
| | | | **Total** | **25** | **26,800,000** |
| | | IFA-Education | 2022-23 | 292 | 8,051,293 |
| | | | 2023-24 | 353 | 9,854,064 |
| | | | **Total** | **645** | **17,905,357** |
| | | IFA-General | 2022-23 | 219 | 3,115,000 |
| | | | 2023-24 | 70 | 1,725,000 |
| | | | **Total** | **289** | **4,840,000** |
| | | IFA-SFF | 2022-23 | 290 | 7,770,000 |
| | | | 2023-24 | 327 | 1,817,500 |
| | | | **Total** | **617** | **9,587,500** |
| | | IFA-Wheel Chairs | 2022-23 | 59 | - |
| | | | 2023-24 | 40 | - |
| | | | **Total** | **99** | - |
| | | IFA-Sewing Machine | 2022-23 | 52 | - |
| | | | 2023-24 | 43 | - |
| | | | **Total** | **95** | - |

b. **<u>PAKISTAN BAIT-UL-MAL SWEET HOMES (PSH) MULTAN</u>**

The Pakistan Bait-ul-Mal Sweet Homes aims at to develop a modern institutional approach towards welfare of orphans Providing the children with modern education and realize their potential to participate in the main stream of life with pride

and dignity. However, in Multan Division, Pakistan Bait-ul-Mal is running 1 x, which is functional since July, 2010 in Multan City.

At present **93** children are residing in Pakistan Bait-ul-Mal Sweet Home, Multan wherein, they are given with boarding/education and institutional care with best available medical and education facilities in this division.

c. **ORPHANS AND WIDOWS SUPPORT PROGRAMME (OWSP)**

The "Orphans & Widows Support. Program" (OWSP) is a Conditional Cash Transfer (CCT) intervention started in FY 2020-2021. The Programme focused on orphan's education with emphasis on girls' education. The programme aims to revolutionize the care paradigm by transitioning from institutionalized care to family-based, customized support.

In pilot phase, District Multan is included in OWSP wherein, 111 families' orphans are enrolled in this Programme. So far, cash amounting to Rs.6.1 (M) have been disbursed amongst enrolled families upon successful attendance verification.

d. **PAKISTAN BAIT UL MAL, SCHOOL FOR REHABILITATION OF CHILD LABOUR (SRCL)**

Child labour is the work done by children which harms them or exploits them physically, mentally, morally or by blocking access to education, which certainly needs to be abolished. 9 SRCLs in Multan Division (Multan-3, Khaniwal-3, Vehari-2, and Lodhran-1) are imparting quality education to

almost 1080 students (556 boys & 524 girls). These students are being paid daily stipend along with parents' subsistence allowance and also provided with free Textbook, uniform, shoes, stationery, etc. Detail of the project in Multan Division is as under:

| Education Year | Passed out Students | Enrolled Students |
|---|---|---|
| 2022-23 | 265 | 975 |
| 2023-24 | 235 | 995 |

e. **PAKISTAN BAIT UL MAL, WOMEN EMPOWERMENT CENTER (WEC)**

Women Empowerment Centres (WECs) are providing free vocational training to widows, orphan & poor girls in modern professional skills like, dress designing, embroidery, Basic & Advance Computer Courses, beautician course, Tie Dye and fabric painting. 165 number of WECs have been established so far throughout Pakistan in phase manner. 05 WECs are running in Multan division at District Multan, Khanewal (City), Khanewal (Jahanian), Vehari and Lodhran. Detail of the project in Multan Division is as under:

| Financial Year | No. of Trainees | Passed-out Trainees (Calendar Year wise Data) |
|---|---|---|
| 2022-23 | 1027 | 931 (Year 2022) |
| 2023-24 | 984 | 1011 (Year 2023) |
| 2024-25 (Current Session) | 414 | Under process |

f. **PAKISTAN BAIT-UL-MAL SHELTER HOMES (PSH) MULTAN**

Pakistan Bait-ul-Mal Shelter Home, Multan started in 13th April, 2022. Pakistan Bait-ul-Mal Shelter Home is the place where deserving / needy people are provided free meal and shelter. The target groups are people faraway from homes, unemployed, laborers, daily wagers, poor and transit passengers, attendants of the patients, students or any other deserving individuals. The details of number of beneficiaries and meals given is as under:

| Province/Region | Number |
|---|---|
| South Punjab (Multan) | 1 |

So far, number of beneficiaries served from Pakistan Bait-ul-Mal Shelter Home since its inception is as under:

| | | |
|---|---|---|
| Free night stay plus breakfast provided | = | 28,465 |
| Free dinner served | = | 96,827 |
| **Total** | = | **125,292** |

g. **KHANA SAB KEY LIYE (KSKL) MULTAN**

Khana Sab Key Liye (KSKL) Multan started in 13th January, 2022 to provide free food to poor deserving beneficiaries near to their workplaces. Principle of first come first serve is being observed. From each KSKL food vehicle upto (1000) beneficiaries are provided free meal, (500 lunch and 500 dinner) on the designated routes. The details of number of beneficiaries and meals given is as under:

| Province/Region | Numbers |
|---|---|
| South Punjab (Multan) | 2 |

So far, 321,725 meals have been served through the KSKL food vehicles since its inception.

Mr. Chairman: Senator Aon Abbas. Answer taken as read. Any supplementary?

سینیٹر عون عباس: میں پہلے سوال پڑھ دیتا ہوں۔ جناب چیئرمین! میرا سوال یہ ہے کہ Poverty Alleviation and Safety جو ہماری division ہے یہ ہماری حکومت کے دور میں بنایا گیا تھا اور اس کا main کام تھا کہ غربت کے حوالے سے کام کیا جا سکے۔ Unfortunately جس وقت سے ہماری حکومت گئی ہے بشمول Pakistan Bait-ul-Mal جو کہ پاکستان کا سب سے بڑا ادارہ ہے پاکستان میں غربت کے حوالے سے اس کا ابھی تک یہ حکومت Chairman appoint نہیں کر سکی۔ Chairman Pakistan Bait-ul-Mal.

جناب چیئرمین: آپ کا سوال کیا ہے؟

سینیٹر عون عباس: جناب چیئرمین! میں سوال کی طرف ہی جا رہا ہوں آپ دو منٹ موقع دیں۔

جناب چیئرمین: میں سمجھ گیا ہوں۔

سینیٹر عون عباس: یہ بات رہ جائے گی ہم تو ایک علاقے سے ہیں please بولنے دیں۔ جناب چیئرمین! Issue یہ ہے کہ غربت کے حوالے سے میرا سوال تھا کہ حکومت نے کیا کیا اور میرے پوچھنے کی وجہ صرف یہ تھی کہ اگر یہ حکومت Chairman Pakistan Bait-ul-Mal نہیں لگا سکی اس کی وجہ ہے کہ PPP and PML (N) آپس میں لڑ رہے ہیں کہ کس Party کا Chairman appoint ہوگا۔ اگر آپس کی جنگ میں انہوں نے ان ہزاروں لوگوں کا جن cancer patients کا علاج Bait-ul-Mal سے ہونا تھا۔ اگر وہ Chairman appoint نہیں کرنا چاہ رہے تو پھر یہ ملک کس طرف جائے گا۔

میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ ہم نے جو اس وقت Pakistan health card launch کیے تھے اس حکومت نے ان کو cancel کر دیا۔ Insurance کی طرف سے payment کی گئی ہزاروں لاکھوں لوگوں کا مفت علاج ہوتا تھا۔ اس وقت تمام health cards بند کر دیے گئے ہیں۔ میرا منسٹر صاحب سے یہ سوال ہے کہ اگر آپ کو پاکستان میں غربت

نظر نہیں آتی تو پھر آپ کو غربت کہاں پر نظر آتی ہے جہاں Chairman Bait-ul-Mal بھی موجود نہیں اور health card بھی بند کر دیے گئے ہیں۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: آپ اگر یہ سوال لکھ کر دے دیتے کہ اگر زیادہ issue Chairman Bait-ul-Mal کے appoint نہ ہونے پر ہے تو کاش سوال میں یہ لکھ دیا جاتا کہ Chairman Bait-ul-Mal appoint کریں اور ایک بات میں اس ایوان کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں کہ آپ کی خواہش کے باوجود seats پر اتحادیوں میں لڑائی نہیں ہو رہی کیونکہ ہم نے بہت تحمل سے بیٹھ کر merit کے اوپر یہ ساری تقسیم کی ہے کہ جو suitable بندہ آئے گا وہ چاہے PPP سے ہے، چاہے (PML (N سے ہے، چاہے وہ ہمارے دیگر اتحادیوں میں سے ہے وہ ہی آئے گا اور یہ کوئی بانٹ والا معاملہ نہیں ہے۔ آپ ایسا کرتے رہے ہوں گے اس لیے شاید آپ کو زیادہ محسوس ہوتا ہے لہٰذا ایسی کوئی بات نہیں ہے۔

ہم نے جو جواب دیا ہے اس کو کاش میرے فاضل دوست پڑھ لیتے اس کی year wise Bait-ul-Mal سے میں شروع کر دیتا ہوں کیونکہ وہ اس سے زیادہ concerned تھے۔ 2022-2023 میں جو financial aid دی گئی وہ medical sector کے ایک component میں 481 لوگو ں کو دی گئی اور پھر 2023-24 میں بھی same number رہا 475 کے قریب total 956 ہوئے اور اس کی جو amount خرچ ہوئی وہ بھی mentioned ہے۔ Cochlear Implant ایک چیز ہے جو سماعت سے محروم بچے پیدا ہوتے ہیں اس کو ان کو تین سال کے اندر اندر لگانا ہوتا ہے تاکہ وہ سننا شروع کر دیں۔ یہ مہنگا علاج ہے تقریباً دس لاکھ کے قریب اس پر Bait-ul-Mal کی جو initial investment ہوتی ہے وہ 2022-23 میں جب ان کی حکومت تھی ایک لگایا گیا تھا اور 2023-24 میں جو حکومت ان کو پسند نہیں ہے اس نے 24 لگائے۔

جناب چیئرمین! اسی طرح IFA جو financial aid ہے education sector میں وہ 2022-23 میں 292 candidates کی گئی میں یہ ملتان کی بات کر رہا ہوں اور 2023-24 میں 353 لوگوں کی گئی۔ اسی طرح جو general تھی جن میں معذور

اور وہ لوگ بھی ہوتے ہیں2022-23 and 2023-24میں وہ figures یہاں پر entionedہیں219 and 170 ہیں۔اسی طرح SPF ہے اس کا figure بھی290 سے increase ہو کر327 پر چلا گیا ہے۔ Wheel chairs جو تھیں ان کا 59 40 and کا تناسب رہا۔ Swing machines جو 52دی گئی تھیں وہ اگلے سال43دی گئی ہیں۔

اسی طرح جو 2023 education year ہے اس میں enrolled students 975 تھے اور 2023-24میں995 enrolled students تھے۔ 2022-23میں جو trainees کے حوالے سے تھا وہ 1027 تھے اور 2023-24میں Bait-ul-Mal کے ذریعے trainees تھے وہ 984 ہوئے اور ابھی current session میں programme چل رہا ہے یہ So far. جو beneficiaries ہیں جو سارا ہے ان کے numbers میں every year اضافہ ہی ہو رہا ہے decrease نہیں ہو رہا اور اس سال میں بھی ان شاء اللہ آپ کو اضافہ ہی نظر آئے گا۔ وزیر خزانہ صاحب بیٹھے ہوئے ہیں میرے خیال میں per capita اگر دیکھا جائے اور budget کے حجم کو دیکھا جائے تو Benazir Income Support Programme کی جو allocation ہے وہ شاید region wise it is one of the largest programme اور اس کی details Multan Division کی دی گئی ہیں۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر عون عباس۔

سینیٹر عون عباس: جناب چیئرمین! میرا آج دل نہیں سوال کرنے کا کیونکہ میں آج business کے بالکل حق میں نہیں ہوں اور ان شہادتوں کے بعد PTI کا کوئی بھی رکن یقیناً اس mode میں نہیں ہے کہ ہم business چلا سکیں یا سوال پوچھ سکیں۔ منسٹر صاحب نے جواب دیا، میں تھوڑا clear کر دوں۔ جب یہ figures دے رہے تھے کہ ٹوٹل 995 لوگوں نے پاکستان بیت المال سے علاج کروایا، مجھے ایسے لگ رہا تھا کہ میں اسلام آباد کی کسی یونین کونسل کی figure لے رہا ہوں۔ ہم پورے پاکستان کی بات کر رہے ہیں کہ پورے پاکستان میں، پاکستان بیت المال نے 995 لوگوں کا ایک سال میں علاج کیا۔ چیئرمین صاحب! میں just for the sake of clarity کہوں گا اور منسٹر صاحب اس کو verify کر سکتے ہیں، ان تین سالوں میں جب پاکستان بیت

المال ہمارے پاس تھا، ایک سال میں کم و بیش دس ہزار لوگوں کا علاج بیت المال سے ہوتا تھا۔ کہاں دس ہزار اور کہاں نو سو پچانوے۔ اسی وقت جب میں نے یہ کہا کہ پاکستان ہیلتھ کارڈ بند ہو گیا ہے، صرف ملتان، بہاولپور اور ڈیرہ غازی خان، تین ڈویژنوں کے چار کروڑ لوگوں کو علاج کی مفت سہولت میسر تھی جو کہ اس حکومت نے بند کر دی ہے۔ اب یہ جو figures دے رہے ہیں، یقین مانیے یہ شرمندگی ہے۔ اس طرح کا concept ہرگز نہیں ہے کہ یہ پاکستان مسلم لیگ (ن) یا پیپلز پارٹی کا issue ہے، یہ آپ کے گھر کا issue ہے اور اس سے ہمارا کوئی لینا دینا نہیں ہے لیکن اگر آپ بیت المال کا چیئرمین نہیں لگاتے تو یہ آپ کی intention show کرتا ہے۔

چیئرمین صاحب! ہم نے اس وقت اپنے دور میں سو کے قریب پناہ گاہیں بنائی تھیں جبکہ اِس وقت پاکستان کی تمام پناہ گاہیں بند کر دی گئی ہیں۔ وہاں پر کوئی تحریک انصاف کا کارکن کھانا نہیں کھاتا تھا، وہ پناہ گاہیں کوئی ڈی۔چوک میں نہیں بنی تھیں۔ وہ پاکستان کے طول و عرض میں تھیں۔ ساری پناہ گاہیں بند کر دی گئیں کیونکہ عمران خان ان لوگوں کو جو کھانا کھلا رہا ہے، کہیں اسے political mileage نہ مل جائے۔ اگر آپ نے ہیلتھ کارڈ بھی بند کر دیے، بیت المال کا چیئرمین بھی نہیں لگایا، آپ نے بیت المال سے ہونے والا ہزاروں لوگوں کا علاج بھی بند کر دیا تو سوال یہ ہے کہ ہمیں مارنے کے علاوہ، آپ کی intention کیا ہے؟ اگر آپ غریب کو اس طرح ماریں گے تو پاکستان ترقی نہیں کر سکتا۔ Figure fudging کر کے اور یہاں بیٹھ کر، بڑے میٹھے میٹھے اور sweet جواب دینے سے فرق نہیں پڑے گا۔ آپ کی intention یہی ہے کہ پہلے دس دس ہزار لوگ بیت المال سے علاج کرواتے تھے جبکہ اب 900 لوگوں کی figure دے کر آپ کس کو بھولا بنا رہے ہیں۔

Mr. Chairman: Aon Abbas sahib, don’t make speeches. Only, ask question.

سینیٹر عون عباس: جناب! انہوں نے بھی جواب دیا۔ ان کو بھی روک دیا کریں۔ اگر کوئی (ن) لیگ یا پیپلز پارٹی کی بات کرے تو آپ ان کو بھی روک دیا کریں۔

جناب چیئرمین: آپ نے سوال کیا تھا کہ ان کی لڑائی ہو رہی ہے تو انہوں نے اس کی وضاحت کی ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! میں نے وضاحت دی ہے۔ میرے بھائی نے پھر اپنے ضمنی سوال میں ہی جواب دیا، انہوں نے کہا کہ مجھے بڑا دکھ ہے کہ بیت المال کی جانب سے 956لوگوں کا علاج ہوا ہے جبکہ یہ دس ہزار تھا۔ مجھے یہ لکھ کر clarify کردیں۔ اگر تو ملتان ڈویژن کے دس ہزار تھے تو میں ضرور اس کو دیکھوں گا۔ پھر ملتان پاکستان کا دسواں حصہ ہے، 956 یا ایک ہزار ہی ہونا تھا۔ میرے خیال میں وہ بھی اس کے جثّے سے زیادہ گیا ہے۔ میں نہیں کہتا، سارے حصے ہمارے اپنے ہیں اور وہ بھی میرا شہر ہے۔ آپ بات کرنے سے پہلے کم از کم اسے تھوڑا examine تو کرلیں۔ دس ہزار اگر پورے پاکستان میں گیا ہے تو صرف ملتان ڈویژن کا آپ نے سوال میں جواب مانگا ہے۔ ہم نے گستاخی کی ہے، آپ کو ملتان ڈویژن کا بتایا ہے کہ 956 ہیں۔ اب دس ہزار کی تقسیم کرتے رہیں، میرے پاس اس سے بہتر جواب نہیں۔

جناب چیئرمین: آپ نے سوال کرنا ہے۔ اگر اس کا سوال ہے تو کریں۔

سینیٹر جان محمد: جس کا جواب نہیں آرہا ہے، واقعتاً یہ ایک بہت بڑا issue ہے کہ اتنی مدت سے ایم۔ڈی کیوں نہیں لگ رہا۔ اس سے عام لوگ متاثر ہورہے ہیں۔ یہ بات تو genuine ہے، یہ ہم سب سے متعلق ہے۔

جناب چیئرمین: منسٹر انچارج۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: دیکھیں جی، حکومت مارچ کے mid میں قائم ہوئی۔ اس کے بعد business allocate ہوا۔ As far as I recall, process was initiated لیکن اس طرح کے عہدوں کے لیے you need suitable people جو کہ اس مشن کے ساتھ آئیں۔ یہ تھوڑا بہت اختیار، قانون کے تحت حکومت کا یا اس کے متعلقہ محکمے کا بھی ہوتا ہے۔ اس کا ایک process موجود ہے۔ اگر یہ سوال کرلیا جاتا کہ ایم۔ڈی بیت المال کب مقرر کیا جائے گا تو میں آپ کو ضرور جواب دیتا۔ I will convey your concerns to the concerned Ministry اور ان شاء اللہ العزیز، جلد از جلد یہ ہو جائے گا۔

Mr. Chairman: I want to make an announcement. This House welcomes the 28th participants of the 10th National Parliamentary Development Course (NPDC) who are sitting in the visitors' gallery.

*(Desk thumping)*

Mr. Chairman: The House acknowledges the presence of former Senator Keshoo Bai in the gallery.

*(Desk thumping)*

Mr. Chairman: Senator Anusha Rahman Ahmad Khan.

*Question No. 1 **Senator Anusha Rahman Ahmad Khan:** Will the Minister Incharge of the Establishment Division be pleased to provide the details of officers from retired civil/bureaucracy currently heading statutory organizations, public entities, SOEs, Section 42 Companies and regulatory bodies?

**Mr. Ahad Khan Cheema**: As per the information provided by the Ministries/Divisions, the detail of officers from retired civil bureaucracy who have been appointed as head of any statutory organization, public entity, SOE, Section 42 Company or regulatory body is as under:

**National Heritage & Culture Division:**

| Name | Designation | Organization | Scale |
|---|---|---|---|
| Prof. Dr. Muhammad Saleem Mazhar | Director General | National Language Promotion Department, Islamabad (NLPD) | MP-I |
| Mr. Muhammad Ayoub Jamali | Director General | Pakistan National Council of the Arts, Islamabad. (PNCA) | MP-I |

**Ministry of Foreign Affairs**

| Name | Designation | Organization | Scale |
|---|---|---|---|
| Ambassador Sohail Mahmood | Director General | Institute of Strategic Studies Islamabad | MP-I |
| Ambassador Jauhar Saleem | President | Institute of Regional Studies | MP-I |

**Ministry of Information and Broadcasting**

| Name | Designation | Organization | Scale |
|---|---|---|---|
| Mr. Shoaib Ahmed Siddiqui | Chief Information Commissioner | Pakistan Information Commission | MP-I |

**Cabinet Division:**

| Name | Designation | Organization | Scale |
|---|---|---|---|
| Mr. Mushtaq Sukhera | Chairman | National Anti-Money Laundering and Counter-Financing of Terrorism Authority (NAML-CFTA) | MP-I |
| Mr. Waseem Mukhtar Chairman | Chairman | National Electric Power Regulatory Authority (NEPRA) | MP-I |

**Ministry of Human Rights:**

| Name | Designation | Organization | Scale |
|---|---|---|---|
| Ms. Rabiya Javeri Agha, | Chairperson | National Commission for Human Rights (NCHR), Islamabad | Pay Package of Justice of High Court |

**Establishment Division:**

| Name | Designation | Organization | Scale |
|---|---|---|---|
| Dr. Ijaz Munir | Rector | National School of Public Policy | Appointed for a period of four years under Section 9 (2) (a) of the NSPP Ordinance, 2002. |

جناب چیئرمین: سینیٹر سعدیہ عباسی صاحبہ! اس کے بعد آپ کا question لے لیتا ہوں کیونکہ یہ ذرا ترتیب میں غلطی تھی۔ سینیٹر انوشہ! آپ ضمنی سوال پوچھیں۔

سینیٹر انوشہ رحمان احمد خان: جناب چیئرمین! میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ جب ہم retired officials, retired bureaucrats کو lead positions میں لگاتے ہیں، وہ already اپنی age گزار چکے ہوتے ہیں جو کہ ریٹائرمنٹ کی age ہوتی ہے۔ کیا یہ ممکن ہے یا کیا یہ سوچ موجود ہے کہ ہم retired officials کو بورڈ آف گورنرز کے اوپر لے جائیں اور یہ جو اداروں میں positions خالی ہوتی ہیں، ان پر ہم young blood کو ایک opportunity دیں۔ ایک تو ہمارے پاس ویسے ہی jobs نہیں ہیں لیکن اگر ہم صرف retired لوگوں کو ہی آگے لے کر آتے رہیں گے تو یہ جو جوان خون ہے یا جو پرائیویٹ سیکٹر کے لوگ ہیں، ان کو جگہ کون دے گا۔ کیا حکومتی حلقوں میں اس طرح کی سوچ موجود ہے؟

جناب چیئرمین: منسٹر انچارج۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جی اس کا جواب بھی دیا گیا ہے۔ بہت ساری statutory organizations ہیں جن کی تعداد درجنوں میں ہے جو مختلف fields میں کام کر رہے ہیں۔

سوال کے مطابق جو جواب تھا، اس میں ایسی 9 کے قریب جگہیں ہیں جہاں پر ایسے لوگ کام کررہے ہیں۔ میں صرف ان میں سے ایک مثال دینا چاہوں گا۔ ہمارے ہاں جو نیشنل کمیشن برائے ہیومن رائٹس ہے، اس کی selection, transparent طریقے سے ہوتی ہے۔ اسی پارلیمان نے وہ قانون بنایا ہے، وہ ایک independent commission ہے جس کا حکومت سے کوئی لینا دینا نہیں ہے اور وہ appointment حکومت نہیں کرتی۔ اس کے لیے اخبار میں اشتہار دیا جاتا ہے، لوگ apply کرتے ہیں اور تمام short-listed نام لیڈر آف دی اپوزیشن اور وزیر اعظم صاحب کو بھیجے جاتے ہیں۔ ان میں سے تین تین ناموں کا ایک panel بنایا جاتا ہے۔ اس مقصد کے لیے پارلیمانی کمیٹی بنتی ہے جس کے آٹھ اراکین ہوتے ہیں، چار اپوزیشن سے جبکہ چار حکومتی بینچوں سے۔ وہ consensus کے ساتھ appointment کرتے ہیں۔

یہاں ربیعہ جویری آغا صاحبہ کا نام لکھا ہوا ہے۔ She retired as Federal Secretary. پارلیمان نے انہیں نیشنل کمیشن برائے ہیومن رائٹس کے لیے select کیا۔ انہوں نے پچھلے دو سالوں میں جو کام کیا، اس کام کے نتیجے میں جو UN کا ہمارا جو larger network ہے GANHRI کے نام سے، وہ کمیشنز کو accredit کرتے ہیں اور اس کی marking کرتے ہیں۔ اس پورے ریجن میں پہلی مرتبہ اگر A-Status کسی کو ملا ہے تو وہ نیشنل کمیشن فار ہیومن رائٹس، پاکستان ہے۔ یہ دو ماہ پہلے کی بات ہے۔ ان کے بالکل independent indicators ہوتے ہیں۔ ان کی محنت کی وجہ سے یہ ممکن ہوا۔

ضروری نہیں ہوتا کہ سارے ریٹائرڈ سول سرونٹس سے کام نہ لیا جائے۔ جو اہل ہوں، جو کام کرنے کے قابل ہوں، جن میں جذبہ ہو، تجربے کے ساتھ جب آپ کا مشن اس کام کے لیے شامل ہو جاتا ہے تو بڑے اچھے نتائج بھی آتے ہیں۔ چونکہ میں منسٹری آف ہیومن رائٹس کو دیکھتا ہوں، یہ نام پڑھا تو میں نے یہ ذکر کردیا ہے۔ بہرکیف یہ سارے لوگ ایک competitive process کے ذریعے آتے ہیں۔ اس کے لیے selection boards ہیں، committees ہیں۔ کئی مرتبہ پارلیمان میں بھی یہ appointments ہوتی ہیں۔ للذا، میرے خیال میں اگر کوئی میرٹ پر آتا ہے اور کام ٹھیک کرتا ہے تو اس کا یہ disadvantage

نہیں ہونا چاہیے کہ وہ ساٹھ سال کی عمر میں ریٹائر ہوگیا ہے، اب اسے گھر بیٹھ کر کچھ اور سوچنا چاہیے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر دنیش کمار۔

سینیٹر دنیش کمار: بہت شکریہ۔ محترم انوشہ رحمان صاحبہ نے بہت اچھا question کیا ہے۔ ہم نے دیکھا ہے کہ جو ریٹائرڈ افسران یا سیکرٹری صاحبان ہوتے ہیں، وہ کوشش کرتے ہیں کہ کسی بورڈ کے ممبر بن جائیں۔ منسٹر صاحب سے میرا پہلا سوال یہ ہے کہ یہ جو بورڈز ہوتے ہیں، سیکشن 42 کی companies ہوتی ہیں، سرکاری کاروباری یا regulatory ادارے ہوتے ہیں، کارپوریشن، کیا اس میں parliamentarians بھی سربراہ بن سکتے ہیں۔ میرا پہلا سوال یہ ہے۔ میرا دوسرا سوال یہ ہے کہ یہ تقریباً nine positions ہیں جن پر ریٹائرڈ افسران تعینات ہیں تو کیا ان میں سے کسی کا تعلق بلوچستان سے ہے؟ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: جناب وزیر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: معزز رکن کا سوال آگیا ہے، میں ان تک پہنچا دیتا ہوں۔ یقیناً ہوں گے، یہ ممکن نہیں ہے کہ نہ ہوں۔ اور بھی ہوں گے لیکن میں بالکل check کروا دیتا ہوں۔ جہاں تک میں دیکھ سکتا ہوں، مجھے سندھ سے بھی نظر آرہے ہیں، پھر اور جمالی صاحب ہیں، شعیب صدیقی صاحب ہیں، اس طرح کے نام اس میں موجود ہیں لیکن میں آپ کے specific سوال کی تفصیل لے کر دے دوں گا۔

جہاں تک parliamentarians کی بات ہے تو دو چیزیں ہیں۔ جہاں پر MP-1 کے اندر تنخواہ لینی ہے جو کہ ماہانہ چھ سات لاکھ روپے بنتے ہیں تو آپ نہیں بن سکتے کیونکہ parliamentarian سرکاری نوکری نہیں کرسکتا۔ آئین پاکستان میں لکھا ہے۔ ہاں، جو Boards ہیں، جن میں آپ honorary کام کرتے ہیں، اس میں کچھ exceptions ہیں۔ جو ہماری نئی legislation amended Elections Act, 2023 ہے، اس میں کچھ room create کیا گیا تھا کہ آپ الیکشن لڑنے کے لیے disqualification میں consider نہ ہوں۔ شاہد نبی اور بیگم عابدہ حسین کے cases کی وجہ سے issues تھے۔ اس کو streamline کرنے کے لیے کیا گیا۔ جواب ہے کہ جہاں پر آپ کو تنخواہ ملے گی وہاں پر آپ

parliamentarian نہیں بنیں گے کیونکہ آئین آپ کو روکتا ہے کہ آپ اور کوئی ملازمت نہیں کر سکتے۔

Mr. Chairman: Question No. 108, Senator Saadia Abbasi Sahiba. I am sorry.

سینیٹر سعدیہ عباسی: انوشہ رحمٰن صاحبہ کے سوال پر میں نے ضمنی سوال کرنا تھا۔ جناب! تین ضمنی سوال نہیں ہوئے۔

جناب چیئرمین: ابھی اپنا سوال لے لیں۔

سینیٹر سعدیہ عباسی: جناب! ان کے سوال پر ابھی دو ضمنی سوال رہتے ہیں۔

جناب چیئرمین: چلیں کر لیں۔

سینیٹر سعدیہ عباسی: جناب! ان کے سوال پر ان کی contention بالکل صحیح ہے کہ کیا retired civil servants کو ہی ان اداروں کو head کرنا چاہیے۔ ان forums پر اور لوگوں کو بھی موقع ملنا چاہیے کہ وہ بھی participate کر سکیں، وہ بھی public service میں ایک role ادا کر سکیں۔ ان کا سوال بالکل صحیح تھا۔ یہ کہہ دینا کہ somebody is very competent تو ابھی legislation ہوئی ہے اور فوجیوں کی extensions کر دی گئی ہیں۔ اسی طرح ججوں کو extensions دی گئی ہیں تو سول ملازمین کی بھی کر دی جائیں، اس میں کیا حرج ہے۔ If they are so competent, so able and they are delivering so well, so why not? اور بھی لوگوں کو ان organizations کو head کرنے کا موقع ملنا چاہیے۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Minister Sahib.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں وضاحت کر دوں کہ ایسی کوئی legislation نہیں ہوئی جس کے ذریعے کسی جج یا کسی فوجی افسر کو extension دی گئی ہے۔ ہاں، Army Act, Air Force Act اور Naval Act میں کچھ ترامیم ہوئی ہیں، جن کی وجہ سے tenure کو fix کیا گیا ہے۔ میں اس impression کو دور کرنا چاہوں گا کہ کوئی extension کسی قانون سازی کے ذریعے دی گئی ہے اور نہ ہی کسی قانون سازی کے ذریعے اعلیٰ عدالتوں یا ماتحت عدالتوں کے کسی جج کو extension دی گئی ہے۔ آپ نے جو بات کہی وہ بات درست ہے کہ بطور

right ان کی appointments نہیں ہوتیں، ہونی بھی نہیں چاہییں، merit based
appointments ہونی چاہییں اور ہوتی بھی ہیں۔ جیسے میں نے کہاکہ ایک
competitive process ہے، اگر اس میں سے گزر کر کوئی بندہ اپنی اہلیت کی بنیاد پر
appoint ہو جاتا ہے تو میرے خیال میں نہ ہمیں قانون اور نہ آئین اجازت دیتا ہے کہ اس سے
discriminate کیا جائے کیونکہ آپ retired civil servant ہیں، آپ کی
appointment نہیں ہو سکتی۔

Mr. Chairman: Question No. 108, Saadia Abbasi Sahiba.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: I have given three questions. It is sufficient. No, not now. Question No. 108, Saadia Abbasi Sahiba.

*Question No. 108 **Senator Saadia Abbasi:** Will the Minister for Information Technology and Telecommunications be pleased to state:

(a) the details of current members of the Board of Directors of PTCL indicating also the salaries, allowances and other perks and privileges admissible to them; and

(b) whether Government servant can be appointed as member Board of Directors of PTCL, if so, the details of relevant provision of law / rule in this regard?

**Ms. Shaza Fatima Khawaja**: (a) As per clause 4.3, 4.5 and 4.6 of the shareholder agreement between Government of Pakistan and the Etisalat International Pakistan (Strategic Investor) and the Article 62.4 of PTCL's Article of Association, a majority of the Directors of Board shall be nominees of the Strategic Investor, such

that, as from April 12, 2006, the Federal Government shall be entitled to nominate 4 Directors (including the Chairman) to the Board and the Strategic Investor shall be entitled to appoint 5 Directors to the Board. For the avoidance of doubt, the appointment of the Chairman by the Federal Government shall form part of its entitlement of 4 Directors. Further details of Members of Board are placed at Annex-A.

The details of perks/privileges/meeting fee of BoD, PTCL are placed at Annex-B.

(b) Yes, Government servant as per shareholder agreement between Government of Pakistan and Etisalat International Pakistan (Strategic partner) can be appointed as Member of PTCL Board. It is pertinent to mention that Finance Division vide O.M dated 10th July, 2024 has circulated that Government servants appointed to the Board of Companies/Organizations and entitled to fee shall be allowed to retain remuneration to maximum of 01.00 million rupees in a financial year and any amount in excess to 01.00 million rupees shall be liable to be deposited by the officer in the Government treasury and record thereof shall be promptly provided to the administration wing of the respective Ministry. The copy of the said O.M is placed as per Annex-C.

**Annex-A**

| Name of Director<br><br>(Nominees of the Federal Government) | Date of appointment |
|---|---|
| Mr. Azfar Manzoor | August 22, 2024 |
| Mr. Ahad Khan Cheema | October 11, 2022 |
| Mr. Imdad Ullah Bosal | July 04, 2023 |
| Mr. Jawad Paul | December 13, 2023 |

| EIP's Directors<br><br>(Nominees of Strategic Partners) | Date of appointment |
|---|---|
| Mr. Abdulrahim A. Al Nooryani | Reappointment Date<br>October 31, 2021 |
| Dr. Mohamed Karim Bennis | Reappointment Date<br>October 31, 2021 |
| Mr. Khaled Hegazy | May 14, 2024 |
| Mr. Khalid Murshed | June 12, 2023 |
| Ms. Brooke Marie Lindsay | May 30, 2023 |

**Annex-B**

| | |
|---|---|
| Remuneration/Meeting's Fee | PTCL Board of Directors resolved in its 157th Meeting held on September 7, 2011, as follows;<br><br>a. A fee amount equivalent to USD 8000/- for the Chairman per meeting attended.<br>b. A fee amount equivalent to USD 5000/- for each Director (excluding the Chairman) per meeting attended.<br>c. A fee amount equivalent to USD 1000/- for each member of the Board's Committee.<br>d. Monthly Honorarium of Rs.25000/- for Chairman PTCL Board in addition to Meeting's fee. |

**Annex-C**

GOVERNMENT OF PAKISTAN
***FINANCE DIVISION***
(Regulations Wing)
>>><<<

F .No.2(1)R-4/2004-Pt Islamabad, the 10th July, 2024

**OFFICE MEMORANDUM**

Subject: **RESTRICTION ON THE REMUNERATION RECEIVED BY GOVERNMENT OFFICERS FROM BOARD MEETING**

The undersigned is directed to refer to Cabinet decision No. 172/21/2024 dated 12.06.2024 and to say that the government servants appointed to the Board of Companies/Organizations and who become entitled to fee shall only be allowed to retain remuneration to a maximum of Rs. 1.0 million (Rupees one million only) in a financial year. Any amount in access of Rs. 1.0 million (Rupees one million only) so received shall be deposited by the officer in the government treasury and record of the same shall be promptly provided to the administration wing of the respective Ministry/Division.

2. The above orders shall be implemented with immediate effect.

(Hafsa Majeed)
Section Officer (R-4)

**All Federal Ministries/Divisions/Departments**

**Copy to** ***Web Administrator, Finance Division,*** *and Islamabad (for uploading at* ***Finance Division Website*** *i.e. www.finance.gov.pk).*

Mr. Chairman: Any Supplementary?

Senator Saadia Abbasi: Mr. Chairman, my question relates to the Board of Directors of Pakistan Telecommunication Company Limited (PTCL).

میں نے یہ پوچھا تھا کہ ان کی perks and privileges کیا ہیں اور کون کون ممبرز ہیں۔ اس جواب میں سامنے آیا ہے کہ چیئرمین کو 8,000 dollars ملتے ہیں، ڈائریکٹر کو 5,000 dollars ملتے ہیں اور کمیٹی ممبر کو 1,000 dollars دیے جاتے ہیں۔ PTCL کی privatization پاکستان کا ایک بہت ہی controversial عمل تھا۔ بہرحال، وہ پاکستان

میں اتناprofit بنا رہے ہیں کہ وہ اس طرح کی تنخواہیں دے سکیں لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے اور اس کاایکaspect یہ ہے کہ اس پر آپ کیruling چاہیے ہو گی۔

پہلے میں اس کی بات کر لیتی ہوں۔ یہاں لکھا ہوا ہے کہ Mr. Ahad Khan Cheema is a Member of the Board of Directors of the PTCL. Mr. Ahad Khan Cheema is a Member of Parliament. تو آپ کی ruling یہ چاہیے ہو گی کہ اگر ایک رکن پارلیمنٹ اس کا ممبر ہو سکتا ہے تو باقی sectors, Board of Directors of the companies پر پھر ان سب ممبرز کا حق ہے، ان کو بھی موقع دیا جائے کہ وہ بھی ان Boards کے members بنیں۔ صرف ایک شخص کے لیے تو یہ نہیں ہونا چاہیے۔ یہ صاحب 2 Boards کے member ہیں، Member, Board of Directors of PARCO بھی ہیں۔ جناب ! اس پر آپ کی ruling چاہیے،.the law is not very clear آپ کے جو predecessor تھے، ان کے پاس لوگ گئے تھے، ان کو انہوں نے کہا تھا کہ ہمیں Board of Directors میں رکھا جائے تو انہوں نے کہا کہ اجازت نہیں ہے۔ آپ کی ruling چاہیے، I am not clear that what is the law in this لیکن جناب! پھر تمام اراکین کے لیے ہونا چاہیے اور اگر تمام اراکین کے لیے ہو گا تو یہاں پر مختلف پارٹیاں ہیں، ان کی نمائندگی ہے، پھر اسی تناسب سے یہ posts دی جائیں گی۔

جناب! دوسری بات یہ ہے کہ تین Federal Secretaries of the Government of Pakistan, اس Board of Directors میں Members ہیں۔ تینوں بہت قابل افسر ہیں۔ ان کی integrity اور competence پر کسی کو بھی شک نہیں ہے۔.Mr. Azfar Manzoor is Secretary, PTCL مجھے نہیں سمجھ آئی کہ روایت کب ڈالی گئی اور یہ practice کب شروع کی گئی کہ متعلقہ وزارت کے سیکرٹری کو Chairman of the Board of Directors بنایا جاتا ہے۔ Sir, the Secretaries make policies. They put up summaries and they brief the Prime Minister on what the policies of the Government of Pakistan are. They are the senior

Boards اگر وہ جاکر most officers of the concerned ministries. میں بیٹھیں گے and they receive some kind of benefit whether in the form of use of a car, whether in the form of an airline ticket, whether in the form of any kind of remuneration تو جناب! ان کا role متنازعہ بن جاتا ہے، متنازعہ اس لیے بن جاتا ہے کہ ایک طرف حکومت پاکستان کی policies کو protect کرنے کے لیے، ان کو آگے بڑھانے کے لیے ان کا role ہے، دوسری طرف وہ ان Boards میں جاکر بیٹھتے ہیں۔۔۔

(اس موقع پر ایوان میں اذانِ مغرب سنائی دی)

جناب چیئرمین: آپ اس کو elaborate بھی کریں اور سوال پر focus کریں۔ پھر اس پر وہ ترتیب نہیں رہتی۔ جو نماز کے لیے جانا چاہیں، وہ چلے جائیں۔

سینیٹر سعدیہ عباسی: جناب! اس سوال میں بہت سارے questions about ethics, propriety and accountability ہیں، they give rights to that. میں یہ چاہتی ہوں کہ اس سوال کو کمیٹی کو refer کیا جائے اور وہاں پر اس پر سیر حاصل discussion ہو۔ آج یہاں پر متعلقہ وزیر بھی موجود نہیں ہیں۔ سوال یہ اٹھتا ہے کہ حکومت پاکستان کے تین senior most Secretaries of the most important Ministries of the Government of Pakistan اس Board میں موجود ہیں۔ اس Board سے ان کو کوئی نہ کوئی benefit ملتا ہے چاہے وہ سالانہ one million rupees کا بھی ہو، یہ بھی clarification آچکی ہے کہ سرکاری ملازم باقی پیسے deposit کر دیتے ہیں۔ تو ان کو وہاں appoint کرنے کی ضرورت کیا ہے، after all, Pakistan is a big country اور اس میں بہت سارے لوگ ہیں۔ who are competent in the field of IT. جو appointee ہو سکتے ہیں, by the Government, یہ prerogative Government کا ہے، اس لیے یہ سوچنا چاہیے کہ یہ جو practices چل رہی ہیں کیا یہ صحیح ہیں یا نہیں؟

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، آپ نے سوال کر لیا ہے۔

سینیٹر ایمل ولی خان: پوچھنا یہ تھا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ! بورڈ ہی ہے یا نہیں؟ بس یہی پوچھنا تھا، باقی آپ جو بحث کر رہے ہیں اچھی کر رہے ہیں ۔ لیکن ہمارا صرف ایک supplementary question, is PCB a board or no?

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: پی سی بی بورڈ ہی ہے۔ سوال ہے PTCL کے بارے میں Pakistan Tele-communication جو ہمارا ٹیلی فون چلاتا ہے۔ محترمہ سینیٹر سعدیہ عباسی نے اس کو highlight کرکے ٹھیک کیا کہ اس میں problems کیا ہیں لیکن پہلی بات جو انہوں نے آخر میں کہی کہ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف صاحب نے Cabinet meeting میں چند ماہ پہلے اس معاملے کو take-up کیا تھا اور انہوں نے کابینہ سے یہ طے کروا دیا اور ہم نے unanimously یہ فیصلہ کرکے لاگو کر دیا ہے اور اس وقت حکومتی پالیسی یہ ہے جو کبھی بھی نہیں رہی کہ جو سرکاری آفیسر کسی بورڈ پر جائے گا اس کو جو Honorarium ملے گا جیسے اس کے case میں پانچ ہزار ڈالر ہیں، اس وجہ سے ہیں کہ یہ کمپنی میں 2006 میں نجکاری کے نتیجے میں Etisalat جو ہمارے برادر اسلامی ملک سے کمپنی آئی تھی انہوں نے foreign investment کی، وہ اس میں stake holders ہیں، ان کے shares ہیں اور اس agreement کے تحت میں اس پر comment نہیں کروں گا وہ 2006 میں ہوا تھا۔ اس وقت جو حکومت تھی اس پر تنقید بھی ہوئی، اس حوالے سے جائز یا غلط اس میں نہیں جاؤں گا، وہ آج کا سوال نہیں ہے۔

انہوں نے یہ determine کیا ہے اور وہ Dollar terms میں دیتے ہیں اور پانچ ہزار ڈالر اس کا اعزازیہ ہے۔ لیکن اور بھی کئی ایسے بوڈز ہیں جن میں اعزازیہ زیادہ ہیں تو حکومت نے یہ فیصلہ کر دیا کہ جب کوئی Parliamentarian یا سرکاری عہدے دار جائے گا اس کی ceiling 10 lac سال کی کر دی تاکہ صرف جو ان کے travel expenses ہیں وہ ہو جائیں باقی amount جو ہے انہوں نے وہ سرکاری خزانے میں جمع کروانی ہے اور وہ Treasury میں جمع ہوتی ہے۔ اس دن وزیر خزانہ صاحب پارلیمنٹ کے کمیٹی روم میں بیٹھے ہوئے تھے اور میٹنگ ہوئی تھی، اس پر بڑی سیر حاصل گفتگو ہوئی تھی۔ جن لوگوں نے کہا کہ یہ کیوں ہے

دیکھیں سرکاری عہدے داران یہ ایک strategic organization بھی ہے یہ جو آپ کا Telecommunication کا سارا نظام ہے۔ اس میں کئی ایسی وجوہات ہیں جن کی وجہ سے سرکار اس میں آج بھی share holder ہے اور ان کے زیادہ تعداد میں shares ہیں تو یہ سرکار کی ذمہ داری ہے کہ اس کے اثاثوں کی دیکھ بھال اور جب خاص طور پر اس میں partnership ہے ایک کمپنی کی تو اپنا safe guard کرنے کے لیے interest حکومت کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ responsible لوگوں پر مشتمل بورڈ تشکیل دے۔ جب سرکار نے یہ کہہ دیا کہ آپ کو اس سے زیادہ جو بھی آنا ہے وہ سرکاری خزانے میں آپ نے جمع کروانا ہے۔ تو میرے خیال میں کوئی compromised ہونا یا conflict of interest آنا یا اس کی وجہ سے کچھ رائے change ہونا یہ ممکن نہیں رہتا اور سرکاری بورڈز کے اوپر جہاں SOE's ہیں وزیر خزانہ صاحب ایک کمیٹی بھی ہیڈ کر رہے ہیں۔

ہم نے ہی اپنے دور حکومت میں 2023 میں SOE's State Owned Enterprises Act 2023 متعارف کروایا تھا۔ اس میں یہ پابند کیا گیا ہے کہ Independent Directors بھی ہر بورڈ میں ہوں گے اور آج کل جو head hunting process ہے وہ کسی اور سوال کے جواب میں میں آپ کے سامنے رکھوں گا اس کو ایک Ministerial Committee بھی دیکھتی ہے اور پھر اس کی ایک Larger Committee بیٹھتی ہے اور تمام جو نام آتے ہیں اس میں پول میں ایک ایک نام discuss کرکے ان کے تعیناتی کی جاتی ہے ان بورڈز پر تاکہ boards efficiently کام کریں۔ پیچھے کافی تنقید ہوئی کچھ بورڈز پر professionals کو رکھا گیا اور political appointments کیوں نہیں کی گئی تو اس کو وزیراعظم نے بھی defend کیا انہوں نے کہا کہ اگر آپ معیشت کا پہیہ چلانا چاہتے ہیں، کاروبار چلانا چاہتے ہیں تو اس کے لیے یہ سارا mix بہت ضروری ہے تو یہ وجہ ہے اس organization کی جو ہیت ہے یا جو اس کی special nature ہے، importance کی وجہ سے اس پر Seniors Bureaucrats کو بھیجا گیا ہے لیکن وہ اعزازیہ نہیں لیتے جو لیتے ہیں وہ سرکاری خزانے میں جمع ہو جاتا ہے۔

جناب چیئرمین: محسن عزیز صاحب آخری سوال۔

سینیٹر محسن عزیز: شکریہ جناب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: آپ بات کر رہے ہیں کسی اور بورڈ کی، یہ وہ بورڈ ہے کہ جو Parliamentarian اس میں گیا ہے، پہلی بات کہ تنخواہ والی نوکری آپ نہیں کر سکتے لیکن آپ بورڈ پر آ سکتے ہیں۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب! میرا mic on ہے۔ میں اس کے بعد نماز کی۔۔۔

جناب چیئرمین: میں نماز کے لیے پندرہ منٹ کی بریک دے رہا ہوں۔

سینیٹر محسن عزیز: میرا سوال یہ ہے کہ، دیکھیں میرا mic on ہے، مجھے پلیز بات کرنے دیں۔ ہر ایک اپنی ٹرن پر کرے، جی یہ میری ٹرن ہے، جناب! میرا سوال یہ ہے۔

جناب چیئرمین: ہم بریک دے رہے ہیں۔

سینیٹر محسن عزیز: میرا سوال یہ ہے کہ میں supplementary question کرنا چاہ رہا ہوں۔

Mr. Chairman: Break for 15 minutes for namaz.

نماز کے لیے وقفہ لے لیں۔

-------------------

*[The House was adjourned for Maghrib Prayer for 15 minutes]*

-------------------

(وقفے کے بعد اجلاس جناب پریذائیڈنگ آفیسر (سینیٹر عرفان الحق صدیقی) صاحب کی زیر صدارت دوبارہ شروع ہوا)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس سوال کا سپلیمنٹری ہے؟ جی دنیش کمار صاحب۔

سینیٹر دنیش کمار: تارڑ صاحب آ جائیں اجلاس شروع ہو گیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وزیر صاحب تشریف لائیں، دنیش کمار صاحب میدان میں ہیں آپ جلدی سے کھڑے ہو جائیں۔

سینیٹر دنیش کمار: شکریہ جناب چیئرمین! وزیر صاحب آپ نے تھوڑی دیر پہلے ہمیں ایک معلومات دی کہ parliamentarian کسی بورڈ کا ممبر نہیں بن سکتا اگر وہاں پر کوئی مراعات

مل رہی ہیں، اسی طرح سے کچھ ہے۔ مجھے یہ بتائیں کہ PTCLکے Board میں سینیٹر احد خان چیمہ صاحب شامل ہیں اور ساتھ میں PARCOکے بھی ممبر ہیں۔ کیا یہ policyان پر لاگو نہیں ہوتی؟ یہ میرا پہلا سوال ہے۔

جناب والا! میرا دوسرا معصومانہ سوال ہے کہ چیئرمین کو آٹھ ہزار ڈالر per visit/meeting ملتے ہیں یہ کوئی سالانہ نہیں ہیں۔ آپ نے کہا ہے کہ ہم نے bound کیا ہوا ہے کہ دس لاکھ تک ہوگا تو واپس کریں گے اور ممبرز کو پانچ ہزار ڈالر per meeting دیے جاتے ہیں جس میں governmentکے members اور دوسرے members بھی ہیں، وہ پابند نہیں ہیں کہ وہ واپس کریں۔ جناب والا! آٹھ ہزار ڈالر پاکستانی بائیس لاکھ روپے صرف ایک meetingکے بنتے ہیں اور ہم parliamentarians کی تنخواہ کیا ہے، آپ کو پتا ہے؟ سترہ لاکھ روپے سالانہ بنتے ہیں اور بیوروکریٹس کو صرف ایک meetingکے بائیس لاکھ روپے ملتے ہیں۔ یہ ہمارے لیے تو باعث پشیمانی ہے، یہ شرم کی بات ہے۔

جناب! میرا سوال ہے کہ آپ اس پر کوئی response دیں گے؟ ہمیں بتائیں کہ ان کو اس قدر کیوں مراعات ہیں اور ہم اس طرح سے بے قصور اور بے بس کیوں بیٹھے ہوئے ہیں؟

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! اگر آپ اجازت دیں تو میں one by one کرلوں؟ دنیش کمار صاحب نے سوال کیا کہ کیا parliamentarian کسی Boardکی meetingکے لیے جاسکتا ہے؟ میرے سوال کا جواب پہلے بھی یہی تھا کہ ہاں جاسکتا ہے لیکن وہاں پر کوئی ایسا تنخواہ کا معاملہ نہ ہو کہ کوئی .fixed salary, number one جیسے MP-I ہیں یا اور بھی grades ہیں۔ آپ تنخواہ دار ملازم نہیں بن سکتے، Boardمیں جاکر آپ اعزازیہ لے سکتے ہیں لیکن اس اعزازیے پر بھی قدغن لگادی گئی کہ وہ دس لاکھ روپے سالانہ سے چاہے آپ جتنے boardsمیں بھی ہوں۔ ایک boardمیں ہیں یا دو boardsمیں ہیں، دس لاکھ روپے سالانہ سے زیادہ نہیں ہے وہ بھی سفر کے خرچ کی مد میں ہے کہ meetingsمیں جانا ہے اور آپ نے ٹھہرنا ہے اور جہاز کی ٹکٹ لینی ہے اس سے اوپر والی رقم آپ سرکاری خزانے میں دوبارہ جمع کروائیں گے۔ سرکاری افسران کے لیے بھی یہی قانون ہے اور parliamentariansکے لیے بھی یہی قانون ہے۔ یہ policy موجودہ حکومت نے July-2024 میں نافذ کی تھی کیوں

کہ جب ہمارے notice میں آیا کہ یہ معاملات ہیں۔ اب آپ نے کہا کہ یہ پانچ ہزار اور آٹھ ہزار ڈالر کیوں ہیں؟

میں نے عرض کیا تھا جب 2006 میں جب ایک دوست ملک کی company کو اس کے shares دیے گئے تو انہوں نے اس کی management کے حوالے سے اس agreement میں بہت ساری چیزیں لکھی تھیں اور اس کے Board of Directors میں ان کی اکثریت کا بھی ذکر تھا۔ اب یہ decision انہوں نے کیا ہے۔ یہ international company ہے اور PTCL اب multinational company بن گئی ہے۔ تو اب Board کی اکثریت اُن کی ہے۔ اس کا فیصلہ وہ کرتے ہیں، البتہ جو اضافی رقم ہے وہ حکومت پاکستان کو ہی واپس آجاتی ہے، کسی کی جیب میں نہیں جاتی۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر محسن عزیز صاحب۔

سینیٹر محسن عزیز: میرا بھی سوال actually یہی تھا کہ ایک زمانے میں میں State bank کے Board کا ممبر تھا۔ تو دس ہزار روپے honorarium تھا اور وہ ہم لیتے تھے۔ اس کے بعد جب میں PPL کے Board کا ممبر بنا تو وہاں انہوں نے پانچ لاکھ روپے per meeting رکھا تھا۔ I refused to take it because I said that I am not a full time employee. میں ایک honorarium ضرور لوں گا جو کہ پانچ یا دس ہزار روپے ہے لیکن پانچ لاکھ روپے کا مطلب ہے کہ I am your employee. As I do not work for your company, میری اپنی company ہے۔

تو دیکھیں، یہ جو بات ہوتی ہے, it is not only this board, آپ SSGCL کو دیکھیں، OGDC کو دیکھیں، PPL کو دیکھیں، SNGPL کو دیکھیں، so on and so forth, ان تمام companies کی Board meetings کی payment پانچ لاکھ سے دس لاکھ روپے per meeting ہے and they can have even two meetings in one month. You see to the point, now my point is کہ اس کو regulate کرنے کی ضرورت ہے۔ Most of these companies are in losses. اگر losses میں ہیں بھی یا نہیں ہیں، وہ دیکھنا بھی چاہیے

لیکن ان کی authority Board ہے اور وہ خود ہی اپنی salary مقرر کر رہا ہے اور خود ہی لے رہا ہے۔

میں آپ کو یہ واقعہ اس لیے سنا رہا ہوں کہ when I refused to take it in PPL, the whole Board came to me کہ آپ ایسا کیوں کر رہے ہیں۔ میں نے کہا کہ میں ایسا نہیں کرنا چاہتا۔ میرے سے زیادہ پائے کے لوگ وہاں موجود تھے but they were interested in the salary. So, the point is اس کو regulate کرنے کی ضرورت ہے۔ جس کی بھی حکومت ہے اس کو چاہیے کہ اس کو regulate کرے۔

It should be an honorarium and not a salary because you are not a permanent employee of that company.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی اعظم صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اس کی میں وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔ جس company کی بات ہو رہی ہے، یعنی PTCL کی، اس کے Share Transfer Agreement کے بعد ان کی اپنی financial independence ہے۔ حکومت اس کو regulate نہیں کر سکتی۔ ہم صرف یہ کر سکتے ہیں کہ ہم جو اپنے نمائندے اس company کے Board میں بھیجتے ہیں اور میں نے پہلے بھی عرض کیا کہ اس کی strategic اہمیت کے پیش نظر senior government officials کو وہاں پر بھیجا گیا۔ ان پر یہ پابندی ہے کہ وہ وہاں سے dollar terms پر لیتے ہیں اور وہ واپس آ کر سرکاری خزانے میں جمع کرا دیتے ہیں۔ تو ایک طرح سے indirectly government kitty میں ایک company سے نکل کر پیسہ آ رہا ہے، جا نہیں رہا۔ تو یہی میں نے وضاحت کی تھی اور یہ لوگ سرکار کی service کر رہے ہیں against a minimal amount, that is ten lac rupees throughout the year. یعنی بارہ مہینے میں ایک Board پر ہوں، دو پر یا تین پر ہوں۔۔۔

**(مداخلت)**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جی جناب میں نے جو explanation دی ہے کہ جو PTCL کا Etisalat کے ساتھ agreement تھا اس میں majority Board members انہوں نے لے لیے۔ اب جب majority Board members ان کے پاس ہیں تو

decisions وہ کرتے ہیں کہ ہم نے ان کو پانچ ہزار ڈالر دینا ہے یا آٹھ ہزار یا دس ہزار ڈالر دینا ہے۔ It's not government decision.

اگر آپ دیکھ لیں تو اس Board میں we are in minority تو میں یہ explain کرنے کی کوشش کر رہا ہوں کہ یہ ہمارا اختیار نہیں ہے۔ ہم نے آپ کے سامنے حقائق رکھ دیے ہیں۔ ہم نے جو اس میں safety barrier لگایا ہے وہ یہ کر دیا ہے اگر آپ سرکار سے تعلق رکھتے ہیں اور اگر اس amount سے زیادہ پیسے جائیں گے تو وہ سرکاری خزانے میں جمع ہوں گے۔

Mr. Presiding officer: This House welcomes the twenty-one students and faculty members of Ghulam Ishaq khan Institute of Engineering Science and Technology, who are sitting in visitors' gallery.

*(Desk thumping)*

Mr. Presiding Officer: Ms. Palwasha, we have already three questions.

سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان: صرف ایک statement ہے۔ میں IT Committee کی چیئرپرسن ہوں۔

Mr. Presiding Officer: Is it a supplementary question?

Senator Palwasha Mohammad Zai Khan: No sir, I just want to make a statement on this because I am the Chairperson of the IT Committee and I have some knowledge which I want to share with the House.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بولیں۔

سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان: جناب میں IT Committee کی چیئرپرسن ہوں۔ چند ماہ پہلے یہ مسئلہ ہمارے پاس آیا۔ ہم نے پوچھا اور ministry نے ہمیں بتایا کہ یہ Etisalat کی recommendation ہے اور یہ ان کی choice ہے۔ تو ہمیں بھی as a Committee اس کا غلط جواب دیا گیا۔ میں آپ سے request کرتی ہوں کہ اس question کو آپ ہمیں کمیٹی میں بھیج دیں تاکہ ہم اس پر deliberate کر سکیں۔

(مداخلت)

سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان: نہیں، کس طرح کمیٹی کو غلط brief کیا گیا۔ جناب Ministry Committee کو غلط brief نہیں کر سکتی ہے۔ تارڑ صاحب، میری عرض سن لیں۔ کیا ministry ہمیں غلط اطلاع دے سکتی ہے؟ اس میں کیا اعتراض ہے۔ اس میں چھپانے والی تو کوئی بات نہیں ہے، آپ اسے کمیٹی میں بھیجیں، میں تیار ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پلوشہ! آپ کی جو relevant Committee ہے، اس میں آپ اپنے طور پر اس کو put کریں اور discuss کر لیں، کوئی آپ کو روک نہیں سکتا۔

سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان: جناب میں اس کو on record لانا چاہتی ہوں کہ ہمیں غلط مطلع کیا گیا ہے یعنی Senate of Pakistan کی Committee کو غلط اطلاع دینا صحیح نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ اس کو اپنی کمیٹی میں take up کریں۔ جی سینیٹر عون عباس صاحب۔

*Question No. 109 **Senator Aon Abbas:** Will the Minister for Climate Change and Environmental Coordination be pleased to state the details of plantation drives conducted by the Government since April, 2022 indicating also the areas, targets set and achieved in the same along-with the status of 10 Billion tree Tsunami project?

**Minister for Climate Change and Environmental Coordination**: Nationwide plantations are carried out every year in two seasons i.e. Spring and Monsoon Tree Plantation Campaigns. Details of plantation drives since April 2022 indicating the areas, targets set and achievements are enclosed as (**Annex-A, B & C).** On aggregate total plantation target since April 2022 till to date was 1.248 billion, whereas total achievements were 0.851 billion.

Every year, the plantation drives are launched by the Government of Pakistan under the Upscaling of Green Pakistan Programme (formerly the Ten Billion Tree Tsunami Programme) through the Provincial/Territorial Forest Departments. The plantation campaigns are formally inaugurated by the federal and provincial governments and also at the divisional/district levels by the respective authorities where all segments of society are involved.

Since April 2022 (Spring 2022), 498.10 million plants have been planted/regenerated/distributed on 8178 sites against the target of 909.01 million plants across the country. However, since inception of the programme, 2212 million plants have been planted/ regenerated/distributed till June 2024 against the total target of 3296 million plants:

Province/territory wise summary of achievement against the set targets is attached as Annex-D.

The first phase of the Programme concluded in June 2023. The programme was granted one-year no-cost extension, first until June 2024 and then until June 2025. Due to national and international recognition of the programme, along with recommendations from the independent Third Party Monitoring Consortium, it has been decided to extend the programme for the next four years (2024-2028). The CDWP has already recommended the extension of the programme for the final approval by ECNEC.

The scope of the programme has been broadened in the revised phase by including carbon financing

mechanism through facilitation of carbon projects development, scientific assessment of natural resources, livelihood creation for local communities and overall biodiversity conservation in addition to the original objectives of plantation, regeneration and plants distribution.

**Annex-A**

## Targets and Achievements in Year 2022

(Plants in Million)

| S.No. | Province | Plantation / Regeneration / Distribution Progress and Targets | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | Spring 2022 Targets | Spring 2022 Achievement | Monsoon 2022 Targets | Monsoon 2022 Achievements | Total Targets 2022 | Total Achievements 2022 |
| 1 | KP | 194 | 150.92 | 24.8 | 12.84 | 218.8 | 163.76 |
| 2 | Punjab | 74 | 64.51 | 40 | 33.15 | 114 | 97.66 |
| 3 | Sindh | 140 | 133.09 | 214.61 | 110.9 | 354.61 | 243.99 |
| 4 | Balochistan | 13.5 | 4.44 | 4 | 0.66 | 17.5 | 5.1 |
| 5 | AJK | 98.757 | 26.42 | 13.364 | 9.56 | 112.121 | 35.98 |
| 6 | GB | 20.642 | 7.44 | 7 | 14.68 | 27.642 | 22.12 |
| | Total | **540.899** | **386.82** | **303.78** | **181.79** | **844.79** | **568.61** |

**Annex-B**

## Targets and Achievements in Year 2023

**(Plants in Million)**

| S.No. | Province | Plantation / Regeneration / Distribution Progress and Targets | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | Spring 2023Targets | Spring 2023 Achievement | Monsoon 2023 Targets | Monsoon 2023 Achievements | Total Targets 2023 | Total Achievements 2023 |
| 1 | KP | 93 | 44.25 | 10.18 | 10.68 | 103.18 | 54.93 |
| 2 | Punjab | 30 | 28.082 | 11 | 14.62 | 41 | 42.702 |
| 3 | Sindh | 58.88 | 34.89 | 31.48 | 21.4 | 90.36 | 56.29 |
| 4 | Balochistan | 7 | 4.75 | 2 | 1.06 | 9 | 5.81 |
| 5 | AJK | 24.62 | 6.87 | 6.73 | 3.3 | 31.35 | 10.17 |
| 6 | GB | 27.02 | 27.19 | 8.28 | 0.36 | 35.3 | 27.55 |
| **Total** | | **239.52** | **146.032** | **69.67** | **51.42** | **309.19** | **197.452** |

**Annex-C**

## Targets and Achievements in Year 2024

**(Plants in Million)**

| S.No. | Province | Plantation / Regeneration / Distribution Progress and Targets | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | Spring 2024Targets | Spring 2024 Achievement | Monsoon 2024 Targets | Monsoon 2024 Achievements | Total Targets 2024 | Total Achievements 2024 |
| 1 | KP | 5.71 | 4.01 | 5.73 | ongoing | 11.44 | 4.01 |
| 2 | Punjab | 14.1 | 16.651 | 7 | ongoing | 21.1 | 16.651 |
| 3 | Sindh | 11.72 | 45.482 | 20 | ongoing | 31.72 | 45.482 |
| 4 | Balochistan | 3 | 1.628 | 2 | ongoing | 5 | 1.628 |
| 5 | AJK | 11.85 | 10.751 | 5.3 | ongoing | 17.15 | 10.751 |
| 6 | GB | 8 | 7.064 | 0.3 | ongoing | 8.3 | 7.064 |
| **Total** | | **54.38** | **85.58** | **40.33** | | **94.71** | **85.58** |

Annex-D

**Physical Progress of Plantations / Natural Regeneration /Plants Distribution under Forestry Component, Upscaling of Green Pakistan Programme (FY 2019-20 to 2023-24)**

(No. of Plants in Million)

| Province / Territory | Physical Targets as per PC-1 (2019-23) | Physical Progress (Plantations /Nat. Regeneration / Plants' Distribution) | | | | | Total No. of Plants (2019-24) | Progress in Percent |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | 2019-20 | 2020-21 | 2021-22 | 2022-23 | 2023-24 | | |
| Punjab | 466 | 58.00 | 97.13 | 124.34 | 50.00 | 31.25 | 360.72 | 77% |
| Sindh | 1,000 | 188.57 | 225.41 | 320.84 | 76.82 | 40.85 | 852.49 | 85% |
| Khyber Pakhtunkhwa | 1,000 | 168.93 | 218.85 | 255.42 | 52.38 | 14.71 | 710.29 | 71% |
| Balochistan | 100 | 3.35 | 2.72 | 6.45 | 5.22 | 4.10 | 21.84 | 22% |
| Azad Jammu & Kashmir | 560 | 68.48 | 33.57 | 37.68 | 22.15 | 10.97 | 172.86 | 31% |
| Gilgit Baltistan | 170 | 4.70 | 17.69 | 21.73 | 25.93 | 23.90 | 93.95 | 55% |
| **Total** | **3,296** | **492.03** | **595.37** | **766.47** | **232.50** | **125.77** | **2,212.14** | **67%** |

Mr. Presiding Officer: Any supplementary?

سینیٹر عون عباس: 109 ہے جناب۔ اجازت ہے جناب۔ ویسے آج بولنے کا دل نہیں ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آج business لینے کا ہمارا ارادہ نہیں تھا لیکن ہماری leadership نے فیصلہ کیا ہے کہ آج چھبیس نومبر کے حوالے سے speeches ہونی ہیں اور یقین کریں کہ جو چھبیس نومبر کے معاملات تھے ان شہدا کی ماؤں کی چیخ و پکار اتنی تھی کہ آج سوال کرنے کا دل ہی نہیں کر رہا۔

**(مداخلت)**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر عون عباس صاحب۔ میں بہت humbly request کر رہا ہوں۔۔۔

سینیٹر عون عباس: تارڑ صاحب میں سوال کی طرف جا رہا ہوں۔ اس میں اتنی پریشانی والی کیا بات ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تارڑ صاحب! میں handle کر رہا ہوں۔ عون صاحب اس پر honourable Leader of the Opposition کی موجودگی میں، Leader of the House کی موجودگی میں، دیگر پارلیمانی پارٹی لیڈران کی موجودگی میں بڑی سیر حاصل بحث ہوئی ہے۔ As soon as this question hour is over, ہمارا پانچ یا دس منٹ کا agenda ہے۔ Then honourable Leader of the Opposition will open the House on this issue. اس لیے آپ صرف اپنے سوال تک محدود رہیں۔

سینیٹر عون عباس: میں وہیں جا رہا ہوں۔ جناب! issue یہ ہے جب ہماری تین سال کی government تھی، تو اس وقت ہمارا ten billion tree tsunami کا target تھا ۔ الحمد للہ! 2013 سے 2015 کے درمیان عمران خان کی government میں ہم نے دس ارب درخت لگائے۔ 2018 سے 2021 کے درمیان بھی ہم نے تقریباً چھ یا ساڑھے چھ ارب کے درمیان درخت لگائے ۔ پورے پاکستان میں چھ فیصد تک ہم نے forest cover کیا تھا۔ Electric Vehicle کی policy...

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ اپنے سوال پر آئیں۔

سینیٹر عون عباس: جناب! آپ مجھے سوال کرنے دیں گے یا نہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سوال، سوال، سوال۔

سینیٹر عون عباس: صدیقی صاحب! اگر آپ اس طرح کریں گے تو کیسے چلے گا۔ میں پہلے سوال سمجھاؤں گا تو پھر سوال کروں گا نا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میرا خیال ہے وہ اتنے سمجھدار ہیں کہ آپ کا سوال سمجھ جائیں گے۔

سینیٹر عون عباس: وہ اتنے سمجھدار نہیں ہیں، ان کو صرف ایک ہی چیز آتی ہے جو میں آپ کو بعد میں بتاؤں گا۔ جناب آپ سن لیں۔ ہم نے چھ فیصد تک forest cover کو کیا، Electric Vehicle policy بھی دے دی، معاملات ایسے چلتے رہے۔ ابھی پچھلے دنوں لاہور میں ہم نے دیکھا کہ وہاں پر fog کے حوالے سے ایک ڈرامہ کیا گیا اور smog کی وجہ سے پورے لاہور کو lock down کر دیا گیا۔ یقین کریں، میں اس بات پر حیران ہوں کہ جب ایک government ایک

zig zag policy بھی trend set کرکے جارہی تھی کہ وہ درخت بھی لگارہی تھی، بھٹوں کو zig zag policy بھی ہم نے دے دی، Electric Vehicle policy بھی دی، solar پر policy دے دی۔ آپ کو ہم سے نفرت ہے، اس کی تو سمجھ آتی ہے۔ آپ کو عمران خان سے نفرت ہے، اس کی بھی سمجھ آتی ہے لیکن آپ کو ہماری policies سے نفرت کیسے ہو سکتی ہے۔

اس وقت ان دو سالوں میں اس حکومت نے درخت لگانے کے حوالے سے جو target set کیا ہے، although ان کا focus صرف تحریک انصاف اور عمران خان رہ گیا ہے، ان دو سالوں میں درخت لگانے کے حوالے سے میں نے ان سے پوچھا کہ کتنے درخت لگائے گئے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا کہ پچاسی کروڑ درخت لگائے ہیں۔ میں شرط لگانے کے لیے تیار ہوں کہ اعظم تارڑ صاحب کی ایک تصویر بھی دکھادیں کہ انہوں نے زندگی میں کبھی درخت لگایا ہو۔

اس حکومت نے پچاسی کروڑ درخت لگائے۔ میرا اب سوال آرہا ہے۔ اس حکومت نے دو سالوں میں جو پچاسی کروڑ کی figure دی ہے وہ verifiable نہیں ہے اور سب سے زیادہ افسوس اس پر ہے کہ بلوچستان پورے پاکستان کے پچاس فیصد land area کا حامل ہے، پنجاب کا target بیس کروڑ، سندھ کا target پینتیس کروڑ، KP کا target پندرہ کروڑ اور آپ ذرا guess کریں کہ بلوچستان کا درختوں کا target کتنا ہوگا، صرف پچاس لاکھ اور اس میں سے لگے کتنے ہیں، دس لاکھ۔ یعنی کہ وہ صوبہ جس کا رقبہ پاکستان کا پچاس فیصد ہے، اس میں آپ کا target صرف پچاس لاکھ ہے۔ اگر وہ بھی پورا لگا دیتے تو کیا جاتا تھا۔ جہاں آپ نے اس صوبے کے ساتھ یہ زیادتی کی ہے وہاں پر آپ نے درختوں پر بھی ان کے ساتھ یہ biasness کی ہے۔ میرے سوال کا جواب اگر شیری رحمان صاحبہ دیتیں تو بہتر تھا ورنہ تارڑ صاحب تو ہر چیز پر lollipop ہی دے دیتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ایک تو عون عباس سے سخت لہجے میں بات کرنے کا دل نہیں کرتا۔ ان کے لہجے میں سختی ہے تو میں کہتا ہوں کہ کہیں زیادہ شعلے نہ بھڑک اُٹھیں۔ عون عباس صاحب، I am a son of soil اور آسان لفظوں میں بتادوں کہ میں چناب (پنجابی میں بات کی گئی) جی بالکل دیں۔ اس لیے اس طرح کے challenges نہ کیا کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وہ اردو پر آ گئے ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں دریا کے کنارے پر رہنے والا ہوں، مجھے درختوں سے بڑی محبت ہے اور ہمیں درخت سیلاب اور کٹاؤ سے بچاتے ہیں۔ جناب! میں اپنے بھائی کی طرح کوئی political statement نہیں دوں گا۔ میں صرف یہ عرض کروں گا کہ یہ جو figures دیے گئے ہیں۔ میں کم از کم یہ بات on record کر سکتا ہوں کہ 2022 سے لے کر آج تک نیب نے درخت لگانے کے کسی project کی cognizance نہیں لی۔ میں اس سے زیادہ کچھ نہیں کہوں گا۔

جناب! دوسری بات ہے کہ ان figures کو controvert کرنا ہے تو figures کے ساتھ ہونا چاہیے اور مفروضے پر نہیں ہونی چاہیے۔ یہ numbers آئے ہوئے ہیں کہ 1.248 billion کا ہدف تھا، بڑی خوش دلی سے سرکار مان رہی ہے کہ کوشش کے باوجود 85 کروڑ درخت لگا سکے تھے اور 120 کروڑ نہیں لگا سکے یعنی کہ 40 کروڑ کا difference آ گیا تھا۔ میں جو آخری بات کرنا چاہتا ہوں کہ میرے فاضل دوست نے کہا، policies change کر دی گئیں اور solarisation پر پیشرفت ہی ہوئی ہے اور اس کو halt or stall نہیں کیا گیا۔ میرے Cabinet Members بیٹھے ہوئے ہیں۔ وزیراعظم پاکستان کا یہ vision ہے کہ انہوں نے ہمیں یہاں تک کہا ہے کہ ہمارے پرانے fossil fuel سے چلنے والے units ہیں، وہ کہتے ہیں کہ ہم ان کی one time hit لے لیں، ہم انہیں اٹھا کر سمندر میں پھینک دیں۔ ہمیں renewable energy and green energy کی طرف جانا چاہیے اور یہی ہمارا future ہے۔

جناب! EV Policy میں بھی بہتریاں آئی ہیں، اس کمیٹی کے members بیٹھے ہوئے ہیں۔ آپ نے zigzag کا کہا کہ جو بھٹوں اور brick kilns کی zigzag تھیں۔ معذرت کے ساتھ کہوں گا کہ وہ نہ آپ کی حکومت کا ہے، نہ میری حکومت کا ہے اور وہ عوام کے لیے ہے۔ وہ policy حکماً لاہور ہائی کورٹ نے enforce کروائی تھی، جسٹس شاہد کریم صاحب کا جو گرین بنچ ہے اس نے کرائی ہے۔ اس کے علاوہ باقی صوبوں میں اس پر کام نہیں ہوا۔ کچھ حقائق ہیں، ہم ان سے

ادھر ادھر نہیں جانا چاہیے۔ یہ facts and figures ہیں، میں نے جو آپ کے سامنے رکھ دیے ہیں۔ آپ کا بہت شکریہ۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب وزیر صاحب! آپ Annex-D میں دیکھیں، اس میں لکھا ہوا ہے کہ .physical progress of plantation جس طرح جناب نے کہا کہ son of soil ہیں، دریا کے کنارے پر رہتے ہیں۔ مجھے بھی فخر ہے کہ میں بلوچستان کا سپوت ہوں۔ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب توجہ کریں کہ total numbers of plants 2212 million میں دیکھیں تو دو ارب اکیس کروڑ درخت لگائے گئے۔ ان میں سے 360 کروڑ کا target پنجاب میں تھا، سندھ کے لیے 852 کروڑ کا target تھا، خیبر پختونخوا کا 710 کروڑ کا target تھا، آزاد جموں و کشمیر کے لیے 172 کروڑ کا target تھا، گلگت بلتستان کے لیے 9 کروڑ کا target تھا اور انہوں نے بلوچستان کے لیے 2 کروڑ کا target رکھا۔ بلوچستان آدھا پاکستان ہے، اس کے لیے 2 کروڑ کا target رکھا تھا اور وہاں پر سب سے کم progress ہوئی ہے کیونکہ وہاں پر 2 کروڑ میں سے کل 50 لاکھ درخت لگے ہیں۔ 2 ارب میں سے total 67% overall ہے اور بلوچستان میں صرف 50 لاکھ درخت لگے۔ بلوچستان میں total 22% ہیں یعنی کل 50 لاکھ درخت لگے ہیں جو آدھا پاکستان ہے۔

جناب! میں بھی اس گناہ میں برابر کا شریک ہوں، میں نے بھی ان billion tree میں جا کر میرے خیال میں کوئی 2000 پودوں کو پانی دیا تھا جبکہ اب میں نے جا کر دیکھا تو وہاں پر ان پودوں کا نام و نشان ہی نہیں ہے۔ میرا وزیر صاحب سے سوال ہے کہ اتنے اربوں کھربوں کے project کا نام و نشان نہیں ہے۔ آپ آج کل GPS سے خلاء سے دیکھ سکتے ہیں کہ ایک سال پہلے کیا position تھی اور اب کیا position ہے۔ ایک بہت بڑا فراڈ ہوا ہے، میں کہتا ہوں کہ ایک کرپشن کی غضب ناک کہانی ہے، آپ اس پر کیا کریں گے؟

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میرے بھائی سینیٹر عون عباس صاحب نے کہنا تھا کہ آپ نے بات کو موڑ دیا ہے۔ یہ جو billion tree tsunami تھا، یہ matter انہی کی اپنی حکومت کا تھا جب آپ خود حکومت میں ہوتے ہیں تو یہ exception ہوتی ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: نہیں جناب NAB کی بات کر رہا ہوں، اس کی investigation اس پر کھلیں۔ یہ بات record کی بات ہے، میں اس لیے اس کو کرنا چاہتا ہوں۔ سینیٹر دنیش کمار نے صحیح کہا کہ بلوچستان کا نمبر زیادہ ہونا چاہیے۔ سینیٹر صاحب یہ صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر ہوتا ہے، ہم آپ کے سامنے figures رکھتے ہیں۔ Forestry بھی devolved department ہے۔ اللہ تعالیٰ نے میرے صوبہ بلوچستان کو اگر زمین کے باہر اتنے وسائل نہیں دیے تو زمین کے اندر پورے پاکستان کے وسائل ایک طرف اور بلوچستان کے وسائل ایک طرف ہیں۔ یہ House of the Federation ہے، ہمیں یہ سوچنا چاہیے، ان وسائل سے بلوچستان کے عوام اور پاکستان کے لوگ کیسے مستفید ہو سکتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کا شکریہ۔ اگلا سوال نمبر۔2 سینیٹر محمد ہمایوں مہمند صاحب کا ہے۔

*Question No. 2 **Senator Mohammad Humayun Mohmand:** Will the Minister for the Housing and Works be pleased to state:

(a) whether it is a fact that a number of construction firms have submitted forged banking instruments to FGEHF during the last 3 years, if so, the details thereof, indicating also the value/amount of such instruments; and

(b) whether the FGEHF officials, while receiving such instruments, verified their authenticity from the head office of issuing bank branch, if not, the reasons thereof, indicating also details of disciplinary action taken against such officials?

**Mian Riaz Hussain Pirzada**: (a) The fact is that only one firm had provided (M/S HRK & Co. contractor of Park Road Housing Scheme) amounting to Rs. 716,243,408/-

on account of Mobilization Advance. Out of which, an amount of Rs. 14,380,721/- was recovered from IPC's and balance amount of Rs. 701,862,687/- is yet to be recover.

(b) Prior to Notification of SOPs on the subject vide number inter office comm./Fin/DDO(PF)/2020- HA dated 11-09-2024 **(Annex-A),** the practice regarding verification of Bank guarantees from the head office of the concerned Bank branch which issuing guarantee did not prevail. However, after issuance of the SOPs, the practice of verification/authenticity of the Bank Guarantees are rigorously and religiously followed and acted upon on regular basis.

- Initially, when the said issue come in the surface, the FGEHA has taken the following actions against responsible Officials;
  a. Inquiry report on IPC-3 submitted by Director (Technical) on 14-02-2024, the Sheikh Ghulam Farid, Project Director, Park Road Housing Project (PPS-09) was suspended immediately on 14-02-2024.
  b. A fact finding inquiry was conducted on the matter regarding fake bank guarantee in M/o Housing & Works and issued on 29-03-2024.
  c. Show Cause Notices was issued to Javed Afzal, Deputy Director (Finance) and Babar Usman, DDO (Finance) on 02-04-2024.

d. A formal inquiry was initiated against Ghulam Fareed Sheikh, Project Director Park Road on 29-03-2024. Resultantly, his service contract was not extended on expiry of his contract i.e., 26-04-2024.
e. The services of Shahid Hussain, Sub-Engineer, Park Road Project were suspended from services w. e. f 13-08-2024. Later on, a Show Cause Notice was issued to him on 15.08.2024.
f. Furthermore, E&D inquiry was conducted under FGEHA / Efficiency & Discipline (E&D) Rules, 2020. As per findings of the inquiry committee, Major Penalty i.e. dismissal from service has been imposed on Ghulam Farid Shaikh, Project Director, Park Road (PPS-09).

Annex-A

FEDERAL GOVERNMENT EMPLOYEES HOUSING AUTHORITY
10-MAUVE AREA, G-10/4
ISLAMABAD
********

No. Inter Office Comm./FIN/DDO(PF)/2020-HA Dated: 11th Sep, 2024

Subject: **SOPs FOR VERIFICATION OF PERFORMANCE SECURITY BOND AND BANK GUARANTEE SUBMITTED BY CONTRACTORS/CONSULTANTS.**

Please find enclosed the SOPs for verification of Performance Security Bonds and Mobilization Bank Guarantees provided by contractors/consultants for different Projects of FGEHA.

2. The enclosed SOPs are duly approved by the Director General with the instructions of strict compliance/following of the SOPs. All concerned are requested to ensure strict implementation of these SOPs. Safety/Security, re-verification of all the existing and verification of future Bank Guarantees/Performance Bonds must be carried out in the light of these SOPs.

(MUHAMMAD KASHIF)
Director (Finance)

**Distribution:**

1. Director Technical, FGEHA.
2. Director Maintenance (G-13, G-14/4), FGEHA.
3. Project Directors of all the wings of FGEHA.
4. Director Law, FGEHA.
5. Director Admin. FGEHA
6. Director Revenue, FGEHA
7. Director Planning, FGEHA.
8. Deputy Directors (Finance), FGEHA.
9. DDO (HA) & DDO (PF), FGEHA.

**Copy for information to:**

I. SPS to Director General, FGEHA.
II. Director Staff, FGEHA
III. PS to Chief Engineer, FGEHA.
IV. Office Copy.

# SOPS OF VERIFICATION OF PERFORMANCE SECURITY BOND AND BANK GUARANTEE SUBMITTED BY CONTRACTORS/CONSULTANTS.

1) **Acceptance of Performance Bond & Bank Guarantee by Project Director:**
   i. Contractor shall submit Original Bank Guarantees/Insurance Bond to "The Engineer".
   ii. The Engineer shall submit the Bank Guarantees and Insurance Bond to the Project Director after examination and scrutiny.
   iii. Project Director shall accept Performance Security Bond & Bank Guarantee directly from the Engineer.
   iv. Project Director shall further examine/scrutinize both the documents in the light of Contract agreement and the specimen of Performance Bond and Bank Guarantee provided in the bidding documents and in the contract.
   v. Project Director shall ensure that the instructions of the Engineer to the Contractor for submission of Bank Guarantee/ Insurance Bond are in accordance with the standard format provided in the contract and verify that The Engineer has reviewed and checked the correctness of the language.
   vi. Project Director shall also ensure that all the Bank Guarantees against Mobilization Advance shall be valid till completion of the project/100% recovery of Mobilization Advance and all the Insurance Bonds against Performance Securities shall be valid till the completion of Defect Liability Period of the Project mentioned in the contract.

2) **Scrutiny of Performance Bond & Bank Guarantee by Technical Wing:**
   Project Director will submit the accepted Performance Bond and Bank Guarantee to Technical Wing for further examination whether it is acceptable by FGEHA under the clauses of FIDIC, PEC and contract or not. If it is acceptable then it will be forwarded to Law Wing.

3) **Legal Verification of Performance Bond & Bank Guarantee by Law Wing:**
   Performance Bond and Bank Guarantee are provided on the Stamp Papers issued by Stamp Paper Vendors duly attested by Oath Commissioners or Notary Public. Law Wing of FGEHA will verify the genuineness of such legal documents.

4) **Verification of Performance Bond & Bank Guarantee by Finance Wing:**
   After initial scrutiny/verification by Project Director, Technical Wing and Law Wing, Finance Wing will verify the Performance Bond and Bank Guarantee from the issuing Insurance Company and the Bank respectively in the following steps:
   i. DDO (PF) will send email from its official email ID to the official email address of the concerned Insurance Company and Bank for

verification. The email will be sent to the centralized email system of respective Banka/Insurance Companies established for the purpose or emails will be sent to the Regional offices of Bank / Insurance Company in case centralized system is not available.

ii. Deputy Director Finance will issue letter to the Insurance Company and the Bank for verification respectively.

iii. Deputy Director Finance will ensure that the Verification letter be dispatched and received through courier. Dispatching and receiving to and from the issuer will not be accepted by hand even if the issuing bank/insurance company is located at Islamabad/Rawalpindi.

iv. A two member team comprising DDO (PF) and AD/DD of Technical Wing will officially visit in-person to the issuers for verification of Performance Bond and Bank Guarantee and submit their verification report.

v. The team will visit the headquarter/main office of insurance company or bank located at Islamabad, Karachi, Lahore, Quetta or Peshawar, whichever is applicable for verification.

vi. Payment against mobilization advance will be released only after receipts of original verification letter from the issuer, email on official ID of DDO (PF) and verification report submitted by the team.

vii. Deputy Director Finance will issue verification / confirmation letter to the concerned Project Director after verification has been received through above three steps of verifications.

viii. Project Director upon receiving letter from Finance Wing will then initiate the file for payment of mobilization advance through Director Technical.

ix. Project Director will not sanction any payment unless verification has been conveyed to Project Director by Deputy Director Finance Wing.

x. In case of extended Bank Guarantee and Insurance Bond, same procedure will be adopted.

xi. Original Bank Guarantees & Performance Security Bonds will be kept in a locker reserved only for Bank Guarantees and Performance Security Bonds. Proper handing taking over will be made between DDO (PF) and DDO (HA). The keys of the locker/safe will jointly be operated by both the DDOs.

## SOPS FOR RELEASE OF BANK GUARANTEES AGAINST MOBILIZATION ADVANCE.

1) The Contractor will submit request to The Engineer for partial release of Bank Guarantee against the recovered amount of Mobilization Advance through IPCs.

2) The Consultant will forward the recommendations to the Project Director as per actual work done and amount of Mobilization recovered.
3) Project Director will forward the recommendations to the Finance Wing for partial release of Bank Guarantees against Mobilization Advance.
4) After getting approval from Director (Finance), Deputy Director (Finance) will release the partial Bank Guarantee by writing the letter to concerned bank and will also verify the remaining amount of the Mobilization Advance from Finance Wing's record. Same will also be communicated by Deputy Director (Finance) to the concerned Project Director and copy to the Engineer.

## SOPS FOR RENEWAL OF BANK GUARANTEES AGAINST MOBILIZATION ADVANCE.

1) Concerned Project Director will issue a letter to "The Engineer" about Renewal of Bank Guarantees from the contractor against Mobilization Advance before 03 months of expiry of Bank Guarantee and the same shall be forwarded to the contractor.
2) If no action taken by the contractor in 01 month, a reminder will be served by the Project Director to the contractor. Final Notice will be served 28 days prior expiry of Bank Guarantees.
3) If Bank Guarantees are not submitted immediately after the final notice, then the Project Director will initiate the case for encashment of Mobilization Bank Guarantee and will forward his recommendations on the file to Finance Wing.

OR

After submission of revised Bank Guarantees, same procedure will be followed for verification of Bank Guarantees/Insurance Bonds. .

Mr. Presiding Officer: Any supplementary?

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب! میرا سوال simple یہ تھا کہ جو کام ہوا ہے، آپ جب contractor سے contract کرتے ہیں تو bank guarantee کیا ہوتی ہے تو اس میں کیا کیا چیزیں ہوتی ہے؟ پتا چلا کہ تقریباً 71 کروڑ کی bank guarantee ہونی چاہیے تھی، انہوں نے fake دیا تھا اور ابھی بھی 70 کروڑ لینا ہے۔ مزے کی بات یہ ہے کہ ان میں جو departments involve ہوتے ہیں۔ ایک Project Director ہوگا، as an individual بھی ہو گا لیکن he represents the Department- اس میں Technical Wing ہوتا ہے، Law Wing ہوتا ہے اور Finance Wing ہوتا ہے۔ یہ ساری چیزیں حکومت کی ہوتی ہیں۔ مجھے پتا نہیں کہ اس بندے نے 70 کروڑ لئے تو اس نے خالی England کی کسی چھوٹی جگہ plot وغیرہ لیا ہوگا، یہ ایون فیلڈ میں تو نہیں لے سکتا۔

ہم یہ چیزیں ایسے کیوں کرتے ہیں، وہ کون سا ایسا طریقہ ہے جس میں Finance والوں نے in person جا کر visit نہیں کیا اور bank guarantees check نہیں کیں۔ کیا اس کا یہ علاج ہے کہ آپ نے ایک بندے کو terminate کر دیا اور باقیوں کو show cause notice دے دیا ہے۔ اس کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے، کیا اور طریقے نہیں ہو سکتے، کیا ہم اتنے آرام سے لوگوں کو جانے دیں گے۔ مجھے بھی 70 کروڑ دے دیں اور مجھے بھی terminate کر دیں اور مجھے کوئی problem نہیں ہے، اگر لوگوں کو امیر کرنے کا یہی طریقہ ہے اور پھر یہ پورے پاکستان کے لیے کریں۔ یہ یاد رکھیں کہ this is just one project جو کہ Park Road کی طرف ہے۔ اس دوران پچھلے تین سال میں کوئی چھ، سات projects simultaneously چل رہے تھے۔ آپ اگر یہاں سے جاتے ہیں تو وہاں پر کشمیر ہائی وے سے زمین بیٹھ گئی تھی، سڑک بیٹھ گئی تھی۔ اس کے بعد ہے کہ جو فلائی اوور بنا تھا، اس کے ساتھ نیچے پوری سڑک بیٹھ گئی تھی، ایک مہینے کے اندر بیٹھ گئی تھی۔ مجھے سمجھ نہیں آتی کہ ہم لوگ اس ملک کے ساتھ کیا کر رہے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں وزیر صاحب کو سمجھانے دیں۔ جی وزیر صاحب۔

میاں ریاض حسین پیرزادہ (وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس): جناب! ڈاکٹر صاحب نے صحیح سوال کیا ہے کیونکہ یہ احتساب ہونا چاہیے اور اس کی FIA inquiry کر رہی ہے۔ میں نے پرسوں بھی FIA والوں کو بلایا تھا، میرے آنے سے پہلے کوئی 41 cases ہیں۔ PWD اور اس طرح کے جو cases ہیں۔ ان کو priority پر لیا جا رہا ہے۔ اس میں جتنے اداروں کے لوگ درمیان میں تھے، NESPAK کے افسر تھے۔ انہوں نے جیسے باقی افسران کا ذکر کیا ہے، پہلے bank guarantee check بھی نہیں ہوتی تھیں لیکن Director Finance نے اس کو check کرایا۔ ہم نے نئے SOPs بنائے ہیں، اس معاہدے میں جو سارے flaws تھے، ہم نے اس کا ازسرنو جائزہ لے کر اب پھر اس کو کیا ہے۔ ہمارے ملک کے اداروں میں ایسی چیزیں ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے صحیح کہا کہ آخر کب تک یہ ہوتا رہے گا۔

میں کوشش کر رہا ہوں کہ اس کو FIA proper probe کرے اور اس میں جو لوگ آتے ہے، چاہے NESPAK ہے، چاہیے باقی افسران ہیں اور جس آدمی پر main الزام تھا،

اس کا contract ختم ہو گیا تھا اور پھر اس کو نوکری بھی نہیں دی گئی۔ ان شاء اللہ ہم اس پر آپ کو جوابدہ ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وزیر صاحب! کوئی timeline ہے کہ کب یہ inquiries ہو جائیں گی۔

میاں ریاض حسین پیرزادہ: جناب! یہ FIA کر رہی ہے، انہوں نے کچھ statements لے لی ہیں۔ انہوں نے کچھ لوگوں کو نہیں بلایا تھا تو ہم نے ان سے کہا ہے، میں نے اپنے Department میں NAB کا افسر لیا ہے۔ اس کو ایسے cases سونپے ہیں جو investigation کر سکتے ہیں کیونکہ ہمیں تو وہ پہلے چکر دے جاتے تھے۔ میں investigation کو نہیں جانتا تو NAB سے گریڈ 20 کا آفیسر deputation پر لیا ہے وہ ان cases کو دیکھ کر direct کرتا ہے کہ کیا کرنا ہے۔

Mr. Presiding Officer: Thank you. Senator Mohsin Aziz.

سینیٹر محسن عزیز: جناب! میرا سوال تو یہ ہے کہ دیکھئے یہ ایک complete fraudulent transaction ہے۔ میں پہلی مرتبہ سن رہا ہوں کہ Bank guarantee ایک fraudulent بن سکتی ہے۔ Bank guarantee تو ایک منٹ کا کام ہوتا ہے اور اس کو verify کیا جا سکتا ہے۔ the point is کہ جب یہ fraudulent ہے تو اسی دن اس پر FIA اتنے لمبے چوڑے چکر میں جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ fraudulent transaction کو تو اسی وقت جس آدمی نے accept کیا ہے in the books کہ ہم نے اس کے against bank guarantee لے لی ہے اور جس آدمی نے submit کیا ہے those two persons جو directly involve ہیں ان کو اسی وقت اسی گھنٹے پکڑ لینا چاہیے تھا. they should have been behind the bars اب یہ case کب کا ہے؟ آپ کہہ رہے ہیں ابھی تو initiate بھی sort of نہیں ہوا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں یہ بہت بڑا ایک incentive ہے جو کہ باقی لوگ بھی اس کو follow suit کر سکتے ہیں۔ آپ بتائیں کہ یہ کب کا case ہے اور اس پر slow action کیوں ہو رہا ہے؟

میاں ریاض حسین پیرزادہ: بالکل اس کے خلاف پہلے proceed ہی نہیں کیا گیا تھا۔ ہم نے اس کی نشان دہی کی ہے کہ جب ہمارے ادارے سے bank guarantee چیک کرنے کے لیے گیا تھا تو اسی بنک نے جو بھی درمیان میں کلرک involved تھا اس نے اس کو ٹھیک کرکے بھیج دیا تھا یہ سہی ہے حالانکہ وہ سارا غلط، fake تھا۔ اس وقت یہ case ہمارا priority No.1 ہے۔ it has been fixed اور اس میں FIA کے ساتھ مل کر ہمارے آفیسر۔۔۔

سینیٹر محسن عزیز: یہ کہاں سے ہوا تھا؟

میاں ریاض حسین پیرزادہ: یہ UBL, Quetta سے ہوا تھا اور head office سے fake پر پیسے نکلوا لیے گئے۔ جس آدمی نے check کیا ان آفیسرز کے نام ہیں تو انہوں نے اس کو کہا کہ کلرک نے تصدیق برانچ سے کی ہے کہ یہ ٹھیک ہے اور یہاں سے انہوں نے withdraw کر لیا تھا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں پھر شاہ جی آپ detail دے دیں۔ جی سینیٹر دنیش کمار صاحب۔

**Senator Danesh Kumar**

سینیٹر دنیش کمار: بہت بہت شکریہ جناب! مجھے تھوڑی سی ہنسی بھی آرہی ہے کہ بنک گارنٹی تو ہوتی ہے ٹھیکیدار کی طرف سے کہ اگر وہ کام نہ کرے تو ادارہ اس کی بنک گارنٹی کے through وہ لیں گے ٹھیک ہے جی، میں غلط تو نہیں کہہ رہا؟ اب question یہ پیدا ہوتا ہے جناب وزیر صاحب 71 کروڑ روپے کی payment ٹھیکیدار کے بغیر کام دیکھے ہوئے کیوں کی گئی؟ بنک گارنٹی کو تو آپ چھوڑیں اس نے اگر دی ہے کہ وہاں پر کام ہی نہیں ہوا ہے تو 71 کروڑ روپے آپ کا Finance Department دے رہا ہے۔ آپ صرف Finance Department کے ایک Deputy Director کو نکال رہے ہیں، وہاں پر DG, Finance, Director Finance ہوگا اور جس طرح آپ نے کہا Consultant جب تک Ok نہیں کرتا کہ کام ہوا ہے تب تک وہ پیسے نہیں دیتے تو پھر 71 کروڑ روپے ٹھیکیدار کو کیسے دیے گئے؟

میرا پہلا question یہ ہے کہ ٹھیکیدار نے ڈیڑھ کروڑ روپے واپس دے دیئے ہیں۔ اب یہ مجھے بتائیں یہ جو Firm ہے HRK & Company اس کے خلاف آپ نے کیا کارروائی

کی؟ آپ نے (Director (PD کو تو معطل کر دیا، یہ 70 کروڑ روپے کس کی جیب سے نکلیں گے ؟اس کی سزائیں کیا ہوں گی؟ میں تو حیران ہوں کہ قومی خزانے پر جھاڑو پھیرا جارہا ہے۔ مجھے آپ سے گلہ نہیں ہے اور نہ پہلے تھا مگر میں حیران ہوں کہ 70 کروڑ روپے اگر کوئی private company میں ہوتے تو وہ دیوالیہ ہو جاتے ان کو نیند نہ آتی لیکن اس پر کوئی تحقیقات نہیں۔ جناب وزیر صاحب! آپ بتائیں کہ اس تحقیقات کو، جو firm ہے اس کے خلاف آپ نے کیا کام کیا؟ اس کو آپ نے black list کیا، اس سے پیسے recover کیے یا آپ نے NAB, Anticorruption, FIA کو case دیا اور یہ کتنے سالوں سے ہو رہا ہے اس کی پہلے ہمیں date بتادیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی جناب وزیر صاحب!

میاں ریاض حسین پیرزادہ: جناب والا! میں نے کہا ہے کہ case FIA کے پاس ہے۔ ہمارے پاس دو ہی بڑے ادارے NAB, FIA ہیں اور میرا خیال ہے کہ FIA میں زیادہ trained officers ہیں وہ ان چیزوں کو white collar crime کو unearth کرتے ہیں اس لیے FIA کو دیا گیا ہے اور میں خود اس کو monitor کر رہا ہوں۔ یہ کوئی ایک case نہیں ہے ہمارے ایسے 41 cases ہیں اور یہ سب ہنسنے والے ہیں جیسے آپ کو ہنسی آتی ہے مجھے بھی ہنسی آتی ہے۔ یہ case جون میں refer ہوا ہے اور اس میں تمام stakeholders ہیں۔ اس میں سپریم کورٹ بھی involve ہے۔ ہمارے وزیر قانون صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں ان کو سارے cases کا پتا ہے،Supreme Court Bar کو پتا ہے یہ ایک famous case ہے تو ہنسی توآتی ہے۔

Mr. Presiding Officer: Thank you. The Questions hour is over[1]. The remaining questions and their printed replies placed of the tables of the House shall be taken as read.

*Question No. 3 **Senator Fawzia Arshad:** Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state

*[[1] The Questions Hour is over and remaining questions and their printed replies are placed at the table of the House for treated as read]*

whether it is a fact that mobile signals were suspended in Islamabad and surrounding areas, by the government, between 4th and 6th October, 2024, if so, the reasons thereof?

**Minister Incharge of the Cabinet Division**: Mobile phone services were temporarily suspended in Islamabad and surrounding areas, between 4th and 6th October 2024, in compliance with instructions issued by Ministry of Interior (MoI), on behalf of Government of Pakistan.

*Question No. 4 **Senator Poonjo:** Will the Minister for Information Technology and Telecommunications be pleased to state the number of young individuals from Sindh particularly from Mirpurkhas Division whom have been trained and provided jobs as IT digital experts under scheme of "Agay Barho: Empowering Pakistan's Digital Economy?

**Ms. Shaza Fatima Khawaja**: Ministry of IT & Telecom has coordinated with Google administration to confirm exact number of job creation/facilitation to Pakistanis in digital business. That office has confirmed that instead of creation, Google has facilitated around 864,600 jobs via use of Google search, Google/Adds etc. Likewise, Android supported additional 100,400 jobs across the android app economy in 2023 in Pakistan. The detailed report is placed at **Annex-A** for august perusal. However, exact number of youth availed of this opportunity from the Province Sindh particularly from Mirpurkhas Division is not yet confirmed. Ministry has further followed up the matter with the quarter concerned to know the exact number of beneficiaries from Sindh province specially Mirpurkhas Division.

Further details shall be brought to the notice of august House as soon as the requisite data is received from the quarter concerned.

(Annexure has been Placed in Library and on the Table of the Mover/Concerned Member)

*Question No. 5 **Senator Poonjo Bheel:** Will the Minister for Housing and Works be pleased to state:

(a) the details of applications/requests received from the Government officers/ officials for the allotment of Government accommodation in Islamabad during the period 2018 to 2024 with category-wise breakup;

(b) the details of seniority list of applicants during the said period with category-wise breakup; and

(c) the details of Government accommodations allotted during the said period in Islamabad with category-wise breakup?

**Mian Riaz Hussain Pirzada**: (a) The details of application/ requests received from the Government officers/ officials for the allotment of Government Accommodation in Islamabad during the period 2018 to 2024 is placed at **Annex-A.**

(b) The details of seniority list of applicants during the period 2018 to 2024 is placed at **Annex-B.**

(c) The details of Government Accommodation allotted during the period 2018 to 2024 is placed at **Annex-C.**

(Annexures have been Placed in Library and on the Table of the Mover/Concerned Member)

**UN-STARRED QUESTION AND ITS REPLY**

Question No.1**Senator Muhammad Aslam Abro:** (a) the names, designations, CNIC numbers and place of domicile of the persons appointed in the Public Procurement Regulatory Authority (PPRA) against the quota prescribed for Sindh during the last three years; and

(b) the number of posts of the said quota lying vacant in the said authority at present?

**Minister Incharge of the Cabinet Division**: (a) Public Procurement Regulatory Authority (PPRA) have not hired/appointed any employees against the quota prescribed for Sindh during the last three years i.e. since 2021. However, list containing requisite particulars of existing employees from Sindh province (Sindh Quota) is attached as **Annexure-A.**

(b) Following posts are currently vacant on quota reserved for Sindh:

| S# | Name of the Post | Number of Post | Quota |
|---|---|---|---|
| 1 | Dy. Director (Legal) | 01 | Sindh (R) |
| 2 | Assistant | 03 | Sindh (R) 2<br>Sindh (U) 1 |
| 3 | Stenotypist | 01 | Sindh (R) |
| 4 | LDC | 01 | Sindh (R) |
| 5 | Data Entry Operator | 01 | Sindh (R) |
| 6 | Driver | 01 | Sindh (R) |
| | **Total** | **08** | |

Annexure-A

| Sr. # | Name | Designation | CNIC | Domicile Province | Domicile District |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Mr. Ali Ashgar Bhutto | Director (Finance / Accounts) | 43203-4079752-5 | Sindh (Rural) | Larkana |
| 2 | Mr. Abdul Nabi | Director (Legal) | 42201-0104398-7 | Sindh (Rural) | Khairpur |
| 3 | Mr. Sagheer Ahmed | Deputy Director (Training) | 37406-1609752-5 | Sindh (Rural) | Qambar Shahdadkot |
| 4 | Mr. Mohammad Asim Jaleel | Deputy Director (Monitoring & Evaluation) | 41301-7761723-9 | Sindh (Rural) | Hyderabad |
| 5 | Mr. Shafique AHMED | Deputy Director (Research) | 43105-6196599-7 | Sindh (Rural) | Jacobabad |
| 6 | Mr. Abdul Saeed Bhutto | Stenographer | 43203-4164653-9 | Sindh (Rural) | Larkana |
| 7 | Mr. Ghulam Shabir | Stenotypist | 43203-4514586-1 | Sindh (Rural) | Larkana |
| 8 | Mr. Waqar Ahmed Soomro | Stenotypist | 45303-6484758-5 | Sindh (Rural) | Naushahro Feroze |
| 9 | Syed Rashid Ali Shah | Stenotypist | 42501-5806675-3 | Sindh (Urban) | Karachi |
| 10 | Mr. Muhib Ullah | Stenotypist | 42501-5248634-9 | Sindh (Urban) | Malir Karachi |
| 11 | Mr. Naveed Ali | UDC | 43203-3561854-7 | Sindh (Rural) | Larkana |
| 12 | Mr. Shahid Hameed | Dispatch Rider | 37405-1614431-1 | Sindh (Rural) | Sanghar |

Now just ten minutes regular business. Report of the Standing Committee Senator Faisal Saleem Rehman, Chairman, Standing Committee on Interior, please move Order No.3.

**Presentation of Report of the Standing Committee on Interior regarding [The National Forensics Agency Bill, 2024]**

Senator Faisal Saleem Rehman: I, Chairman, Standing Committee on Interior, present report of the Committee on a Bill to provide for the establishment of a National Forensics Agency [The National Forensics Agency Bill, 2024].

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Senator Faisal Saleem Rehman, Chairman, Standing Committee on Interior, please move Order No.4.

**Presentation of Report of the Standing Committee on Interior, regarding The Payment of Wages (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Faisal Saleem Rehman: I, Chairman, Standing Committee on Interior present report of the Committee on a Bill further to amend the Payment of Wages Act, 1936 [The Payment of Wages (Amendment) Bill, 2024], introduced by Senator Mohsin Aziz on 4th March, 2024.

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Again Senator Faisal Saleem Rehman, Chairman, Standing Committee on Interior, please move Order No.5.

**Presentation of Report of the Standing Committee on Interior, regarding [The Islamabad Rent Restriction (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Faisal Saleem Rehman: I, Chairman, Standing Committee on Interior, present report of the Committee on a Bill further to amend the Islamabad Rent Restriction Ordinance, 2001 [The Islamabad Rent Restriction (Amendment) Bill, 2024], introduced by Senator Mohsin Aziz on 29th April, 2024.

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Senator Faisal Saleem Rehman, Chairman, Standing Committee on Interior, please move Order No.6.

**Presentation of Report of the Standing Committee on Interior, regarding [The Provincial Motor Vehicles (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Faisal Saleem Rehman: I, Chairman, Standing Committee on Interior, present report of the Committee on a Bill further to amend the Provincial Motor Vehicles Ordinance, 1965 [The Provincial Motor

Vehicles (Amendment) Bill, 2024], introduced by Senator Mohsin Aziz on 4th March, 2024.

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Again Senator Faisal Saleem Rehman, Chairman, Standing Committee on Interior, please move Order No.7.

## Presentation of Report of the Standing Committee on Interior, regarding [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024]

Senator Faisal Saleem Rehman: I, Chairman, Standing Committee on Interior, present report of the Committee on a Bill further to amend the Pakistan Panel Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024]. **(Insertion of new sections 160A and 160B in the PPC and subsequent amendments in Schedule 11 of the Cr.PC),** introduced by Senator Dr. Afnan Ullah Khan on 29th April, 2024.

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Again Senator Faisal Saleem Rehman, Chairman, Standing Committee on Interior, please move Order No.8.

## Presentation of Report of the Standing Committee on Interior, regarding [The Factories (Amendment) Bill, 2024]

Senator Faisal Saleem Rehman: I, Chairman, Standing Committee on Interior, present report of the Committee on a Bill further to amend the Factories Act, 1934 [The Factories (Amendment) Bill, 2024], introduced by Senator Mohsin Aziz on 4th March, 2024.

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Thank you.

**Presentation of report of the Standing Committee on Interior regarding [The Factories (Amendment) bill, 2024]**

Senator Faisal Saleem Rehman: Thank you. I, Chairman, Standing Committee on Interior present report of the Committee on a Bill further to amend the Factories Act, 1934 [The Factories (Amendment) bill, 2024], introduced by Senator Mohsin Aziz on 4$^{th}$ March, 2024.

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Senator Farooq Hamid Naek, please move Order No. 9.

**Presentation of Report of the Standing Committee on Law and Justice regarding [The Legal Aid and Justice Authority (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Farooq Hamid Naek: Sir, I, Chairman, Standing Committee on Law and Justice present report of the Committee on a Bill further to amend the Legal Aid and justice Authority Act, 2020 [The Legal Aid and Justice Authority (Amendment) Bill, 2024].

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Senator Farooq Hamid Naek, Chairman, Standing Committee on Law and Justice, may move Order No. 10.

**Presentation of Report of the Standing Committee on Law and Justice regarding [The Supreme Court (Number of Judges) (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Farooq Hamid Naek: Sir, I, Chairman, Standing Committee on Law and Justice present report of the Committee on a Bill further to amend the Supreme Court (Number of Judges) Act, 1997 [The Supreme Court

(Number of Judges) (Amendment) Bill, 2024], introduced by Senator Mohammad Abdul Qadir on 2nd September, 2024.

Mr. Presiding Officer: Reports stands laid. Senator Bushra Anjum Butt, Chairperson, Standing Committee on Federal Education and Professional Training, may move Order No. 11, on her behalf Senator Khalida Ateeb.

**Presentation of Report of the Standing Committee on Federal Education and Professional Training on a point of public importance raised by Senator Manzoor Ahmed, regarding discontinuation of allowance to the Professors, Teachers and employees of BUITEMS University, Balochistan**

Senator Khalida Ateeb: Sir, I on behalf of Senator Bushra Anjum Butt, Chairperson, Standing Committee on Federal Education and Professional Training present report of the Committee on a point of public importance raised by Senator Manzoor Ahmed, regarding discontinuation of allowance to the Professors, Teachers and employees of BUITEMS University, Balochistan.

Mr. Presiding Officer: Reports stand laid. Minister In-charge Cabinet Division, may move Order No. 12.

**Laying of Report on the Annual Reports of the National Economic Council (NEC) for the Financial Years 2021-22 and 2022-2023**

Senator Azam Nazeer Tarar (Minister for Law): Thank you, Mr. Chairman. I lay before the Senate the Annual Reports of the National Economic Council (NEC) for the Financial Years 2021-22 and 2022-2023, as

required by Clause (5) of Article 156 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Now we come to the calling attention notices. There is a calling attention notice at Order No. 13 in the name of Senator Zeeshan Khan Zada, please raise the matter.

**<u>Calling attention notice moved by Senator Zeeshan Khan Zada regarding increasing numbers of incidents of robberies and theft in the Islamabad Capital Territory.</u>**

Senator Zeeshan Khan Zada: Thank you very much Mr. Chairman. I draw attention of the Minister for Interior towards the increasing number of incidents of robberies and theft in the Islamabad Capital Territory causing grave concerns amongst the residents.

جناب چیئرمین ! پچھلے کئ عرصے سے اسلام آباد کے حالات جس طرح deteriorate کرتے آرہے ہیں، وہ ہم سب کو پتا ہے، اس کی سب سے بڑی وجہ ہمیں پتا ہے کہ اسلام آباد کی پولیس کی توجہ آج کل کس طرف ہے۔ جناب والا ! میں یہاں کھڑے ہو کر زیادہ سیاسی تقریر نہیں کرنا چاہتا، یہ ایک حقیقت ہے کہ اسلام آباد پولیس کی تعداد اس وقت تقریباً ساڑھے بارہ ہزار سے زیادہ ہے، اس میں تیزی سے induction بھی کی جارہی ہے جس سے اس کی تعداد میں اضافہ ہوتا جارہا ہے لیکن اسلام آباد کا crime rate بڑھتا جارہا ہے۔ جناب والا ! پچھلے چھ سے سات مہینوں میں آٹھ سے دس ہزار کے قریب incidents ہوئے ہیں جن کے بارے میں IGP Office نے کہا ہے کہ تقریباً دس ہزار کے قریب لوگوں کو پکڑا گیا ہے اور ان سے کچھ وصولی کی گئ ہے لیکن یہ جتنے بھی crimes ہوئے ہیں ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ لوگوں کا ان میں چار سے پانچ ارب روپے کا مالی نقصان ہوا ہے، جس میں زیورات اور گاڑیوں کی مد میں لوگوں کو نقصان ہوا ہے۔ جناب والا ! mobile snatching اتنا عام ہو گیا ہے کہ کل مجھے کوئی بتا رہا تھا کہ چک شہزاد کی طرف ایک

نوجوان لڑکی سے mobile snatch کیا گیا۔ مسئلہ یہ ہے کہ ایسے بڑے cases ہیں جو unreported ہیں، میں جو تعداد آپ کو بتا رہا ہوں وہ reported cases ہیں۔

جناب والا! اسلام آباد میں drugs کا استعمال تیزی سے زیادہ ہوتا جا رہا ہے، colleges, universities, ہر جگہ بچوں اور بچیوں میں آپ دیکھیں کہ آج کل یہ چیز بہت common ہے۔ اس کے بارے میں یہاں بہت تقاریر بھی ہوئی ہیں، کمیٹیوں میں ہم نے اس کو discuss کیا ہے۔ میں یہ بات دوبارہ کہوں گا کہ پولیس اور جتنے بھی ادارے ہیں، ان کی طرف سے reports آتی ہیں، وہ اپنی reports تو دے دیتے ہیں لیکن پھر بھی crime rate میں فرق نہیں آ رہا ہے۔ میں آپ کو ایک اور statistic بتانا چاہتا ہوں کہ 2020 میں اسلام آباد کا crime index Amsterdam سے بہتر تھا، Sydney سے بہتر تھا، Paris and London سے بہتر تھا، آج 2024 میں ہم ان سے بہتر نہیں ہیں، یہاں اتنا crime rate بڑھ گیا ہے۔

جناب چیئرمین! میں اس پر گفتگو کرنا چاہتا تھا، مجھے پتا ہے آپ کہیں گے کہ اس پر زیادہ وقت نہیں لینا چاہیے لیکن یہ بہت اہم معاملہ ہے۔ میں نے آپ کو لوگوں کے نقصانات کے بارے میں بتایا تھا، اس میں ڈکیتیوں کے نتیجے میں چار ہزار تولے زیورات چرائے گئے ہیں، چار سو گاڑیاں اور موٹر سائیکل چرائے گئے ہیں، mobile چھینے گئے، لوگوں کے گھروں میں جا کر، commercial properties میں جا کر دن دیہاڑے یہ ڈکیتیاں کی گئیں۔ یہ کہتے ہیں کہ انہوں نے دس ہزار لوگوں کو جیل میں ڈالا ہے، ابھی تک کسی کو یہ نہیں پتا کہ انہیں کیوں چھوڑا جاتا ہے؟ ہمارے قوانین میں ایسا کیا مسئلہ ہے کہ آپ کو معلوم ہوتا ہے کہ ڈکیتیاں ہوتی ہیں اور کن لوگوں نے یہ کی ہیں لیکن اس کے باوجود ہم proper law لاگو نہیں کر سکتے ہیں۔ جناب والا! باقی لوگوں کے لیے تو قوانین بن جاتے ہیں جو پرامن احتجاج کرنا چاہتے ہیں۔ میں یہ ضرور کہوں گا کہ وزراء اور دوسرے لوگوں کے protocol کے لیے تو گاڑیاں اور پولیس وغیرہ موجود ہوتی ہے لیکن جن لوگوں کے ساتھ یہ زیادتیاں ہو رہی ہیں، especially میں G Sectors ہیں، G-9, even G-7 and G-6 کے بارے میں crimes کی جو reporting ہوتی ہے، ابھی تک اس پر as such کوئی خاص action نہیں لیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین! میں ایک، دو منٹ لوں گا، اگر آپ اجازت دیں؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی ٹھیک ہے، آپ نے خود ہی دو منٹ کا کہہ دیا ہے۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب چیئرمین! اسلام آباد میں کافی دیر سے اس طرح کا crime rate ہے۔ میں نے جیسے شروع میں یہ کہا کہ اگر توجہ کہیں اور ہو اور جن لوگوں نے پرامن احتجاج کرنا ہے، اس احتجاج کو ناکام کرنے کے لیے اسلام آباد پولیس کا ایک ارب روپے سے زیادہ لگ جاتا ہے۔ حالانکہ آپ وہ پیسا safe city project پر لگاتے، IGP Office نے خود یہ بات کہی ہے کہ ابھی تک safe city project اسلام آباد کو صرف 30% cover کرتا ہے۔ آپ کا اتنا زیادہ پیسا باقی چیزوں پر لگ رہا ہے، آپ یہ پیسا safe city project پر کیوں نہیں لگاتے ہیں اور اسے extend کیوں نہیں کرتے ہیں؟ آپ کا پیسا ان چیزوں پر لگنا چاہیے۔ اگر آپ ایسے منصوبے اور ایسی چیزیں میں جن کے بارے میں دوبارہ کہوں گا کہ وہ اس ملک میں اپنے حقوق کے لیے احتجاج کرنا چاہتے ہیں، اگر وہ safe city جیسے projects کے لیے استعمال ہوں کہ آپ freedom of speech کو کم کریں تو پھر ایسی چیزیں اور ایسے projects کی اسلام آباد میں بالکل ضرورت نہیں ہے۔

جناب والا! میں آخر میں یہ بات کرنا چاہوں گا، یہاں ہمارے سارے معزز ارکان بیٹھے ہیں، اگر اسلام آباد کا یہی حال رہا اور جس rate سے یہ crime بڑھتا جا رہا ہے تو اسلام آباد میں موجود industry یہاں سے چلی جائے گی، لوگ housing schemes میں investment کرنا چاہتے ہیں، جو اب کم ہوتی جا رہی ہے، وہ schemes بھی flop ہوتی جائیں گی اور اسلام آباد میں آگے کوئی investment نہیں آنے والی کیونکہ اسلام آباد پاکستان کا ایک ایسا شہر ہے جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ it is the safest city in the country.

اگر اس کے بارے میں ہمارا کوئی plan نہ ہو تو میرے خیال میں ہم اسلام آباد کو کامیاب نہیں کر سکے ہیں۔ میری سب سے التجا ہے کہ آپ اس پر اپنا focus رکھیں بجائے اس کے کہ آپ باقی چیزوں پر focus کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ، ذیشان خان زادہ صاحب۔

Who is going to respond Minister *Sahib*?

**Senator Azam Nazeer Tarar**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! اس بابت مجھے جو details دی گئی ہیں انہیں میں House کے سامنے رکھ دیتا ہوں۔ Law and Order کے حوالے سے پولیس کی یہ ذمہ داری ہے کہ شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ سوال تھا کہ crime rise ہو رہا ہے لیکن جو figures آئے ہیں وہ یہ ہیں کہ 2023 میں جو /total number of cases incidents are 3960 تھے جو کہ robbery, dacoity, theft and snatching وغیرہ کی category میں تھے۔ Current year 2024 میں یہ number decrease ہوا ہے اور یہ نمبر 3242 پر آیا ہے جو کہ 18% decrease ہے اور یہ نیچے آیا ہے۔ Figure ابھی بھی حوصلہ افزا نہیں ہے، اس کو مزید curb کرنا ہے اور انہوں نے جو reasons دی ہیں کیونکہ ہم نے طے کیا تھا کہ اس کے بعد وزیر خزانہ صاحب کا calling attention ہو جاتا ہے تو اس پر بات کی جائے گی، اس میں جو multiple reasons ہیں، ان میں جو ایک reason دی گئی ہے وہ یہ ہے کہ law and order control کے حوالے سے جو duties ہیں وہ بھی پولیس کے work load میں اضافہ کرتی ہیں اور ہمیں اس پر بھی بیٹھ کر سوچنا چاہیے کہ کیا احتجاج کرنے کے لیے یہ ایک بہترین forum نہیں ہے کہ یہاں ہم ایک دوسرے کی بات سن بھی رہے ہیں، جواب بھی دے رہے ہیں، پوری قوم بھی سن رہی ہے، میڈیا اسے cover کر رہا ہے۔ ہمارے جو اعتراضات ہیں ہم انہیں یہاں اٹھائیں، حکومت عوام کے سامنے جوابدہ ہے اور ہم ہمیشہ اپوزیشن کو جواب دیتے ہیں لیکن دلیل اور منطق سے دیتے ہیں۔ اس طرح لشکر کشی کرنے سے یا وہ معاملات کرنے سے، میں اس سے زیادہ بات نہیں کروں گا کیونکہ Leader of the Opposition سے میں نے کہا تھا کہ آپ بات کریں، ہم آپ کی بات سنیں گے، آپ کی بات کے جواب میں اگر مناسب ہوا تو ضرور بات کریں گے۔ نمبر کچھ کم ہوا ہے، اس پر انہوں نے مزید assurance دی ہے کہ ہم اور زیادہ کام کر رہے ہیں اور ان شاء اللہ العزیز اس میں اور زیادہ بہتری آئے گی۔

انہوں نے کہا کہ سزائیں کیوں نہیں ہوتیں، Law میں بھی کچھ ہے، میں اگلے ہفتے Criminal Law amendments کا ایک detailed package لے کر آ رہا ہوں،

اسے کمیٹی کو بھیجا جائے گا، آرام سے سارے بیٹھ کر اسے دیکھیں گے، I am sure کہ بہتری آئے گی لیکن اس معزز ایوان کے حوالے سے میں ایک بات کہنا چاہوں گا کہ ہماری بھی کچھ civic duties ہیں۔ Robbery, dacoity, snatching کے cases میں ہم case report کر دیتے ہیں لیکن میں نے جناب تیس سال فوجداری side پر کام کیا، پھر ہم گواہی دینے نہیں جاتے، پھر ہم اس مقدمے کی پیروی کرنا چھوڑ دیتے ہیں۔ ہمیں اپنی شہری ذمہ داری نبھاتے ہوئے ضرور pursue کرنا چاہیے تاکہ وہ کیفر کردار تک پہنچے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب تارڑ صاحب، سینیٹر ذیشان خان زادہ صاحب کا بڑا serious concern ہے کیونکہ اگر 3000 ہے یا 3024 ہے تو اس سے تو کوئی خاص فرق پڑتا نہیں ہے تو kindly ان کا concern ضرور وزارت داخلہ تک پہنچائیں اور وہ House میں یا کمیٹی میں آ کر کم از کم respond کریں کہ crime کو کیسے control کیا جائے۔

The calling attention notice is disposed of. Now there is another calling attention notice in the name of Senator Danesh Kumar.

دنیش کمار صاحب آپ کا نام میں کیسے بھول سکتا ہوں۔ میری ایک چھوٹی سی request ہے۔ ایک بہت important issue پر Leader of the Opposition نے بھی بات کرنی ہے، ہم چاہتے ہیں کہ انہیں بھی time ملے، باقی لوگوں نے بھی بات کرنی ہے تو اس بابت آپ اپنے اوپر جتنا جبر کر کے اسے مختصر کر سکتے ہیں اتنا کریں۔

**Calling Attention Notice moved by Senator Danesh Kumar regarding absence from duty of the Customs officers posted in Customs Collectorate Gwadar Zone**

سینیٹر دنیش کمار: بہت بہت شکریہ، جناب چیئرمین۔ جناب آج آپ کے کہنے پر میں اپنے اوپر جبر کر دیتا ہوں مگر میں حقیقت میں بتاتا ہوں کہ جب بلوچستان کی بات ہوتی ہے تو مجھ سے رہا نہیں جاتا ہے کیونکہ بلوچستان ایک ایسا صوبہ ہے کہ یہاں پر بیٹھے ہوئے ارباب اختیار اسے neglect کرتے ہیں۔ جناب سب سے پہلے میں اپنا calling attention notice پڑھ لیتا ہوں۔

I, Senator Danesh Kumar, wish to draw attention of the Minister for Finance and Revenue, towards the absence from duty of the Customs officers posted in Customs Collectorate Gwadar Zone, effecting overall functionality and operational efficiency of Gwadar port.

جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے تو سینیٹر محمد اورنگزیب صاحب، وزیر خزانہ صاحب کو appreciate کروں گا کہ وہ ہمیشہ اس ایوان کو عزت بخشتے ہیں اور خود آتے ہیں، یہ میرے لیے بھی بڑے اعزاز کی بات ہے اور آج مجھے حقیقت میں خوشی ہو رہی ہے کہ میں آج جو motion لایا ہوں اس کا کوئی result نکلے گا۔ جناب آپ سب کو معلوم ہے کہ CPEC کے حوالے سے گوادر پورٹ دنیا بھر میں بہت مشہور ہے وہاں پر Model Customs Collectorate, Gwadar کے نام سے کسٹمز کا ایک ادارہ موجود ہے جو کہ گوادر پورٹ پر import, export کی فعالیت کے حوالے سے taxes وغیرہ کو دیکھتا ہے۔ ان کے تین main offices ہیں، ایک گڈانی میں، ایک گوادر میں اور ایک تربت میں واقع ہے۔ وزیر خزانہ صاحب میں آپ سے جو بات کہہ رہا ہوں وہ میں حلفیہ کہہ رہا ہوں، میں آپ کو ایسے ہی نہیں کہہ رہا ہوں، میں آپ کو شواہد بھی دے سکتا ہوں کہ وہاں پر ایک کلکٹر صاحب بیٹھے ہیں، ایڈیشنل کلکٹر صاحب، ڈپٹی کلکٹر صاحب، اسسٹنٹ کلکٹر اور Appraiser ہے ، بہت بڑا عملہ ہے۔ آپ کے لیے یہ حیرانی کی بات ہو گی کہ گوادر پورٹ کو کراچی سے چلایا جاتا ہے۔ ان تمام افسران کے گھر کراچی میں ہیں۔ وہاں سے WhatsApp کے ذریعے سے approval دی جاتی ہے۔ وہاں پر جو importer حضرات اور clearing agents ہیں ان کا کہنا ہے اور میرا ماننا ہے کہ اگر گوادر پورٹ فعال نہیں ہو رہی ہے، وہاں پر اگر لوگ نہیں آ رہے ہیں تو اس میں سب سے زیادہ قصور وار گوادر کسٹمز کلکٹریٹ ہے۔ اگر ہم اس کی percentage نکالیں تو 50% وہاں پر آپ کے ادارے کا ہاتھ ہے کیونکہ وہ وہاں پر نہیں جاتے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں ایک اور بات آپ کو بتاؤں کہ آپ کو کہا جائے گا کہ ہم تو روزانہ جاتے ہیں، اگر میں بالکل مان لوں کہ وہ روزانہ جاتے ہیں، کہاں جاتے ہیں وہ کراچی سے 25 کلومیٹر دور کسٹمز ہاؤس گڈانی جاتے ہیں، وہ وہاں پر منہ دکھائی کی رسم کے طور پر جاتے ہیں اور وہاں سے پھر

واپس کراچی چلے جاتے ہیں۔ وہاں پر سلامی بھی لیتے ہیں، وہ تو سب لیتے ہیں۔ منسٹر صاحب، میں آپ کو ایک طریقہ بتاتا ہوں کہ کس طرح سے آپ انہیں پکڑ سکتے ہیں۔ کسٹمز کی جانب سے انہیں موبائل فون بھی دیئے گئے ہیں، حکومت کی طرف سے دیئے گئے ہیں، ان کے اپنے ذاتی بھی ہیں، آپ ان کے موبائل کا data دیکھ لیں، 30 دنوں میں سے 31 دن کراچی میں ہوں گے۔ جناب میں آپ کو ایک دن اضافی بتا رہا ہوں۔ اس طرح وہاں پر یہ ظلم ہو رہا ہے۔ میں تو حیران ہوں کہ بلوچستان پاکستان کا دل ہے اور گوادر اتنا خوبصورت علاقہ ہے اور وفاقی افسران کو ذرا برابر احساس نہیں ہے کہ وہ کسٹمز کو گوادر میں فعال کریں تاکہ ہماری بندرگاہ فعال ہو سکے، وہاں لوگ relief حاصل کر سکیں، وہاں پر لوگ attract ہوں، businessmen آئیں مگر وہ ذلیل و خوار ہو جاتے ہیں۔ صرف ان افسران کی وجہ سے ان کی shipments ہفتوں ہفتوں وہاں پر پڑی رہتی ہیں۔ وہاں پر Afghanistan Transit کا سامان بھی آتا ہے، کہا جاتا ہے کہ حکومت نے ابھی تک وہاں پر Afghanistan Transit سے متعلق کسی کو مقرر نہیں کیا ہے، جناب یہ مسئلہ ہمارے لیے بہت ہی پشیمانی کا سبب بن رہا ہے، لوگ ہم سے پوچھتے ہیں۔ آپ جیسے نیک نام وزیر اور لنگڑیال صاحب جیسے چیئرمین FBR کے ہوتے ہوئے اگر آپ کی ناک کے نیچے ایسی واردات ہو رہی ہے تو یہ بات ہمارے لیے باعث شرم ہے۔

اس بابت میں آپ سے درخواست کروں گا کہ آپ strict action لیں اور آپ بذات خود وہاں جائیں۔ میں نہیں کہتا ہوں لیکن آپ importers سے پوچھ لیں، وہاں پر جو clearing agents ہیں یا ان کا ریکارڈ دیکھ لیں۔ وہ WhatsApp پر approval دیتے ہیں، میں آپ سے پوچھوں گا کہ اس کی کوئی قانونی حیثیت ہے، کہ WhatsApp approval ہو جاتی ہے اور 20-15 دنوں کے بعد فائلوں کے ڈھیر کراچی میں دستخط کرائے جاتے ہیں۔ میں آپ سے ہاتھ جوڑ کر کہتا ہوں کہ آپ ہم پر، گوادر کے لوگوں اور بلوچستان پر رحم کریں، اپنے افسران کو کہیں اگر کوئی نہیں جاتا ہے تو ان کے خلاف کارروائی کریں۔ یہاں پر بھی یہ کہا جاتا ہے کہ ہمیں بلوچستان میں سزا کے طور پر بھیجا جاتا ہے۔ بھائی سزا کے طور کیوں؟ بلوچستان کون سا افریقہ ہے، یہ آپ کے ملک کا حصہ ہے۔ اگر آپ نہیں جائیں گے تو یہ کیسے ہو گا۔ بہت مہربانی جناب، میں آپ کی وجہ سے اسے مختصر کر رہا ہوں۔ بہت بہت شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Minister for Finance please.

جناب محمد اورنگزیب (وزیر خزانہ): ,With your permission جو سینیٹر دنیش کمار نے کہا ہے میں نے آپ کے additional points note کیے ہیں لیکن let me present the facts as I know them. آپ نے جیسے ذکر کیا Gwadar ایسی تین jurisdictions کو دیکھتا ہے in terms of three border stations; clearance of exports and imports, (EPZ) clearances at ship breaking yard cnergico and China Hub Coal Power Generation Company at Gadani جیسے آپ نے ذکر کیا ہے لیکن گوادر کی اہمیت کی وجہ سے اسی لیے اس کو Collectorate کا head-quarter appraisement customs کے لیے بنایا گیا۔ اس لیے senior officers including the Collector Customs وہ Gwadar Port پر available ہوتے ہیں۔ ان کو accommodation بھی provide کی گئی ہے by the Port Authorities تاکہ senior officers وہاں پر ہی رہیں اور 24 hours accessible رہیں۔

سینیٹر صاحب، دوسری چیز جو میں آپ کو اس سلسلے میں کہہ رہا ہوں اور پھر going forward بھی آپ کی خدمت میں پیش کروں گا وہ یہ ہے کہ Weboc system جو کہ roll out ہو گیا ہے یہ 24/7 system ہے۔ اس میں Assistant Deputy Collectors have been assigned various work جو Gwadar free zone and Gwadar International Terminal کو اس وقت دیکھ رہے ہیں۔ میری اطلاع کے مطابق اس میں 13 officers ہیں starting with the Superintendent all the way down to Inspector OPS. پھر ایک یہ بھی سلسلہ ہے کہ وہاں کام ہو کیا رہا ہے، ہم نے وہاں کتنی resources assign کی ہوئی ہیں اور اس وقت وہاں business کیا ہے اور اس میں میں یہ ضرور کہوں گا کہ ہمیں گودار کو ایک بہت اہم port بھی بنانا ہے اور میں airport کی طرف بھی آؤں گا کیونکہ وہاں بھی آپ کی مدد کی ضرورت ہے۔

اس وقت جو میرے پاس information ہے کہ no goods declaration is pending in Gwadar Port at any assessment or examination stage. جو last وہاں سے clear ہوئی ہے وہ Beijing Urban Corporation Limited and the last good declaration was on 26th July, 2024 جو 30th July,2024 کو clear ہو گئی ہے۔ Therefore, یہ کہنا کہ Gwadar sea port کی customs کی وجہ سے efficiency نہیں ہے، ہمیں وہاں volumes اور لانے ہیں اور جیسے کہ آپ کو معلوم ہے کہ Prime Minister نے پوری ایک direction دی ہے کہ import and export کا جو business ہے وہ جو ہم کراچی سے کر رہے ہیں وہ ہمیں کرنا ہے لیکن گوادر کو اب ہم نے ایک خاص اور specially public sector companies ہیں ان کی جو import and export ہو رہی ہیں ان کی طرف سے بہت specific directions گئی ہیں۔

Law Minister یہاں بیٹھے ہیں ہماری Cabinet میں یہ discussion ہوئی ہے کہ ہم نے وہاں سے اب زیادہ volume route کرنے ہیں، ایک چیز تو یہ ہے۔ لیکن اگر آپ کے پاس اس کے علاوہ بھی کوئی ایسی چیزیں ہیں دیکھیں جب آپ نے whatsapp approval کی بات کی ہے extra یہ میں اب آپ کو اس لیے بتانے لگا ہوں کہ ہم end to end digitisation کی طرف جا رہے ہیں اس میں زیادہ سے زیادہ اب یہ digitisation کے through approvals ہوں گی کیونکہ digitisation not for the sake digitisation بلکہ ہم اس میں human intervention کم کرنا چاہتے ہیں۔ Human intervention اس لیے کم کرنا چاہتے ہیں تاکہ corruption کم ہو۔ جتنی human intervention کم ہو گی اسی سے we will be able to control this.

The last thing I just want to mention کہ جو اب وہاں airport بن گیا ہے اور یہ China کی grant تھی جس کی basis پر the airport is now operational. اس میں ہمیں سینیٹر صاحب آپ کی بہت مدد کی ضرورت ہے تاکہ ہم اس کو actually آباد کر سکیں تاکہ ادھر flights آئیں اور جائیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ڈاکٹر صاحب ایسا ہے کہ آپ منسٹر صاحب سے مل لیں Chamber میں بات بھی کر لیں اور جو آپ کے proof and evidence ہیں وہ دکھا دیں۔

سینیٹر منظور احمد: ہم appreciate کرتے ہیں اور ہونا بھی چاہیے کہ airport جلد از جلد operational ہو جائے۔ بیس، پچیس سالوں سے تو ہم سن رہے ہیں کہ گوادر ہے، گوادر میں CPEC ہے۔ پاکستان ترقی کرے گا، بلوچستان ترقی کرے گا لیکن imports and exports کتنی ہوئی ہیں یہ ہماری knowledge میں نہیں ہے۔ وہاں کے ہمارے سینیٹر کہدہ بابر ہیں جو ہمارے ساتھ last term میں بھی تھے۔ وہ اس علاقے کا باشندہ ہے تو کیا آپ جب جاتے ہیں تو ہمیں بلوچستان کے لوگوں کو ساتھ لے کر چلیں وہاں ہم آپ کے ساتھ بیٹھ جائیں گے لیکن اس سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ import and export تو ہونا چاہیے۔ اس کے ساتھ چاہ بہار operate ہوا اور ہم ابھی تک گوادر میں پھنسے ہوئے ہیں، چند ایسی چیزیں ہیں جن پر میں تنقید نہیں کرنا چاہتا۔ ابھی منسٹر صاحب نے بہت تفصیل سے بات کی ہے چیزیں بہت ہیں۔ اگر میں ان کے اوپر debate کروں گا میرے خیال سے مناسب نہیں ہوگا تو اس لیے میں کہہ رہا ہوں کہ اس کو اگر آپ کمیٹی میں بھیج دیں۔ Chamber and office کی جگہ آپ کمیٹی میں بھیج دیں تو وہاں پر اس کے اوپر تفصیل سے debate کر لیں گے۔ اس سے related officers بھی آ جائیں گے ان کے ساتھ بھی ہم بیٹھ جائیں گے۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ چاہے Karachi Port ہو، چاہے ادھر کا port ہو ان کو functional ہونا چاہیے۔

ہمیں اپنے businessmen کو opportunities provide کرنی چاہیے، ہمیں ان کو oblige کرنا چاہیے اور ہم اپنے کاروبار کو، معیشت کو۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی جی I got your point کوئی حرج نہیں ہے۔ میرا خیال ہے کہ منسٹر صاحب کو بھی کوئی اختلاف نہیں ہوگا۔ یہ کمیٹی میں جائے منسٹر صاحب خود آئیں گے اور اس کو thoroughly discuss کریں گے۔

The calling attention notice is disposed of.

## Discussion on the recent protest by Pakistan Tehreek-i-Insaaf in Islamabad

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اب جگر تھام کے بیٹھیں کیونکہ اب شبلی صاحب کی باری آ رہی ہے، شبلی صاحب ایک second مجھے ایک statement دینے دیں۔ آج اس session سے پہلے House Business Committee کی بہت detailed meeting ہوئی تھی اور اس میں بہت اچھے، عمدہ، خوش اسلوبی کے ساتھ کچھ rules of game ہم نے decide کر لیے ہیں۔

As per the decision of the Business Advisory Committee we will now begin the discussion on the recent protest in Islamabad. It is for information of all the members that Parliamentary Party leaders will have a maximum of 10 minutes each to speak. Parliamentary Party leaders will speak for ten minutes; members will be allowed a maximum of five minutes each for their speeches. Keeping with established the Precedents both sides will be given an equal opportunity to present their views with one speaker from each side.

میں اس کے ساتھ یہ بھی گزارش کرتا ہوں کہ شاید میں اپنی عمر کے حوالے سے کر سکتا ہوں، دانش کے حوالے سے، حکمت کے حوالے سے، اردو زبان کے حوالے سے، شاعری کے حوالے سے، معاملہ فہمی کے حوالے سے آپ سب میرے سے بہتر ہیں۔ ہم House کے ماحول کو جتنا اچھا رکھیں گے شبلی فراز صاحب اس کا آغاز کر رہے ہیں۔ ان کو میں اب floor دے رہا ہوں Leader of the Opposition اور میں treasury benches سے گزارش کروں گا کہ بہت تحمل سے، بردباری سے، قوت برداشت کے ساتھ ان کی گفتگو سنیں اور جب آپ کی باری آئے گی تو ہم امید رکھتے ہیں کہ وہ اسی وسعت نظری کا اور وسعت قلبی کا ثبوت دیں گے۔

Thank you very much! now I give floor to the honourable Leader of the Opposition.

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وہ اس کے ساتھ club ہو گیا ہے you may talk on your whatever your instrument is اس کو اسی کے ساتھ کر لیں۔ شبلی صاحب please.

**Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the Opposition**

سینیٹر سید شبلی فراز (قائد حزب اختلاف): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی) جناب چیئرمین! بہت بہت شکریہ۔ یہ بڑی عجیب سی بات ہے کہ آپ جب اس Chair پر مسند نشین ہوتے ہیں، گیلانی صاحب کا اپنا ایک مقام ہے لیکن somehow میں زیادہ easy feel کرتا ہوں۔

چیئرمین صاحب! بات یہ ہے کہ میں بغیر کسی تمہید کے اور بات کو طول دیے، موضوع کی طرف آؤں گا کیونکہ یہ ایسا موضوع ہے جو کہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک سیاہ دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ یہ دن جو کہ 24 نومبر کا دن ہے، اس کی بنیاد کیا ہے؟ ہم 24 نومبر تک کیسے پہنچے؟ اس کی بنیاد 8 فروری کو رکھی گئی تھی۔ 8 فروری کو جب پاکستانی عوام نے اپنے جمہوری حق کو exercise کیا تو اس کے بعد آنے والے دنوں میں ایک ایسا ماحول پیدا ہوا جس سے یہ صاف نظر آرہا تھا کہ پاکستان تحریک انصاف جس کو الیکشن سے پہلے بھی متعدد مجبوریوں کا شکار کیا گیا جس میں ہمارا انتخابی نشان سر فہرست تھا، ہم سے ہمارا انتخابی نشان چھینا گیا۔ اس کے باوجود پاکستانی عوام کو سلام ہے کہ باوجود ہر قسم کے مضحکہ خیز انتخابی نشانوں کے، انہوں نے پاکستان تحریک انصاف کے حمایت یافتہ candidates کو ووٹ دیا۔

ہماری لیڈرشپ کو، چیئرمین عمران خان سے لے کر نیچے تک، گرفتار کیا گیا یا ان کو مجبور کیا گیا کہ وہ منظر عام پر نہ آئیں۔ چونکہ وہ ایک ایسا دور تھا جس میں یہ صاف نظر آرہا تھا کہ یہ الیکشن نہ free ہوں گے، نہ fair ہوں گے اور نہ transparent ہوں گے۔ پاکستان کے عوام نے جو نتائج دیے، اس سے یہ صاف ظاہر ہوا کہ انہوں نے جو ماضی کی حکومتیں تھیں، میں ان کو اس لیے ماضی کی کہوں گا کیونکہ اب وہ ماضی بن چکی ہیں، ان جماعتوں کو جنہوں نے اپنے طویل دور اقتدار میں پاکستان کے عوام کے لیے کچھ نہیں کیا، اس ملک کے اداروں کو تباہ کیا، اس ملک کی معاشی ترقی کو صرف اپنے خاندان اور اپنے حواریوں تک محدود رکھا، جس سے پاکستان کے عوام ایک second grade citizen کے طور پر treat کیے گئے۔ 8 فروری کا یہ وہ دن تھا جس میں پاکستان کے عوام نے پرانے

سسٹم کو خیر باد کہا، ان سیاسی جماعتوں کو اور اس سوچ کو جو کہ اس ملک کو بجائے آگے لے جانے کے پیچھے لے جارہی تھیں۔

جب الیکشن ہو گئے اور ہم سے ہمارا مینڈیٹ چرایا گیا تو ظاہر ہے کہ جو اسمبلیاں معرضِ وجود میں آئیں، چاہے وہ قومی اسمبلی ہو، صوبائی اسمبلیاں ہوں یا اس کا consequence سینیٹ میں بھی trickle down آمد ہوئی، جس میں پاکستان تحریکِ انصاف کو بڑا clearly isolate کیا گیا اور ظلم و ستم کی داستانیں رقم کی گئیں۔ یہ واقعات کسی بھی سیاسی جماعت، خاص طور پر وہ سیاسی جماعت جو کہ ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت ہو، جس کا لیڈر سب سے popular leader ہو، اس کو سیاسی کیسز کی بنیاد پر نظر بند کیا جائے، جیل میں ڈالا جائے اور اس قسم کا ماحول پیدا کیا جائے جس سے کہ جمہوریت تو کیا، dictatorship بھی شرمسار ہوتی ہے۔

اس کے بعد بحیثیت سیاسی جماعت اپنے جمہوری، قانونی اور آئینی حق کو استعمال کرتے ہوئے، ہم نے مختلف قسم کی سیاسی سرگرمیاں کیں۔ ظاہر ہے کہ جب آپ کے ساتھ کوئی زیادتی ہو جائے، کسی بھی ملک میں اور کسی بھی معاشرے میں تو اس کے لیے احتجاج نہ کرنا زیادہ پریشان کن اور زیادہ شرمناک ہے بہ نسبت اس کے کہ بحیثیت ایک زندہ قوم، ایک سیاسی شعور رکھنے والی قوم، اپنے ساتھ ہونے والی زیادتی کا ازالہ کرنے کے لیے وہ protest کرے۔ Protest میں جلسے بھی ہیں، جلوس بھی ہے، rallies بھی ہیں اور مختلف قسم کی activities جس کی آئین اور قانون کھلی اجازت دیتا ہے۔ بجائے اس کے کہ ہمیں یہ موقع دیا جاتا، کبھی ہمیں کہیں پر پھینک دیا جاتا ہے اور کبھی کہیں۔ ہم نے permissions لیں لیکن ان کو بھی خاطر میں نہیں لایا گیا۔ ایک رات پہلے انہیں cancel کر دیا جاتا ہے یا پھر ایک رات پہلے وہ permissions دی جاتی ہیں۔ اس سے مقصد یہی تھا کہ پاکستان کے عوام جو کہ اپنا ایک جمہوری حق استعمال کرنا چاہتے ہیں، ان کو deny کیا جائے اور اس کے لیے جو بھی کرنا پڑا، کیا گیا۔

الیکشن ٹریبونلز ایک مذاق بن کر رہ گئے۔ سینیٹ الیکشن جس میں خیبر پختونخوا کے سینیٹرز منتخب نہ ہو سکے جس کی وجہ سے آج کے دن تک یہ ہاؤس نامکمل ہے۔ قومی اسمبلی بھی نامکمل ہے۔ صوبائی اسمبلیاں نامکمل ہیں۔ وہ کس لیے نامکمل ہیں؟ اس لیے کہ وہاں پر کسی اور جماعت کی جو کہ اس وقت برسرِاقتدار ہے، حکومت ہے۔ جہاں ان لوگوں کی ممبر شپ زیادہ ہوتی ہے تو سندھ کا الیکشن بھی

فوراً کروادیں گے، پنجاب کا الیکشن بھی جلدی کروادیں گے، بلوچستان کا الیکشن بھی جلدی کروادیں گے کیونکہ وہاں پر آپ کی تعداد زیادہ ہے لیکن خیبر پختونخوا چونکہ معلوم ہے کہ 2/3rd majority نے وہاں تیسری مرتبہ حکومت کو حق دیا تو وہاں الیکشن نہیں کروائیں گے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ان کو بات کرنے دیں۔ .Let him speak اس کے بعد جو کچھ آپ نے کہنا ہے، کہہ لیں۔ .No point of order, let him complete مہربانی۔

سینیٹر سید شبلی فراز: چونکہ وہ نئے آئے ہیں تو میں ان سے کوئی گلہ نہیں کروں گا۔ آداب سے آگاہی میں انہیں وقت لگے گا۔ اس کے بعد کیا ہوا کہ یہ سلسلہ چلتا رہا اور ہم نے ایک پرامن احتجاج کی call دی اور تمام تر سختیوں کے باوجود لوگ اس میں لاکھوں کی تعداد میں شریک ہوئے۔ کنٹینرز کے ذریعے پورے پاکستان کو بند کر دیا گیا تھا لیکن لوگ آئے۔ کیوں آئے؟ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ایک تو سب سے پہلے اب معاشرہ politically کافی aware ہوگیا ہے۔ پاکستان کے عوام اب یہ سمجھتے ہیں کہ وہ کون ہیں کہ جو ان کے سنہری مستقبل کو تاریک بنارہے ہیں اور وہ کون ہیں جو اس ملک کو تاریکیوں سے نکال کر روشنیوں میں لائیں گے۔ عوام نے بھرپور تعداد میں شرکت کی۔ میں چیلنج کرتا ہوں، خیبر پختونخوا میں۔۔۔۔ میں divert نہیں کرنا چاہتا، ان کی پوری کوشش ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر ایمل صاحب! میں آپ سے ذاتی طور پر request کررہا ہوں، request کا لفظ استعمال کررہا ہوں۔ لیڈر آف دی اپوزیشن بول رہے ہیں، ان کی بات سنیے۔ آپ کی باری آئے گی، آپ ضرور بات کریں۔ میں نے شروع میں کہہ دیا ہے کہ تحمل اور بردباری سے بات سنیں۔ بہت شکریہ۔

(مداخلت)

سینیٹر محسن عزیز: اس کے بعد اگر یہ بات کریں گے تو ہم بھی جواب دیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دیکھیں محسن بھائی! جب میں بات کررہا ہوں تو آپ اس پر نمک مت چھڑکیں۔ میں نے ان کو convey کردیا ہے جو کرنا تھا، .that is all جی آپ بات کریں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: شکریہ، جناب چیئرمین! دیکھیں ہمیں بحث کرنی ہے، ہم نےfacts کو بیان کرنا ہے۔ وہ facts جوverify بھی ہو سکتے ہیں اور پاکستان کے عوام ان کو جانتے بھی ہیں۔ آپ کا پورا حق ہے، آپ بولنے کا اپنا حق استعمال کیجیے گا۔ جب 24 نومبر کا واقعہ ہوا، ہمارے لوگ جب یہاں پر پہنچے۔ جس وحشت اور بے دردی کے ساتھ ان عوام پر ڈائریکٹ گولیاں چلائی گئیں۔ ان پر ایک ایسے طریقے سے گولیاں چلائی گئیں کہ مقصد صرف ڈرانا نہیں تھا بلکہ ان کو شہید کرنا تھا۔ پہلے ہمارے لوگ 12 تھے، اب 13 ہو گئے ہیں، ایک اور زخمی کی death ہو گئی ہے۔ اس وقت 13 شہیدconfirm ہیں، ان کی اکثریت کا تعلق خیبر پختونخوا سے ہے، دو بلوچستان سے ہیں۔ ایک کی مجھےinformation نہیں ہے چونکہ یہ information lateآئی ہے تو اس لیے میں غلط نہیں بتانا چاہتا۔ اس کے علاوہ ہمارے دو سو سے زیادہ کارکن اس وقت لاپتا ہیں۔ اس واقعے کے نتیجے میں ہمارے کوئی پانچ ہزار سے زیادہ لوگ جیل میں ہیں۔ جو اس سے بھی زیادہ ستم ظریفی ہے، وہ یہ ہے کہ جو گولیاں چلائی گئیں، جو لوگ شہید ہوئے، جو لوگ زخمی ہوئے، جو ہسپتالوں تک پہنچائے گئے۔ ہمارےworkers نے ان کو قریبی دو ہسپتالوں، پولی کلینک اور پمز میں پہنچایا۔ ان کو وہاں پر جو بھی ابتدائی امداد دی گئی حالانکہ وہ جتنے بھی شدید زخمی تھے، ان کو attend کیا گیا لیکن اس کا کوئی record نہیں ہے۔ جو اموات ہوئیں، ان کا بھیrecord نہیں دیا گیا۔

جناب چیئرمین! ایک تو آپ اتنا ظلم کرتے ہیں، پھر اس کے بعد آپ یہ کہتے ہیں، اگر میں دیکھوں آپ کے حکومتی وزراء کیpress conferences اس بات پر چل رہی ہیں کہ ایک بندہ بھی نہیں مرا۔ آپ کے وزیر داخلہ نے یہ بات کہی تھی، واقعہ سے پہلے کہا تھا کہ ہم پانچ منٹ گولیاں چلائیں گے اور پھر ادھر کوئی بندہ نظر نہیں آئے گا۔ جناب چیئرمین! جو چیز خطرناک ہے، وہ یہ ہے کہ بے حسی ہے۔ اس صورت حال میں جب آپ کے شہداء کوDeath Certificates نہیں مل رہے ہوں، ان کا post-mortem کرنے کی اجازت نہ ہو۔ خاص طور پر وہ جو disappear ہو گئے ہیں، نظر نہیں آ رہے، اب ہمیں نہیں پتا، ہمارے حساب سے یا تو وہ زندہ ہیں یا مر چکے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ یہ ایک بڑا ہی مناسب demand ہے کہ ان لوگوں کے بارے میں بتایا جائے کیونکہ یہ پاکستانی ہیں، یہ کوئی باہر کے لوگ نہیں ہیں۔ یہ پاکستانی لوگ ہیں۔ انہوں نے احتجاج میں شرکت کی تھی، وہ اس بنا پر کی تھی کہ ان کو اپنا مستقبل نظر آ رہا تھا، وہ اپنے مستقبل

کے لیے کر رہے تھے کہ ایساماحول جس میں تاریکی ہی تاریکی ہو، خاص طور پر نوجوان نسل جو اس ملک کی اکثریت ہے۔ انہوں نےایک جمہوری حق کو استعمال کرتے ہوئےاحتجاج کیا۔ جواب میں ان کو گولیاں ملیں۔ انہوں نے گولیاں کھائیں۔ یہ چیزیں ہیں، ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک بڑاخطرناک موڑآگیاہےاور اس کی وجہ کیاہے۔ دیکھیں اگرآپ کو یاد ہو، یہ ہماری پارٹی کی ترتیب نہیں ہے کہ آپ سپریم کورٹ پر حملہ آور ہو جاؤ، اس وقت جو موجودہ حکومت ہے، یہ اعزاز ان کو جاتاہے۔ انہوں نے سپریم کورٹ کےاندرvandalism کیا۔ اس کے بعد ہماری حکومت تھی۔ آپ تقاریر کر رہے تھے، باہر سے بیٹھے ہوئے، معذرت کے ساتھ ،آپ کے لیڈر چاہےوہ نواز شریف صاحب ہوں یامریم نواز صاحبہ ہوں، وہ بڑی provocative تقاریر کر رہے تھے۔ انہوں نے military leadership کوattack کیا،videos چلیں،اُدھر جلسوں screens پر تصاویر لائی گئیں۔ ہم نے تو یہ کام نہیں کیا۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس ملک میں قانون اورآئین کی بالادستی ہو۔ جمہوریت مضبوط ہو، جمہوریت جمہوری رویوں سےآتی ہے۔ ہر ایک کو اپنااظہار خیال کرنے کی اجازت ہو۔ ہاں، بالکل ایک دائرےکےاندر رہتے ہوئے، ہم یہ نہیں سمجھتے کہ بالکل ایک مادر پدر آزاد ماحول ہو۔

جب ہم دوسری طرف دیکھتے ہیں کہ یہ سب کچھ ہوا، ہم نےتوایک بڑی fair demand کی ہے کہ دو واقعات ہیں، ایک ہے9 مئی کااور ایک 24 نومبر کا ہے۔ہم دونوں واقعات کی بڑی transparent طریقےسےایک Judicial Commission جو سپریم کورٹ کے3 senior most judges پر مشتمل ہو،وہ تحقیقات کرے کیونکہ ہم اپنے مستقبل کی generations کو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ کیا ہوا،حقیقت کیاہے۔ ہم یہ نہیں کہہ رہے کہ ہم سے تحقیقات کرائیں یا اِس سے کرائیں یا اس سے کرائیں۔ ہم نےایک principle سا دےدیاہے۔ اب جب ہم اپنے سیاسی عمل کو آگے لے جاناچاہتے ہیں تو ہمیں یہ کہہ دیاجاتاہے کہ یہ انتشاری ہیں۔ ہمیں کس کس قسم کےالقابات نہیں دیےگئے۔ آپ مسلسل ایسی زبان استعمال کرتے رہے ہیں کہ حالات کو بجائے ٹھنڈا کرنےکےاس نے جلتی پر تیل کاکام کیاہے۔ یہ ایک بڑی ہی غیر ذمہ دارانہ بات ہے کہ آپ اس قسم کی باتیں کریں جس میں آپ پاکستان کی، سب کی اور it is not coming from some common leader, it is coming right

.from the top وزیراعظم شہباز شریف کی یہ بات ہے۔ انہوں نے کہاکہ ہم چھوڑیں گے نہیں۔ سیاسی رہنما کی یہ زبان نہیں ہوتی اور نہ ہونی چاہیے لیکن ہم نے دیکھاکہ شہباز شریف صاحب نےاس طرح سے بات کی ہے، میرا خیال ہے کہ ایک dictator بھی اس طرح کی بات نہیں کرتا۔ ہمیں اس پر سخت اعتراض ہےاور ہمیں اس بات کو سوچنا ہوگا کہ کیاوجہ ہے۔ Economist جوایک بڑا known Magazine ہے، ان کی intelligence unit نے پاکستان کو democracy index پر ایک hybrid Government سےاب ایک authoritarian Government میں classify کر دیا ہے۔ اب آپ یہ تو نہیں کہہ سکتے کہ یہ پی ٹی آئی والوں نے کروایا ہے۔ دیکھیں کچھ حقائق ایسے ہیں جو ساری دنیا جانتی ہے کہ کیا ہوا۔ 24, 25 نومبر کو جو کچھ بھی ہوا،وہ سارا کچھ ساری دنیا کے سامنے ہے۔اگر یہ کہاجاتا ہے کہ ہم نے کیاہے،آپ کوئی CCTV footage, کچھ proof, کچھ videos تو آپ share کریں۔ صرف الزام تراشی سے، بجائےاس کے کہ آپ زیادتی بھی کرتے ہیں اور پھر آپ کہتے ہیں کہ زیادتی ہم نے کی ہے۔ او بھائی! ہم تو نہتے لوگ ہیں، ہم نے کیازیادتی کرنی ہے، ہم تواتنے دور سے چل کر آئے تھےاور وہاں پر اپناایک جمہوری حق استعمال کر رہے تھے۔ میں یہ سمجھتاہوں کہ یہ کمیٹی بنی چاہیے کیونکہ اس سے دودھ کادودھ اور پانی کاپانی ہو جائے گا۔

نمبر۲، ہم نے یہ دیکھناہے کہ اس پورےواقعے میں باقی سیاسی جماعتوں کا کیا رد عمل تھا،بہت دکھ ہوا۔ آج یہ ہمارے ساتھ ہورہاہے، کل یہ آپ کے ساتھ ہوگا۔ یہ جس طرح کے نئے levels بنائے جارہے ہیں، جونئے معیار طے کیے جارہے ہیں،اس سے پاکستان کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ آپ نےدیکھاکہ اس دن نیب کے چیئرمین اپنی تقریر میں کہہ رہے تھے کہ 1.2 million people have left this country لیکن ان کی پریشانی کی وجہ یہ نہیں تھی۔ ان کی یہ پریشانی تھی کہ یہ پیسے کیسے لے کر گئے ہیں؟ افسوس ہے، اگر وہ ایک ہزار ڈالر بھی لے کر گئے ہیں تو 1.2ارب ڈالر وہ بھی بن جاتا ہے لیکن issue یہ نہیں ہے یہ تو ایک flight of capital ہے لیکن اس سے زیادہ پریشان کن بات یہ ہے کہ لوگ اس ملک سے کیوں جارہے ہیں؟ یہ وہی لوگ ہوں گے جو پڑھے لکھے ہوں گے اور یہ وہی لوگ ہوں گے جن کو visas ملیں ہیں۔ ان کی معاشرے

میں کوئی حیثیت ہوگی، لکھے پڑھے intelligent لوگ وہاں سے نکل گئے ہیں اور ہمیں کوئی پرواہ ہی نہیں ہے۔

جناب والا! اگر اس طرح سارے اچھے لوگ باہر چلے جائیں تو پھر اس ملک کا کیا مستقبل ہوگا؟ ہم اس ملک کو ہمیشہ قرضوں پر تو نہیں چلا سکتے؟ ہم نے اس ملک کو آگے لے کر جانا ہے اور اس کے لیے ہمیں کچھ چیزیں کرنی ہوں گی جو کہ ہمارے آئین میں بھی لکھی ہوئی ہیں اور جو اس سے زیادہ جمہوری قدریں ہیں، جمہوری اقدار ہیں اور رویے matter کرتے ہیں۔ اگر آپ کا رویہ جمہوری ہوگا تو آپ کئی قوانین جو کہ آپ بناتے ہیں اور موجود ہوتے ہیں لیکن آپ اس کا مکمل استعمال نہیں کرتے کیوں کہ آپ ایک گنجائش چھوڑتے ہیں۔

یہاں پر جو قانون پاس کیا گیا، Islamabad Public Order or Public Safety کا، جو بھی تھا وہ اسی ایوان سے پاس ہوا، نیشنل اسمبلی سے پاس ہوا یعنی ہم سیاسی لوگوں نے اس کو پاس کیا چاہے کچھ بھی ہو ذمہ داری ہم پر ہی عائد ہوگی۔ کل جب لوگ دیکھیں گے تو وہ ہم کو ہی کہیں گے لیکن دوسری طرف ہم نے بڑی عجیب چیز دیکھی کہ آزاد جموں و کشمیر میں جب یہی قانون پیش ہوتا ہے، approve ہو جاتا ہے تو وہاں کے عوام ایک پر امن احتجاج کرتے ہیں firm طریقے سے کرتے ہیں اور وہ قانون واپس کر دیا جاتا ہے۔ salute to the people of Azad Kashmir لیکن میں ساتھ میں ان کو بھی کہوں گا، جو اہل طاقت تھے اور اہل اقتدار تھے۔ انہوں نے بھی اپنے لوگوں کے ساتھ ایسا ظلم نہیں کیا ورنہ وہ بھی کر سکتے تھے container لگا کر کہتے کہ ٹُن دو لیکن ایسا نہیں ہوا، کیا ہوا؟ ایک اچھا image گیا، ایک اچھا تاثر گیا کہ عوام کی منشا سے ایک کام جو کہ وہ سمجھتے تھے کہ ٹھیک نہیں ہے، اس کو انہوں نے achieve کیا۔

جناب چیئرمین! اس کے بعد آخر میں دو چار باتیں ہیں۔ دیکھیں ہماری democracy کی جو backsliding ہوئی ہے، جمہوریت کا جو ایک veneer تھا وہ بھی اس بنیاد پر compromise ہوا کہ ہم نے اقتدار کو ترجیح دی اور ہم نے جمہوریت کے جو بنیادی تقاضے ہیں جس میں ایک free and fair election, ایک freedom of speech اور جتنے بھی لوازمات جو کہ جمہوریت سے تعلق رکھتے ہیں جس میں سے ایک میڈیا ہے۔ اب اگر آپ میڈیا کو دیکھیں تو معذرت کے ساتھ ان کا کوئی قصور نہیں ہے they are honourable

people who are earning their livelihood اگر آپ اس وقت بھی دیکھیں Leader of the Opposition, forget about Shibli Faraz, they will come and go. I am talking about Leader of the Opposition جو کہ اس ایوان کا اہم ستون ہے، اس کی تقریر بھی اس وقت میڈیا پر نہیں دکھائی جا رہی ہو گی، میں آپ کو assure کرتا ہوں کیوں کہ نہ تو دکھائی گئی اور نہ آج دکھائی جائے گی۔ میری تقریر دکھانے سے کیا ہوگا؟ میں کون سی ایسی باتیں کر رہا ہوں جس سے خدانخواستہ اس ملک کی سالمیت کو خطرہ پہنچ رہا ہے۔ میں تو عام باتیں کر رہا ہوں لیکن یہ رویہ کہ آپ میڈیا پر نہیں دکھائیں، ہر چینل PTV بن گیا ہے۔ آپ اخبار دیکھیں تو ہر اخبار، آپ کو یاد ہوگا ایک اخبار پاکستان ٹائمز ہوتا تھا، ہر اخبار آج کل پاکستان ٹائمز بن گیا ہے۔ یعنی یہ چیزیں جس میں کہ آپ election controversial کروائیں۔ ایک ایسی حکومت لے کر آئیں جو کہ legitimate نہ ہو پھر آپ ایسے قوانین پاس کریں جو کہ ہر لحاظ سے غیر جمہوری ہوں، پھر آپ زور بازوؤں سے آئین میں بھی ترامیم کر لیں اور Opposition کو سر کھجانے کی بھی اجازت نہ ہو تو پھر کیا ہوگا۔

جناب والا! یہ ایک ایسی پارٹی ہے، میں repeat کرتا ہوں کہ یہ ایک ایسی پارٹی ہے جو کہ اس ملک کی majority اور اس ملک کے عوام کی نمائندگی کرتی ہے۔ یہ کوئی چھوٹی سے چھوٹی پارٹی بھی کیوں نہ ہو، چاہے وہ MPA کیوں نہ ہو۔ اس کو بھی حق پہنچتا ہے، ہماری خیبر پختونخوا میں حکومت ہے، آپ وہاں پر جلسے کریں، ہمیں گالیاں دیں، آپ جو بھی کرتے ہیں کریں۔ آپ جلسے کریں ہم آپ کو facilitate کریں گے، ہمیں اس میں کوئی بھی عار نہیں ہے بلکہ ہم آپ کی مدد کریں گے اور ہم آپ کے لیے ساری logistics برابر کریں گے۔

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: آپ پختونوں کی نمائندہ جماعت ہیں، ہم اس کی قدر کرتے ہیں لیکن آپ کو آواز اٹھانی چاہیے کہ اس وقت آپ کے صوبے سے 11 Senators نہیں ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: لیکن، ٹھیک ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب والا! آخر میں، ہماری پارٹی اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ مذاکرات ہونے چاہیں، مختلف مواقع آتے ہیں، مختلف حالات ہوتے ہیں اور اس کے مطابق ہی چلنا ہوتا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان صاحب نے پانچ ممبرز پر مشتمل ایک مذاکراتی team تشکیل دی ہے۔ ہمارے بڑے serious, senior, mature and genuine party workers ہیں جو کہ اس کمیٹی میں شامل ہیں اور یہ کمیٹی ہر ایک سے مذاکرات کرنے کو تیار ہے۔

جناب والا! یہ ملک اس تناؤ، اس اضطراب اور بے یقینی کی صورت حال میں زیادہ عرصہ نہیں چل سکتا۔ ہماری معاشی حالت ہمیں اس بات کی اجازت نہیں دیتی۔ کیوں کہ صرف inflation کا control ہونا کوئی بات نہیں ہے۔ جب آپ نے قیمتیں آسمان پر اتنی زیادہ بڑھادیں پھر ادھر اگر 2,3 points or 4,5 points کی مہنگائی ہو تو ظاہر ہے وہ کم نظر آئے گی مگر حقیقت یہ ہے کہ مہنگائی نے اس ملک میں middle class تو کیا even اس ملک میں upper middle class کے بھی چولہے ہلادیے ہیں۔ یہ ملک اس طرح نہیں چل سکتا۔ آئیں آپ ہمارے بھائی ہیں، آپ پاکستانی ہیں، آپ ہمارے دشمن نہیں ہیں اور نہ ہم آپ کے دشمن ہیں۔ ہمارے سیاسی اختلافات ضرور ہوں گے اور ہونے بھی چاہیں لیکن ہمیں ایک دوسرے سے ذاتی دشمنی نہیں کرنی چاہیے، ملک اس کا متحمل نہیں ہو سکتا۔

میری یہ درخواست ہوگی کہ آپ بالکل سیاسی قبلے پر قائم رہیں، اس پر بالکل compromise نہ کریں۔ آپ اس میں رہتے ہوئے گفت وشنید کریں۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ یہ ملک ایسے ہی چلتے رہنا چاہیے تو پھر ٹھیک ہے ہم نے تو اپنا فرض پورا کر دیا ہے، ہم اپنی سیاسی جدوجہد جاری رکھیں گے، ہم اپنے احتجاج بھی اور ہم سے جو بھی ہو سکا، ہم آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے ہم وہ کریں گے کیوں کہ یہ ہماری جماعت ہے، یہ پاکستان کے لوگوں کی نمائندگی کرتی ہے، ایک ایسا لیڈر ہے جو کہ اپنے اس ملک میں انتہائی مقبول ہے۔ ہم اس کو ذاتی دشمنیوں کی بھینٹ نہیں چڑھا سکتے کیوں کہ یہ ملک ہم سب کا ہے۔ ہم سب کے بچوں نے یہاں پر ہی بڑا ہونا ہے، ہمارے ملک کے بچوں نے یہاں پر اپنا مستقبل تلاش کرنا ہے، ایسے حالات نہ ہوں کہ جس طرح بارہ لاکھ، یہ تو official figure ہے کہ وہ تو ملک چھوڑ کر چلے گئے ہیں، ایسا نہیں ہونے دینا۔

جناب چیئرمین! ہماری یہ درخواست ہے اور میں تو as a Leader of the Opposition, as a Senator, as a Pakistani and as a person belonging to the Khyber Pakhtunkhwa یہ ملک ہمارا ہے اور اس ملک کے لیے ہر ایک نے قربانی دینی ہے لیکن یہ نہیں کہ شہیدوں کی صورت میں قربانی دیں۔ ہمارے صوبے میں جو دہشت گردی ہو رہی ہے، ہم نے اس کا قلع قمع کرنا ہے۔ بلوچستان میں جو دہشت گردی ہو رہی ہے ہم نے اس کا قلع قمع کرنا ہے۔ بجائے اس کے کہ ہم سیاسی ہر مسئلے کو سیاست کی بھینٹ چڑھائیں، ہم نے ایک دوسرے کے ساتھ cooperate کرنا ہے۔ یہ میرے کچھ خیالات تھے جو میں نے بیان کر دیے اور میں شکریہ ادا کرتا ہوں کوئی زیادہ لوگ نہیں ہیں لیکن کچھ بیٹھے ہوئے ہیں چونکہ آپ تقریر کو TV پر بھی نہیں چلاتے تو بس یہ مختص رہے گی۔

جناب چیئرمین! میں آپ سے اجازت چاہوں گا۔ آپ کے تحمل اور آپ کی بردباری کا بہت شکریہ۔ again say اکہ مجھ میں فصاحت اور بلاغت کچھ زیادہ آ جاتی ہے جب میں آپ کو مسند نشین دیکھتا ہوں، بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ سینیٹر سید شبلی فراز صاحب۔ I am highly grateful. ماشاء اللہ آپ کی tone, آپ کا tanner, آپ کی spirit, آپ کی diction, ساری چیزیں ماشاء اللہ بہت عمدہ تھیں اور آپ نے اپنا point of view بہت اچھے طریقے سے اور خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کیا۔

Now I would request Leader of the House, Mr. Ishaq Dar to deliberate on this issue.

**<u>Senator Mohammad Ishaq Dar (Leader of the House)</u>**

سینیٹر محمد اسحاق ڈار (قائد ایوان): جناب پریذائیڈنگ آفیسر صاحب! میں آپ کا مشکور ہوں۔ میرے دوست، بھائی جناب شبلی فراز صاحب نے باتیں کیں اور بہت تحمل سے میں نے کوشش کی کہ note بھی کروں اور سنوں بھی۔ ہمیشہ ہی بہت تحمل کے ساتھ سنتے ہیں۔ تو بات یہ ہے کہ میں by nature reconciliation کا believer ہوں اور ماضی میں میں نے بہت reconciliations کیں ہیں۔ آپ بھی اس کے witness ہیں، شبلی صاحب بھی ہیں۔ یہ

میں پچھلے دس سال سے زیادہ، بلکہ پچھلے پچیس سال کی بات کر رہا ہوں اور یہ 2014 والا بہت پرانا واقعہ نہیں ہے۔

میں believe کرتا ہوں کہ ان چیزوں کو دیکھنا چاہیے۔ میں کوشش کروں گا کہ اپنی طبعیت کے مطابق کوئی ایسی بہت زیادہ بات نہ کروں جس سے کوئی دِل آزاری ہو لیکن مجھے حقائق کو ضرور یاد کروانا پڑے گا۔ میرے بھائی نے آٹھ فروری کے الیکشن سے بات شروع کی۔ بالکل آٹھ فروری کے الیکشن پر ان کی درجنوں petitions اس وقت courts میں لگی ہوئی ہیں لیکن what goes around, comes around. یہ تو ماشاء اللہ ان کو بھی پتا ہے اور ہمیں بھی پتا ہے کہ ایک قدرت کا نظام ہے۔ اگر انہوں نے اس کا حساب ہی کرنا ہے تو پہلے 2018 کا حساب دے دیں اور 2018 کے حساب میں پوری دنیا کو پتا ہے کہ کیا ہوا تھا، الیکشن کس نے جیتا تھا اور کس کو جتوایا گیا۔ یہ ہمیں مل کر اس کا فیصلہ کرنا پڑے گا اور مجھے یاد ہے کہ جب میں charter of economy کی بات کرتا تھا اس وقت مجھے اس حوالے سے بالکل کوئی support نہیں ملی۔ 2013 میں، 2014 میں، 2015 میں میں نے تین تین سال کا، بجٹ کے ساتھ، medium term framework بھی دیا کہ چلیں آئیں، تین سال سے شروع کرلیں، پانچ سال سے شروع کرلیں، تو اس وقت کوئی بھی نہیں آیا۔ لیکن جب موقع ملا اور اپنی حکومت آئی تو پھر charter of economy یاد آگیا۔

اس وقت بات ہوئی تو unfortunately ہماری سیاست میں جو ذاتیات پر اُترنا اور اس طرح کی جو دوسری چیزیں ہیں، وہ بہت معیوب ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر آٹھ فروری کے الیکشن پر کوئی گلہ شکوہ ہے تو courts اس کا فیصلہ کریں۔ Courts کے پاس ان کی petitions لگی ہوئی ہیں، courts میں tribunals کا ذکر ہوا۔ تو law کا due process اگر ان کے مطابق 2018 میں follow ہوا تو اب بھی وہی system courts follow کر رہی ہیں۔ لیکن اگر یہ کہا جاتا ہے کہ 2024 کا الیکشن کسی اور نے جیتا، mandate کسی اور کا تھا اور دے کسی اور کو دیا تو پھر معاملہ 2018 سے شروع کرنا پڑے گا۔ آپ 2018 کا ہمارا mandate لوٹا دیں۔ ہم اُس کو لے کر اپنی term پوری کر لیتے ہیں پھر آپ 2024 کا اپنا mandate لے لیں اور پھر اُس کی term پوری کر لیں۔

یہ تو ایک حقیقت ہے اور ساری دنیا کو اس کا پتا بھی ہے کہ کیسے لوگ اغوا ہوئے اور کیسے دو دو دن اور بہتّر بہتّر گھنٹے تک کئی حلقوں کے نتائج روکے رکھے اور پھر نتیجہ جو کہ pre orchestrated تھا وہ 2018 میں دیا گیا۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ two wrongs don't make one rightاور یہ بات بالکل صحیح ہے لیکن یہ الیکشن کرانے کاmandate مسلم لیگ (ن) کے پاس تو نہیں تھا۔ ہم نے آپس میں مل کر جو آپ نے نام دیا تھا اسی کو endorse کرکے Chief Election Commissioner مقرر کیا۔ Even 2014 میں آپ نے جو Election Commission Secretary کا نام دیا تھا وہ میں نے negotiate کرکے، ان کی مرضی کا بندہ لگایا۔ عمران خان جس کو NADRA کا چیئرمین لگانا چاہتے تھے، ہم نے اُس کو چیئرمین لگایا۔

تو بات یہ ہے کہ ہم نے ماضی سے سبق نہیں سیکھا اور یلغار سے کوئی بھی معاملات حل نہیں ہوتے۔ Peaceful احتجاج obviously ہر ایک کا آئینی حق ہے اور اس میں کوئی دوسری رائے نہیں ہے لیکن وہاں public resources استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے جس میں state یا خزانے کے وسائل، جیسے کہ vehicles, gas کے shells اور دیگر چیزیں شامل ہیں۔ دیکھیں، اگر ہم ایک دوسرے کو کہیں گے کہ میں بات کہہ دوں اور میں یہ کہوں کہ باقی لوگ اس سے واقف نہیں ہیں تو یہ بات ٹھیک نہیں ہے۔ سب لوگ اس سے واقف ہیں۔ آج کل تو اتنا advance media اور سارا system ہے کہ وہ سارا available ہے۔ پھر انہوں نے کہا کہ اس کا سینیٹ میں بھی trickle-down effect ہوا۔ بالکل ہوا ہوگا۔ اگر کوئی ,percentage میں 2024 کی بات کر رہا ہوں، تو .same applies to 2018 اس کا بھی اس وقت کے سینیٹ کے الیکشن پر impact ہوا تھا اور with great luck اس وقت پھر ظاہر ہے ایک جماعت کو 2018 کے الیکشن کا اتنا فائدہ ہوا کہ virtually اس House میں 40 percent seats ان کے پاس تھیں۔ You know, facts موجود ہیں اور آپ انہیں check کر لیں۔

تو دیکھیں، اگر ہم یہ سوچیں کہ جو دوسری side کی غلطیاں ہیں، وہ غلطیاں ہیں اور جو ہماری side نے کیا وہ نہیں ہیں۔ میں تو یہ کہتا ہوں کہ نہ انہوں نے 2018 میں کیا ہوگا اور نہ ہم نے 2024 میں کیا ہے۔ کرنے والے تو، ہم تو میدان میں ہوتے ہیں، ہم تو الیکشن لڑ رہے ہوتے

ہیں۔ ان کی جماعت بھی اور ہماری جماعت بھی۔ تو پھر کوئی ایسا راستہ نکالیں اور اس ملک کی بہتری کے لیے کچھ ایسا سوچیں کہ ہم ایسی چیزیں کریں کہ جس سے ہماری آنے والی نسلیں، جیسا کہ میرے بھائی honourable Leader of the Opposition نے کہا کہ ہم نے ان کو کچھ دے کر جانا ہے۔

جو ان کے points ہیں میں ان کا جواب دینے کی کوشش کرتا ہوں۔ انہوں نے فرمایا کہ عمران خان پر سیاسی مقدمات ہیں۔ یہ سارے مقدمات عدالتوں میں لگے ہوئے ہیں اور کئی جگہوں پر courts نے ان کو relief بھی دیا ہے اور اگر ان کا relief بنتا ہے تو بالکل دینا چاہئے۔ لیکن پھر وہی بات ہے جو 2018 میں ہوا۔ کیا NAB کے چیئرمین کو بلا کر نہیں کہا جاتا تھا کہ تم فلاں کے against یہ بناؤ۔ کیا بشیر میمن کو بلا کر نہیں کہا گیا کہ تم خواجہ آصف کے خلاف مقدمے بناؤ۔ یہ تو ایک کھلی حقیقت ہے۔ سب کو پتا ہے اور وہ characters confess کر چکے ہیں۔ آج تو کسی سرکاری ملازم کی ایک بھی confession نہیں ہے کہ جی کسی کے کہنے پر انہوں نے مقدمہ بنایا ہے لیکن to the best of my information and honesty میں یہ کہہ رہا ہوں کہ حکومت نے کسی کو کسی کے خلاف مقدمہ بنانے کے لیے نہیں کہا، جتنا مجھے علم ہے۔ اگر کسی کے پاس کوئی ثبوت ہے کہ حکومت involve ہے اور وہ ثبوت دیں، میں سب سے پہلا آدمی ہوں گا جو جا کر حکومت اور وزیر آعظم صاحب سے بات کروں گا۔

ہم سب نے اللہ کو جان دینی ہے۔ تو بات یہ ہے کہ جیسے انہوں نے فرمایا کہ احتجاج کرنا اور جلسہ جلوس اور ,rallies کرنا بالکل جائز ہے، لیکن خدا کے لیے peaceful رہیں۔ اب آپ کے ساتھ engagement رہی اور آپ نے خود فرمایا کہ ان دو Houses نے اس law کو pass کیا۔ اس law کے بعد ویسے بھی Islamabad High Court جس پر آپ کو، اچھا ہے ہم سب کا trust ہونا چاہیے، انہوں نے کہا کہ Islamabad is no-go area اور یہاں کوئی rallies نہیں ہونی چاہیں۔ تو کیا ہمیں اس کی respect نہیں کرنی چاہیے۔ جہاں ہمیں قانون relief دے تو ہم خوش ہیں، جہاں ہماری مرضی کے خلاف کوئی چیز ہے تو ہم اس کو ماننے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ تو اس پر contempt of Court ہوئی لیکن میرا نہیں خیال، یہ وزیر قانون کو پتا ہوگا کہ اس کے نتیجے میں اگر کوئی contempt notice issue ہوئی ہے۔ میں نے

media میں بھی دیکھا ہے کہ کوئی contempt notice issue نہیں ہوا حالانکہ وہ ساری کی ساری contempt تھی۔ یعنی court کہہ رہی ہے کہ آپ داخل نہیں ہو سکتے اور یہ بھی دیکھیں کہ aim D-Chowk تھا۔ Why D-Chowk? Why not Sangjani, for example. وہ ان کو offer کیا گیا۔ یہ میں وہ چیز نہیں کہہ رہا کہ جو مجھے پتا ہے اور قوم کو نہیں پتا، یا عوام کو نہیں پتا، یا میرے بھائی کو نہیں پتا۔ وہ offer کیا گیا، Interior Minister engage رہا اور کئی rounds ہوئے۔ لیکن انہوں نے کہا کہ نہیں، ہم نے تو اسلام آباد جانا ہے۔ اب یہ دیکھیں with all due respect, why you choose کہ کیا یہ ہمارا ملک ہے اور ان کا نہیں ہے۔

چودہ اکتوبر ہوتی ہے، چائنہ کے وزیر اعظم نے پاکستان bilateral کے لیے آنا ہے اور آپ announce کرتے ہیں کہ چودہ اکتوبر کو ہم نے اسلام آباد پر چڑھائی کرنی ہے۔ او بھائی بعد میں کر لینا۔ پندرہ سولہ کو SEO کا اجلاس ہو رہا ہے۔ ستائیس سال کے بعد پاکستان میں کوئی دس وزرائے اعظم اکٹھے ہو رہے ہیں، ستائیس سال کے بعد after 1997 مجھے یاد ہے۔ ایک دو countries کے علیحدہ علیحدہ آتے رہتے ہیں لیکن اس طرح اکٹھے نہیں ہوئے۔ Shanghai Corporation ہے، Russia ہے، China ہے، سارے بڑے countries ہیں اور وہ پاکستان آرہے ہیں اور ہم announce کر دیتے ہیں کہ ہم نے چودہ کو شروع کرنا ہے اور پندرہ سولہ کو ہم نے کسی، ہم کیا چاہتے ہیں؟ کیا یہی وہ پوری ایک سو چھبیس دن والی history ہم repeat نہیں کر رہے۔ اس وقت بھی کیا تھا، پینتیس پنکچر اور چار seats ہیں اس کے حلقے کھولیں پینتیس پنکچر تھے۔ مرضی کے مطابق، یعنی ایک point پر وہ negotiations break ہو گئی۔ اس وقت اس team میں محترمہ انوشہ رحمان صاحبہ شامل تھیں۔ ان کی طرف سے جہانگیر ترین صاحب، شاہ محمود قریشی صاحب، اسد عمر صاحب اور سارے لوگ تھے۔ یہ break ہو گیا، اس کے باوجود I did not give up. And with the approval of Mian Nawaz Sharif from our side and with approval of Imran Khan on their side and Jahangir Tareen was authorized. ہم نے تین ہفتے بیٹھ کر revisit کیا اور کوشش کی اور اس میں تھا کہ Secretary Election

we ان کی مرضی کا ہو گا، NADRA کا چیئرمین ان کی مرضی کا ہو گا، Commission
.delivered اس کے بعد agreement sign ہوا، ان کے پاس بھی copy ہے اور ہمارے پاس بھی موجود ہے۔ اس میں لکھا گیا کہ اگر 35 punctures نہ نکلے تو ہم قوم سے معذرت کریں گے۔ 126 دن کا دھرنا huge loss تھا، ابھی وزیراعظم صاحب کو Finance Ministry نے number دیا ہے کہ 190 ارب کا daily معاشی loss ہے تو 126 دن دھرنا ہوا۔ اس دوران APS کا سانحہ ہو گیا۔

جناب! میں نے ان کو through شاہ محمود قریشی اور جہانگیر ترین convince کیا کہ آپ کو invite کیا جاتا ہے اور آپ پشاور میں آئیں۔ ہم بڑی مشکل سے convince کر کے لے گئے، وہاں پر جو کچھ ہوا۔ آپ کو یاد ہے، اس کے بعد National Action Plan بنا، وہ سارا کام آپ کے سامنے ہے۔ اس کے بعد جب Judicial Commission بنانے کی باری آئی، ہمیں dictate کیا گیا کہ یہ نام ہونے چاہئیں اور Chief Justice of Pakistan ہونے چاہئیں، میں نے کہا کہ بسم اللہ، اس وقت جناب ناصر الملک صاحب چیف جسٹس تھے اور دو ساتھ اور تھے۔ وہ انہی کا بنا اور کمیشن نے اپنی کارروائی کی اور اپنا کام پورا کیا اور اس کے بعد انہوں نے کہا کہ normal irregularities ہیں، کوئی 35 punctures نہیں لگے۔ انہوں نے جس معذرت کا وعدہ کیا تھا، وہ آج تک نہیں آئی۔ Judicial Commission کی وہ report 2015 میں آ گئی تھی، 9 سال ہو گئے ہیں۔

بہرحال، میں کہتا ہوں کہ اس وقت بھی China کے President نے آنا تھا۔ جن کو پتا نہیں ہے تو میں آج بتا رہا ہوں کہ چینی سفیر میرے پاس آئے اور انہوں نے کہا کہ یہ آپ کی بات سنتے ہیں، آپ ان سے request کریں کہ یہ اپنا دھرنا تین دن کے لیے postpone کر دیں تاکہ President of China visit کر لیں، ان کو request کی گئی لیکن یہ نہیں مانے۔ چینی سفیر میرے پاس آیا، میں نے ان سے کہا کہ آپ ان کی پارٹی کے لیڈر عمران خان صاحب سے ملیں، یہ ان سے confirm کر لیں اور چینی سفیر ان کے پاس گیا جو آج کل China کا Vice Foreign Minister Sun Weidong ہے، وہ گیا اور انہوں نے نہیں مانا۔ کس کا

interest ہے، پاکستان کا interest نہیں ہے۔ CPEC delay ہوا، تقریباً ایک سال کی تاخیر کے بعد President of China آئے جب دھرنا ختم ہو گیا اور سب کچھ ہو گیا۔

جناب! اسی طرح 14 اکتوبر آپ کے سامنے ہے۔ اب تین ہفتے پہلے announce ہو چکا تھا کہ بیلاروس کا صدر پاکستان آرہا ہے۔ مجھے یاد ہے کہ میرے بھائی کی وفات ہوئی اور مولانا فضل رحمان صاحب کا PTI کے ساتھ National Assembly میں alliance type ہے تو وہ تعزیت کے لیے تشریف لائے۔ میں نے کہا حضرت کیا یہ ملک کا معاملہ نہیں ہے، آپ ان کے ساتھی ہیں، آپ ان کو convince کریں کہ براہ مہربانی 14, 15 and 16 کو SCO ہونے دیں اور اس کے بعد آپ اپنا احتجاج کریں یا آپ نے جو بھی کرنا ہے، کریں۔ مولانا فضل رحمان صاحب نے ایک منٹ لئے بغیر کہا کہ آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں۔ مولانا فضل رحمان صاحب کو یہ credit جاتا ہے۔ میں ان کو convince کرنے کی کوشش کروں گا۔ ہم اس وقت 26th amendment لا رہے تھے تو انہوں نے کہا کہ آپ بھی اس amendment کو defer کر دیں، میں نے کہا کہ اس کو defer کر دیتے اور اس کو روک لیتے ہیں۔ ملک کے لیے اس کو روک کر احتجاج delay ہو سکتا ہے۔ 10 and 11 countries کے سربراہان آرہے ہیں۔

جناب! ہمیں افسوس ہے کہ جو dates چنی جاتی ہیں تو دیکھا جاتا ہے کہ پاکستان میں کوئی خاص activity ہونے والی ہے۔ جو نقصان ہوتا ہے، وہ مجھ اکیلے کا تو نہیں ہوتا، نہ honourable Leader of the Opposition کا ہے، وہ پوری قوم کا نقصان ہے اور وہ نقصان 190 ارب روز کا ہے۔ میرے بھائی نے کہا کہ KP سے 11 Senators elect ہونے ہیں، بالکل بڑی افسوس ناک بات ہے۔ خدا کے لیے ان کو elect کروائیں، election کو کس نے روکا ہوا ہے، حکومت نے روکا ہوا ہے، وفاقی حکومت اس میں کوئی problem create کر رہی ہے؟ آپ election کروائیں اور 11 Senators کو یہاں پر لائیں، آپ 85 کے ایوان کو 96 تک لے کر جائیں، میں آپ کو welcome کرتا ہوں۔ اس سلسلے میں ہم سے جو assistance چاہیے، ہمیں وہ بتائیں کیونکہ Law Minister صاحب بیٹھے ہیں، we will give all the cooperation. یہ آپ کا وہاں پر اپنا فیصلہ ہے کہ ہم نے elections نہیں ہونے دینے۔ مجھے پتا نہیں ہے کہ ہم کیا service کر رہے اور اس ایوان کی کیا خدمت کر رہے

ہیں۔ یہ جو symbol of the Federation ہے، اس کی کیا خدمت کر رہے ہیں اور پارلیمنٹ کی کیا خدمت کر رہے ہیں۔ آپ براہ مہربانی جتنی جلدی elections ہو سکتے ہیں، وہ کروائیں۔

جناب! انہوں نے فرمایا کہ 24 نومبر کو لاکھوں کی تعداد میں لوگ آئے اور اس کے ساتھ انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ زخمی ہونے والے لوگوں اور جن لوگوں کی اموات ہوئیں، ان کا کوئی certificate نہیں دیا گیا۔ ہر political party جب لوگ ہزاروں کی تعداد میں ہوتے ہیں تو وہ لاکھوں کی تعداد کہتے ہیں، اگر لاکھوں کی تعداد ہو بھی تو لوگ ہزاروں کہیں گے کیونکہ لوگوں کو پتا ہوتا ہے کہ کتنا نمبر ہوتا ہے، نظر آتا ہے اور independent reports بھی ہوتی ہیں۔ میں اس میں جائے بغیر کہوں گا کہ کیا یہ صحیح ہے، سارے clips موجود ہیں، آپ کی جو frontline ہے یعنی کہ ہر اول دستہ میں foreign nationals ہیں۔ وہ پوری طرح equipped ہیں، ان کے پاس ammunition ہے، ان کے پاس لاٹھیاں، غلیلیں اور بنٹے ہیں جو کہ جو ایک 111 brigade کے brigadier کے سر پر لگا۔ آپ مجھے یہ بتائیں کہ ہم کوئی دوسرا ملک فتح کرنے جا رہے ہیں کہ یہ سب کچھ کر رہے ہیں۔ کیا یہ احتجاج peaceful کہلایا جا سکتا ہے کہ جو پہلی front row ہے جو 100 and 150 بندے ہیں، ہر اول دستہ وہ clear کرے گا تو پھر honourable leadership آئے گی۔ آپ آگے آئیں، آپ hire کرکے کیوں لائے ہیں اور وہ arrested ہیں اور بندوں نے بتایا ہے کہ ان کو کتنی دیہاڑی ملی ہے اور کس term پر وہ engage کئے گئے ہیں۔ More than three dozen are Afghani nationals. خدا کے لیے ہم سب کا ملک ہے، آپ بھی کہتے ہیں، میں بالکل honourable Leader of the Opposition believe کرتا ہوں، you were speaking from heart, so am I. ہم راستہ نکالیں کہ اس کا کیا حل ہے۔

جناب! آپ نے 9 مئی کو تمام redlines cross کیں، میرے جیسا reconciliatory آج کچھ نہیں کر سکتا جب تک ان کا فیصلہ نہ ہو۔ I was hopping کہ 9 نومبر کو logical conclusion پر پڑے اور میرے جیسے بندے بیچ میں ڈل کر اس کا کوئی حل نکالیں۔ آپ نے پھر 9 مئی 24 نومبر کو کر دیا۔ آپ نے چار rangers اہلکار مار دیے، آپ نے دو

پولیس کانسٹیبلز مار دیے، ایک policeman مار دیا، وہ تو حقیقت ہے۔ میرے بھائی نے کہا کہ ہم زخمیوں کو لے کر گئے۔ By the way 232 لوگ زخمی ہیں، تقریباً 57 Islamabad سے ہیں اور باقی Punjab Government سے ہیں۔ ان میں درجنوں لوگ serious حالت میں آج بھی ہیں یعنی 232 کے قریب لوگ serious حالت میں ہیں۔ ہم most welcome کرتے ہیں کہ آپ ان کو visit کریں اور دیکھیں کہ کیا حالت ہے۔

جناب! اب اموات بھی confirm ہیں اور آپ کے پاس سارے زخمیوں کی lists موجود ہیں، یہ ہوا میں بات نہیں ہو رہی۔ اب میرے بھائی کہہ رہے کہ certificates نہیں دیے گئے، ٹھیک ہے کہ certificate نہیں دیا گیا۔ بھائی! اگر کوئی بندہ فوت ہوا ہے اور مارا گیا ہے، اس کے particulars تو ہوں گے تو please particulars دیں، ان کے شناختی کارڈز دیں۔ میں اس کے ساتھ اس کی تحقیق کرواتا ہوں کہ خدانخواستہ واقعی ایسا ہے کہ نہیں ہے۔ آپ نے پوری دنیا میں تشہیر کر دی۔ مجھ سے آج کچھ diplomats ملنے کے لیے آئے تھے، میں نے ان کو بتایا کہ اگر وہ ہمیں کچھ دیں گے تو ہم بالکل اس کی verification کروائیں گے۔ PIMS نے notification issue کیا کہ ان کے پاس تو کوئی dead body نہیں آئی اور پھر Poly Clinic نے بھی یہی کام کیا۔ خدانخواستہ آپ کے واقعی کوئی بندے مرے ہیں تو آپ کو ان کی bodies کو display کرنا چاہیے تھا، اگر display نہیں کیں اور کسی وجہ سے ان کو دفن کر دیا تو ان کے particulars دیں، .let us go and find out مطلب ہے کہ ہوا میں باتیں نہ کریں۔ خدا کے لیے پاکستان کو بدنام نہ کریں۔ We have two serious issues to deal with, this is a nuclear country, this is a missile power country, they will never like this country to stand-alone economically viable ہوں۔ ابھی میرا بھائی کہہ رہا ہے اور ہمیں معیشت کا اور سب بتا رہا ہے کہ یہ چیزیں ہونی چاہئیں کہ اتنے لوگ چلے گئے ہیں۔ یہ 12 لاکھ لوگ کیوں گئے، یہ 12 لاکھ لوگ 2017 میں ٹھیک تھے۔ یہ ملک 24th بین الاقوامی معیشت بن چکا تھا، اس ملک میں مہنگائی 4% سے کم تھی، food inflation 2% تھی، Stock Market South Asia کی best in the world 5th تھی، اس کی GPD growth بہترین 6% تھی، اس کے Foreign Exchange highest تھے، اس کا روپیہ stable تھا۔ میں

نے 2018-22 میں لا کر 57th economy نہیں کرایا۔ آپ اپنی introspection کریں کہ کیا وجوہات تھیں، COVID is the one but COVID is not everything. اس ملک کو 2018 میں unstable کر کے ، خدا کے لیے سوچیں اور تمام political parties سوچیں، ان کو اکٹھا ہو کر اس ملک کو آگے لے کر جانا پڑے گا۔ اگر کوئی rogue elements ہیں کسی بھی جماعت میں ہیں۔ میری جماعت میں ہیں ان کی جماعت میں ہیں کسی اور جماعت میں ہیں ان کو نکالنا پڑے گا ان کالی بھیڑوں کو اور ملک کو آگے لے کر جانا پڑے گا۔ اللہ تعالیٰ نے اس ملک کو ہر چیز دی ہوئی ہے۔ 130 ارب ڈالر کے external debt اور ادائیگیاں ہیں اس کو بدنام کیا جاتا ہے کہ debt trapped country ہے یہ ہے وہ ہے۔ کوئی اُٹھ کر کھڑا نہیں ہوتا کہ 10 ہزار ارب ڈالر کے اس ملک کو اللہ تعالیٰ نے bless کیا ہوا ہے with mines, minerals, granite, hydrocarbon and stones خدا کے لیے اور کیا projection تھی وہ میں نے تو نہیں کی ابھی آپ گوگل کریں۔

پاکستان کو یہ کہا جا رہا تھا the way Pakistan took off between 2013 & 2017. This country is going to be part of G-20 very soon and not later than 2030 جناب پریذائیڈنگ آفیسر 2030 they said it got to happen ہم نے کیسے اپنے پاؤں میں خود کلہاڑا مارا وہ جو اپنی political instability ہوتی ہے اس ملک میں trigger کی گئی fraud کیا گیا اور ہر قسم کے tools استعمال کیے گئے ملک میں افراتفری کر دی گئی۔ میں نے تو اس وقت بھی کہا تھا دیکھئے ہمیں external account اور foreign currency میں اتنا خرچ کرنا چاہیے جو ہم afford کر سکتے ہیں۔ ہم اتنی liability create کریں جو ہم pay کر سکتے ہیں۔ میں آج بھی اس کا داعی ہوں۔

میں نے اس لڑائی میں پانچ سال کا exile کاٹا ہے۔ مجھے کوئی regret نہیں ہے میں نے ملک کے لیے کیا ہے اور آج ثابت کر سکتا ہوں ایک ایک پائی کے ساتھ کہ آپ لوگوں نے 2018-22 میں غلط کیا اگر آپ نہ کرتے تو پاکستان بھکاریوں کی طرح 12 billion dollar دوسرے ملکوں سے نہ لاتا۔ آئیں کوئی I challenge anybody and everyone کسی بھی

سیکٹر سے ہوں لیکن میں کس کے لیے بات کر رہا ہوں، پاکستان کے لیے کر رہا ہوں۔ آپ بھی پاکستانی ہیں ہم بھی پاکستانی ہیں۔

خدا کے لیے اس کو ہم اس طرح کریں کہ مل کر جو پاکستان کی ترقی کا پہیہ ہے جو پاکستان کو آگے لے کر جانا ہے اس کے لیے جو چیزیں چاہیں وہ کریں۔ جو ہمارے اندر چاہے جو بھی پارٹی ہو rogue elements ہوں وہ نکالیں جن کا کام ہی یہی ہے کہ ملک میں افراتفری، دوسرے اداروں سے مل کر intrigues اور political conspiracies کرتیں اور ملک میں وہی کرنا جو ہوا تو ہم کئی cycles گزار چکے ہیں۔ ہم unfortunately 24 ویں سے 47 ویں معیشت میں پہنچ چکے ہیں۔ it is a long journey to cross Mr. Presiding Officer, it's not easy لیکن مل کر کریں گے تو ہو جائے گا اور کچھ نہیں تو دس سال کے لیے ایسی petty politics کو سارے دفن کر دو اور کہو کہ نہیں ملک کے لیے جو ٹھیک ہوگا چاہے کیسے بھی ہو ہم کریں گے۔ undertake اکہ میں ان شاءاللہ ایسی کوئی بھی move ہو اپنی پارٹی کی طرف سے support کرنے والا پہلا بندہ ہوں گا۔

دیکھیں بات یہ ہے کہ اگر certificate نہیں ملا تو یہ دے دیں ہم اس کو بالکل دیکھتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ پاکستانی لوگ ہیں بیرونی نہیں، بیرونی ہیں۔ آپ اگر چاہیں گے تو اس کی list public کر دی جائے گی۔ میں اداروں سے درخواست کروں گا، کم از کم تین درجن سے زیادہ افغانی نیشنل تھے اور وہ اس وقت جیل میں ہیں۔ یہ کوئی چھپی چھپائی بات نہیں ہے۔ ان میں سے کئی لوگوں نے بتایا کہ ہم کو اس کام کے لیے دیہاڑی میں بلایا گیا تھا اور ہراول دستہ تھا سب سے پہلے وہ تھے جو container پر چڑھے ہوئے تھے، لیڈران پیچھے چوک میں تھے۔ اسی وجہ سے کیا ہوا میں تو موقع پر نہیں تھا لیکن جو اطلاع دی گئی کہ live ammunition نہیں دیا گیا اور direct firing کی اجازت نہیں تھی، front میں پولیس تھی پھر rangers تھی اس کے بعد third line پر Law Minister sahib نے Article 245 اس رات کو invoke کروایا through circulation of the Cabinet تو اس کے نتیجے میں فوج deploy ہوئی۔ اس کا کام تھا جو main key installation including this building اس کی حفاظت کرنا۔ کیونکہ please نہ بھولیں انہوں نے کہا کہ ہم تو peaceful کرتے ہیں کہ ہم

نے سپریم کورٹ پر حملہ نہیں کیا لیکن یہ بھول گئے ہیں کہ شلواریں سپریم کورٹ کے باہر کس نے لٹکائی تھیں اور یہ بھول گئے ہیں کہ پارلیمنٹ کے اندر پورے Lawn پر کس نے قبضہ کیا تھا، یہ بھول گئے ہیں کہ PTV پر جا کر کیا کیا تھا۔

میں نہیں چاہتا کہ اب میں پرانی باتیں کروں اس وقت تو یہ ایوان میں نہیں تھے۔ I think Shibli sahib نہیں تھے لیکن I am sure, he is well informed ماشاءاللہ ان کو ہر چیز کا پتا ہوتا ہے میں گزارش یہ کر رہا ہوں کہ جو ہوا ہے وہ what goes around comes around والی بات ہے لیکن اس حکومت کی حتی الامکان کوشش ہے کہ ہماری طرف سے intentional or non-intentional کوئی غلطی ایسی نہ ہو جس کا کل ہم اللہ کو جواب نہ دے سکیں۔ دیکھیں خدانخواستہ اگر ایک بھی جان ضائع ہوئی ہے تو حکومت وقت جواب دہ ہے اور اس کو اتنا پروپیگنڈا کر دیا گیا ہے I must compliment one thing they have the great skill is the use of social media, fake news کی ماسٹر ان کی ٹیمیں ہیں۔

پچھلے سال جب میں Finance Minister تھا، Shahzaib khanzada کے ساتھ میرا ایک interview ہوا اس نے ٹویٹ کی اسی ٹویٹ کو لے کر ایک sentence آخر میں add کرتے ہیں باقی factual تھی۔ میں نے یہ کہا کہ اگر ہمیں ایٹمی اثاثے بیچنے بھی پڑے تو کیا فرق پڑتا ہے ہم بیچ دیں گے او خدا کے لیے یار میں تو دہائیوں سے 1992 سے اس میں involve ہوں، ملک کا دفاع ہے تو ہم ہیں ورنہ جو حالات ہیں۔ Arab Spring کے بعد باری باری اب Syria پر پہنچ گیا دیکھیں آناً فاناً کیا ہوا آپ لیبیا، عراق، یمن، سوڈان، سومالیہ کو دیکھ لیں اب شام کی باری آ گئی۔ we have to be united اور اس کا ایک ہی حل ہے جناب پریذائیڈنگ آفیسر، اور وہ یہ ہے کہ آپ کو، اور دنیا کو اسی سے irritation ہے کہ آپ ایک نیوکلیر قوت ہیں آپ ایک میزائلی قوت ہیں۔ میں ان meetings میں بیٹھتا رہا ہوں ان restricted meetings میں with Mian Muhammad Nawaz Sharif sahib مجھے پتا ہے ان کی wish list کیا ہے۔ تو کیا ہم چاہتے ہیں کہ ملک کو اتنا کمزور کر دیں کہ پھر وہ آ کر آپ کو dictate کرکے وہ کام کروائیں۔ I have no doubt certain powers wanted Pakistan to default, I was Finance

Minister every time I was confronted with this question yin this House, other House or publically. I said x, ہو یا نہ ہو میں نے اداروں کے نام لیے Pakistan ان شاءاللہ will not default اور جو میں نے کہا تھا کہ 7 billion current account deficit نہیں 4 billion ہوگا وہ 3.3 پر بند ہوا۔ بات یہ ہے کہ we should have faith اللہ تعالیٰ کی ذات پر and work together جس دن آپ G-20 شامل ہو جاتے ہیں میں ان کو salute کرتا اگر یہ 24 سے 23 پر لے جاتے، 22 پر لے جاتے 21 پر لے جاتے اور پھر handover کرتے اگر ہم 47 پر چلے گئے ہیں .seen the journey you have to trade to cross Mr Presiding Officer. تو بات یہ ہے کہ جیسے انہوں نے کہا بیرونی نہیں ہیں، بیرونی ہیں اور وہ ہراول دستہ میں تھے اور ان کا کام ہی یہی تھا they were engaged for this purpose کہ آپ نے ان کو push کرنا ہے، یہ کیوں چار rangers مرے ہیں۔ they could have opened the file تو بات یہ ہے کہ they were not allowed جو government کو briefing دی گئی ہے اس کے مطابق ہوائی firing ضرور ہوئی ہے چونکہ اس ایریا میں light نہیں تھی I was not there شاید شبلی بھائی کو زیادہ پتا ہو، اور جو بھگڈر مچی ہے، لیڈرشپ بھگوڑے ہوئے ہیں، بھاگے ہیں جس کے clips social media پر موجود ہیں that actually created all this mess ورنہ اگر آرام سے واپس بھی جاتے تو یہ mess نہیں ہونا تھا۔ اگر کوئی زخمی ہوئے ہیں اس طرح کا مسئلہ ہے تو میں سمجھتا ہوں اس کی verification ضرور ہونی چاہیے۔ انہوں نے فرمایا کہ ہم کسی قسم کے القابات نہیں دیتے اور Prime Minister Shahbaz Sharif sahib نے کہا کہ ہم کسی کو نہیں چھوڑیں گے again I am forced to say کاش یہ چیزیں کم کہتے۔ کس نے کہا تھا کہ میں رانا ثنااللہ کو مونچھوں سے پکڑ کر کھینچوں گا، کس نے کہا تھا؟ آپ کے لیڈر نے کہا تھا۔ آپ کے لیڈر ہیں میرے تو پرانے دوست ہیں۔ میں تو 35-30 سال سے جانتا ہوں۔ وہ میرے آفس میں آیا کرتے تھے۔

لیکن ایک اصول اور سچی بات کو کہنا، اچھا میں تو نہیں کہہ رہا۔ آپ clips نکلوا کر دیکھ لیں پچاس لوگ آپ کو clips نکال کر دے دیں گے۔ کس نے کہا تھا کہ نواز شریف کا جا کر فریج اور air conditioner اتاروں گا۔ آپ ایک دوسرے ملک میں گئے ہیں you are representing the nation پاکستانی قوم اور ادھر جا کر آپ public gathering میں جا کر کہہ رہے ہیں، کیا یہ اچھا لگتا ہے؟ be magnanimous میں تو اپنی بات نہیں کروں گا میرے گھر کے ساتھ کیا کیا تھا۔ it is still under repair ایک ایک چیز چوری کی ہے۔ door lock تک نہیں چھوڑے تمام چیزیں اتار کر اس کے بعد auction کی اور High Court نے stay دیا اور پھر old people home کے نام پر پناہ گاہ بنا دی، اس پر پھر stay ہوا۔ میں اس کا ذکر نہیں کرنا چاہتا، میں ذاتی کوئی بات نہیں کرنا چاہتا۔ I can count کتنے losses مجھے ہوئے لیکن this is not fair, we are talking Pakistan. we will talk Pakistan تو اسی طرح انہوں نے فرمایا کہ 12 لاکھ والی بات کی ہے بالکل NAB Chairman نے کہا ہے تو 12 لاکھ لوگ کیوں گئے ہیں؟ ہمیں اس کو مل کر روکنا چاہیے۔ یہ دو چیزیں ہیں ایک تو یہ ہے ملک کی افراتفری obviously does not help اوپر سے inflation جو آسمان پر چلی گئی لوگوں کا جینا محال ہو گیا تو وہ ایک frustration تھی کیونکہ last year جیسے میں نے کہا کہ شاید کچھ قوتوں کی یہ خواہش تھی کہ پاکستان default کرے۔ شاید کچھ قوتوں کی خواہش تھی کہ پاکستان سری لنکا بنے، شاید کچھ قوتوں کی یہ خواہش تھی کہ یہاں لوگ دست و گریباں ہوں اور یہاں آ کر انہوں نے اپنا agenda جو پچھلی دہائی سے زیادہ چل رہا ہے وہ آپ سے negotiate کرنا تھا۔ میں نے جانے سے پہلے June, 2023 کا جو بجٹ بنایا تو میں نے ان سب کو بلایا، میں نے یہ federation کو بھی بلایا اور میری ہمیشہ سے یہ practice رہی ہے کہ میں ان کو engage کر کے ان کی بات سنتا ہوں اور کئی دفعہ آپ کو پتا نہیں ہوتا کہ کیا wisdom ہو اور آپ کوئی suggestion دیں۔ جو آتا تھا وہ کہتا تھا کہ ہم سوچ رہے ہیں کہ اپنا کاروبار بیچ کر ملک سے باہر چلے جائیں، یہاں اتنی مہنگائی ہے، جتنے طوفان ہیں، یہ ہے، وہ ہے۔ میں کہتا تھا کہ main مسئلہ کیا ہے؟ وہ کہتے کہ debt trap ملک ہو گیا ہے۔ باہر کی قوتیں ہمارے لوگوں کے منہ میں یہ چیز ڈالتی ہیں اور پھر ہم اسی کو دہراتے ہیں۔ میں نے کہا

خدا کا خوف کریں کتنا debt ہے آپ لوگوں کو پتا ہے؟ 130 billion debt and liabilities, جس میں سے 100 billion debt ہے اور liabilities 30 billion کی ہیں تو obviously روپے تو دیں گے وہ ادارے اور کمپنیاں لیکن اسٹیٹ بینک کو اس کا foreign exchange نہیں دینا تو اسے 130 billion لے لیتے ہیں۔ میں نے کہا کہ دس ہزار ارب روپےکے قدرتی وسائل سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو نوازا ہوا ہے، we should sit together and streamline. سب سے بڑی ہماری غلطی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ان assets کو کوئی بھی جماعت streamline نہیں کر سکی۔ بہت خوشی ہوئی تھی کہ offshore گیس نکل آئی ہے، عمران خان نے آ کر عوام کو بتایا اور ہم بھی بہت خوش ہوئے کہ شکر ہے، کہتے ہیں کہ Pakistan is the fourth largest reserves of the gas جو کہ سمندر میں ہے اور یہ ایک بین الاقوامی offshore report ہے۔ بات یہ ہے کہ ہم ہر وقت احتجاج کی سیاست کریں اور احتجاج کرنا ہے تو ایک جگہ مقرر کر لیں ہمارے لیے بھی وہ apply ہو گی آپ کے لیے بھی وہی ہو گی۔ وہاں hide park corner ہے، ہم سب جا کر وہاں تقاریر سنتے رہے ہیں، جو وہاں کہنا کہلانا ہے، میں لفظ 'بکنا' استعمال نہیں کرتا، وہ آپ کر لیں۔ وہاں Queen کو بھی کہہ رہے ہوتے ہیں، ہر ایک کو کہہ رہے ہوتے ہیں، وہ ایک مخصوص جگہ ہے۔ آپ سنگجانی کو بنا لیں، آپ بھی وہاں جائیں اور خدانخواستہ ہم آپ کی جگہ ہوں گے تو ہم بھی وہاں جا کر یہی کام کیا کریں گے لیکن یہ چھوڑ دیں کہ ملک میں کوئی سربراہ آ رہا ہے، ملک میں کوئی کام ہونے لگا ہو تو ہم اس کو derail کریں، نہ ملک کے لیے اچھا ہے، نہ ان کے لیے اچھا ہے، نہ میرے لیے اچھا ہے اور نہ کسی اور کے لیے اچھا ہے۔ Let's agree تو پھر وہ سب کے لیے ہوگا۔

جناب والا! بھائی نے فرمایا کہ as a Leader of the Opposition ان کی تقریر نہیں دکھائی جا رہی ہو گی، میرے علم میں نہیں کیونکہ میں نہیں دیکھ رہا تھا، اگر نہیں دکھائی جا رہی تو اس میں اتنا پریشان ہونے کی کیا بات ہے؟ جب میاں شہباز شریف قائد حزب اختلاف تھے کئی مرتبہ ان کی تقریر نہیں دکھائی گئی۔ وہ جو خط آتے تھے اتنا نیچے جانے کی کسی کو بھی ضرورت نہیں ہے، چاہے وہ شہباز شریف صاحب وزیر اعظم ہوں یا چاہے عمران خان ہو یا کوئی اور ہو، خط جو ان کو لکھا جاتا تھا جو constitutional obligation ہے consultation with the

اس کے اوپر ان کا نام نہیں لکھا جاتا تھا اس سے اور زیادہ کیا Leader of the Opposition
ہم نے اپنے اخلاق کو نیچے لے کر جانا ہے۔ In the last few years اس سارے
process میں سب سے زیادہ نقصان یہ ہوا ہے کہ ہم نے اپنی نوجوان نسل کی اخلاقیات کا بیڑا غرق
کر دیا ہے؟ I do not know how to repair it توں تڑاں سے بات کرتے ہیں، اپنے
بڑوں کے لیے تمیز نہیں ہے. and I have observed this thing ہم اس کے لیے
بیٹھ کر سوچیں کہ کیسے repair کرنا ہے، چھوڑیں یہ کس کی وجہ سے ہوا۔ جب تک ہم ان چیزوں
کے اوپر ایک دوسرے کے ساتھ کوئی راستہ نہیں نکالیں گے میں سمجھتا ہوں کہ یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا۔

ابھی انہوں نے پشتونوں والی بات کی، پشتون ہمیں اتنے عزیز ہیں، یہ میرا بھتیجا بیٹھا ہوا ہے
ہمارے لیے قابل احترام ہیں، اسی طرح پنجابی ہیں، اسی طرح سندھی ہیں، اسی طرح بلوچی ہیں، نہ
ہمیں اور نہ ہی ان کو یہ ایک نیا زہر پھیلانا چاہیے۔ یہ بات مت کریں کہ پشتون ہیں، کون ہیں، ہم سب
پاکستانی ہیں، ہم سب بہن بھائی ہیں۔ جو چار رینجرز اور پولیس والے مرے ہیں، ان میں دو پشتون
ہیں، ایک سندھی ہے اور دو پنجابی ہیں۔ پنجاب، پشتون، یہ بات نہیں ہے this is only a
handful of people جو یہ کام کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ چلیں انہوں نے اگر یہ ایک
کشتال پسند راستہ اپنایا ہے تو یہ saner element جو ان کی جماعت میں ہے، یہ بیٹھے ہوئے ہیں،
علی ظفر صاحب ہیں یہ وزیر صاحب ہیں، یہ سب saner element کے طور پر گنے جاتے ہیں،
ان کو چاہیے، چلیں ہمیں جو مرضی تقریر کرکے ادھر پیغام دے دیں لیکن in-House ضرور ان کو
convince کریں کہ یہ معاملہ نہیں چل سکتا، اگر پاکستان کو چلانا ہے تو
we have to work together and work with honesty for purpose.

جناب والا! میں ان کو assure کرتا ہوں ہمیں وہ share کر دیں، اگر ان کے پاس
ایسی کوئی solid information ہے کسی سے نہ لیں پہلے خود verify کر لیں، دیکھیں اگر 'X'
آدمی ہے اور claim ہے کہ وہ مارا گیا ہے تو 'y' جگہ پر رہتا ہے، فلاں صوبہ ہے تو confirm
کر لیں اور پھر ہمیں دیں، ان شاء اللہ. we will totally assist them میں سمجھتا ہوں
کہ میں نے پوری کوشش کی ہے کہ محترم قائد حزب اختلاف نے جو points raise کیے ہیں، ان
کو میں handle کروں۔ میری جاتے جاتے ایک اور گزارش ہے کہ foreign countries

میں ان کی جماعت کے چاہنے والے جو کر رہے ہیں یا جو کروا رہے ہیں it is not desirable آپ اپنی security agencies کے سربراہان کی تصویریں لگاتے ہیں، آپ van hire کرتے ہیں، کون وہاں پر van hire نہیں کر سکتا ؟ Please اتنا نہ کریں۔ Defence Minister جو underground میں سفر کر رہے ہیں، یہ اچھا ہے اور it should be appreciated, اس کو threat کر رہے ہیں کہ ہم تمھیں چاقو مار دیں گے یہ تو چھپی چیزیں نہیں ہیں۔ خدا کے لیے جہاں اخلاقیات کا جنازہ نکلا ہے، اس کو دیکھنا ہے، سنبھالنا ہے اسی طرح جو ان کا diaspora باہر ہے، ان کو نہیں پتا کہ سو بندے مرے ہیں یا دو مرے ہیں، خدانخواستہ جو اس دن مرے ہیں، ان کو please mislead نہ کریں، it is not going to help anybody, یہ سب کا پاکستان ہے آپ کا بھی اتنا ہی ہے جتنا میرا ہے یا کسی اور کا ہے۔ آئیں مل کر اس کو اس بھنور سے نکالیں اور economic بھنور سے سب سے پہلے نکالیں تاکہ you have the stability, آپ کا ملک بھکاری بننا بند ہو جائے اور پھر ہم عوام کی بہتری کے لیے جو کچھ کر سکتے ہیں، وہ کریں۔ ہم کچھ چیزیں طے کر لیں۔

Charter of Democracy کوئی بہت پرانی story نہیں ہے۔ اس نے اس ملک میں جمہوریت کو کم از کم دس سال چلایا، I am one of the four authors میں سے ہوں، پہلے one of the two, former Chairman Senate Raza Rabbani اور میں بنا رہے تھے، اس کے بعد پیپلز پارٹی نے صفدر عباسی صاحب کو add کیا، ہم نے احسن اقبال صاحب کو شامل کیا۔ یہ کام 2002 میں شروع ہوا اور 2006 میں جا کر culminate ہوا۔ اس کے بعد ان دونوں نے sign کیے، تمام جماعتیں لندن آئیں، ان میں عمران خان صاحب بھی موجود تھے اور انہوں نے بھی اس پر sign کیے تھے۔ آئیں! کچھ ایسی چیزیں ہیں جنہیں ہم مل کر سکتے ہیں، انہیں کریں لیکن اگر یہ ہے کہ جب تک ہماری بات نہیں مانی جائے گی تو آگے کچھ نہیں ہو گا تو پھر یہ بہت مشکل سا راستہ ہے جسے میرے خیال میں کسی کو بھی اپنانا نہیں چاہیے۔ بہت شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Thank you very much, Leader of the House and I do appreciate that Opposition

نے بڑی توجہ سے اور بڑے انہماک سے گفتگو سنی جیسے شبلی فراز صاحب کی گفتگو سنی گئی، بہت اچھا ماحول رہا۔ I have a long list from the both sides, I think this discussion may continue tomorrow also. یہ بہت اہم معاملہ ہے، اس پر دونوں اطراف سے بہت سارے لوگ بات کرنا چاہتے ہیں۔

**(مداخلت)**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کل بات کریں گے اور کل آپ سے گفتگو کا آغاز کریں گے۔ The House stands adjourned to meet again on Thursday, the 12th December, 2024 at 4:00 pm.

-----------

*[The House was then adjourned to meet again on Thursday, the 12th December, 2024 at 4:00 pm]*

-----------